شجرة الاساتذة

فی اسانید

القراءات العشر المتواترة

تالیف

حضرت صاحب الفضیلة الأستاذ الجلیل

المقری اظهار احمد التهانوی

تکمیل و ترتیب

أستاذُ القراء والمجودین الشیخ القاری

المقری محمد ادریس العاصم مدظلہ

قرائت اکیڈمی ®
لاهور

شجرة الأساتذة

فی اسانید

القراءات العشر المتواترة

تالیف

حضرت صاحب الفضیلۃ الأستاذ الجلیل

المقری إظہار احمد التھانوی

تکمیل و ترتیب

أستاذ القراء والمجودین الشیخ القاری

المقری محمد إدریس العاصم مدظلہ

قراءت اکیڈمی ®

28- الفضل مارکیٹ 17- اردو بازار لاہور

Ph.: 042 - 712 24 23
Mob: 0300 - 4785910

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتباہ

لیگل ایڈوائزر: شفیق احمد چاولہ۔ ایم۔ اے ایل ایل بی ایڈووکیٹ لاہور ہائی کورٹ

نام کتاب ------ شجرۃ الاساتذہ فی اسانید القراءات العشر المتواترہ
تالیف ------ اظہار احمد تھانویؒ
طابع وناشر ------ قرآءت اکیڈمی (رجسٹرڈ) لاہور
کمپوزنگ و ------ یونیک گرافکس۔ الفضل مارکیٹ
سرورق ڈیزائن ------ اردو بازار لاہور۔ 0300-42 40 141

عرض ناشر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین الصلوۃ و السلام علی سید الانبیاء و المرسلین و علی الہ و اصحابہ اجمعین.

اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل وکرم سے قبلہ والد صاحب استاذ القراء والمجودین حضرت قاری مقری اظہار احمد التھانوی نور اللہ مرقدہ کی اپنے موضوع کے لحاظ سے ندرت کی حامل کتاب ''شجرۃ الاساتذہ فی اسانید القراءات العشر المتواترۃ'' زیور طباعت سے آراستہ ہو کر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ قبلہ والد صاحب نور اللہ مرقدہ اس کے معتد بہ حصے پر کام کر چکے تھے کہ اللہ وحدہ لاشریک کے حضور حاضر ہو گئے۔ کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَام کا قانون اٹل ہے۔

حضرت قبلہ والد صاحبؒ کی وفات کے بعد نامکمل کتب کو مکمل کروا کر حُلہ طباعت سے آراستہ وپیراستہ کرنے کا بیڑا اس کمترین نے اٹھایا۔ ناشکر گزاری اور ناسپاسی ہو گی اگر اس اہم کام میں میرا دست و بازو بلکہ حقیقی طور پر کام کرنے والے اپنے دو محسنوں کے نام ذکر نہ کروں یعنی برادرم قاری مقری محمد ادریس العاصم دامت برکاتہم اور برادر عزیز قاری نجم الصبیح التھانوی سلمہ۔

اس سلسلے میں اب تک امام شاطبیؒ کی عقیلہ کی شرح ''ایضاح المقاصد'' کو برادرم قاری محمد ادریس العاصم دامت برکاتہم نے مکمل کیا اور امام القراء حضرت قاری مقری عبدالمالک صاحبؒ کی شاطبیہ کی عربی شرح ''تشریح المعانی'' کے عربی حواشی جو حضرت قبلہ والد صاحبؒ نے تحریر فرمائے تھے اور اسی طرح تجوید کی معروف کتاب ''الرشد فی مسائل التجوید والوقف'' پر عزیزم قاری نجم الصبیح التھانوی سلمہ نے کام کیا۔

قبلہ والد صاحبؒ کے دیگر کام بھی ان شاء اللہ اسی طرح تکمیل وتبویب سے آراستہ کروا کر

پیش کرتا رہوں گا۔ اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے اور قبول فرمائے۔

سردست حضرت قبلہ والد صاحبؒ کی اسناد سے متعلق یہ کتاب جو نامکمل رہ گئی تھی برادرم حضرت قاری مقری محمد ادریس العاصم صاحب سے مکمل کروا کر پیش کر رہا ہوں۔

آئندہ کے پروگرام میں حضرت قبلہ والد صاحبؒ کی پرانی والی شرح شاطبیہ افضل الدرر شرح رائیہ کے عربی حواشی اور الشیخ عبدالفتاح القاضی المصریؒ کی مشہور تصنیف ''تاریخ المصحف الشریف'' کا ترجمہ و حواشی پیش کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کرتا ہوں کہ وہ ہمیں قرآن اور تجوید و قرآءت کے فروغ میں مصروف عمل رکھے۔

واخر دعوانا ان الحمد لله رب العلمين وصلى الله تعالىٰ على خير خلقه محمد و على اله و اصحابه اجمعين۔

خیر اندیش و طالب دعا

عزیر احمد التھانوی

مدیر قرآءت اکیڈمی (رجسٹرڈ) لاہور

۵ مئی ۲۰۰۵

بروز جمعرات

تمنن وتشکر

الحمد لله الرحیم الرحمن، الذی علم القرآن، خلق الانسان، علمہ البیان و اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریك لہ الملك الدیان، و اشھد ان سیدنا و نبینا محمداً عبدہ و رسولہ سید ولد عدنان، صلی اللہ علیہ و علی الہ و اصحابہ و من تبعھم باحسان، صلوۃً و سلاماً تامّین اکملین ما تعاقب الجدیدان.

امابعد! اللہ تعالیٰ کا بے پناہ شکر و احسان ہے کہ اس نے اپنے فضل و کرم سے راقم السطور کو اپنے شیخ اپنے مربی استاذ القراء والمجودین حضرت القاری المقری اظہار احمد التھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی اس کتاب کی تکمیل وضروری حواشی کی توفیق بخشی۔ حضرت شیخ نے ۱۰ جمادی الثانی ۱۴۱۲ھ مطابق ۱۷دسمبر ۱۹۹۱ء بروز منگل اس دارفانی کو خیر باد کہا۔

حضرت شیخؒ کا امتیازی وصف تصنیف وتالیف میں یہ تھا کہ جس موضوع کو بھی احاطہ تحریر میں لاکر لکھنا شروع فرماتے اس میں اپنا ایک منفرد اور یکسر اچھوتا انداز پیش کرتے۔ زبان وادب پر مضبوط گرفت، اردو، عربی اور فارسی شعروادب پر مکمل دسترس کتاب کے انداز تحریر میں سونے پر سہاگہ ہوتیں۔

علوم حدیث میں فن رجال پر تو بیش بہا کام ہوا ہے مگر تجوید وقرآءت کے علوم بھی جو صحیح اور متواتر اسناد سے آنحضرت ﷺ سے منقول ومنصوص ہیں ان کی اسناد پر قابل قدر کام کی کافی حد تک کمی ہے۔ اس سلسلے میں مطبوع کوششوں میں امام قراءات علامہ ابوعمرو عثمان بن سعید الدانیؒ م ۴۴۴ھ کی "التیسیر فی القراءات السبع" ہے جس میں امام موصوفؒ نے اپنی اسناد سبع قراءات کا بیان کیا ہے۔

اس کے بعد حافظ الحدیث والقراءات شمس الدین ابوالخیر محمد بن محمد بن محمد بن علی بن یوسف الجزری م ۸۳۳ھ نے اپنی مایہ ناز تصنیف "النشر فی القراءات العشر" میں بیش بہا کام کیا ہے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ شیخ موصوف کے اس عظیم الشان عالی مرتبت کام سے ناقدین تجوید و

قرآءات کے دندان شکن جوابات دینے کا بہت بڑا سرمایہ امت کے پاس محفوظ ہوا ہے۔

اس کے علاوہ اسناد کا تذکرہ درج ذیل کتب میں بھی ملتا ہے:

(۱) ''المبسوط فی القراءات العشر'' لابی بکر احمد بن الحسین بن مہران الاصبہانیؒ (۲۹۵ھ۔ ۳۸۱ھ)

(۲) ''کتاب السبعۃ فی القراءات'' لابی بکر بن احمد بن موسیٰ بن عباس بن مجاہدؒ (۳۲۴ھ)

(۳) ''التذکرہ فی القراءات الثمان'' للامام ابی الحسن طاہر بن عبدالمنعم بن غلبون المقریؒ (۳۹۹ھ)

(۴) ''التبصرہ فی القراءات السبع'' للامام المقری ابی محمد مکی بن ابی طالب القیسیؒ (۴۳۷ھ)

(۵) ''کتاب ارشاد المبتدی وتذکرۃ المنتہی فی القراءات العشر'' للامام المقری ابی العز محمد بن الحسین بن بندار الواسطی القلانسیؒ (۵۲۱ھ)

(۶) ''الاقناع فی القراءات السبع'' للامام الشیخ ابی جعفر احمد بن علی بن احمد بن خلف الانصاریؒ (۵۴۹ھ)

(۷) ''غایۃ الاختصار فی قراءات العشرۃ ائمۃ الامصار'' للامام المقری الحافظ ابی العلاء الحسن بن احمد بن الحسن الہمدانی العطار'' (۵۶۹ھ)

(۸) ''الکتاب الموضح فی وجوہ القراءات وعللہا'' للامام نصر بن علی بن محمد ابی عبداللہ الشیرازی الفارسی النحوی المعروف ابن ابی مریمؒ (۵۶۵ھ)

(۹) ''فتح الوصید شرح القصید'' للشیخ السخاویؒ (۶۴۳ھ) شیخ موصوف نے اپنی اس شرح شاطبیہ میں علامہ شاطبیؒ کی وہ اسناد ذکر کی ہیں جو علامہ شاطبیؒ کو ان کے دو شیوخ قرآءت نے عطاء کی۔ اسناد مذکورہ کی اہمیت کی پیش نظر یہ اسناد ہم اپنی کتاب میں نقل کر رہے ہیں۔

(۱۰) ''الکنز فی القراءات العشر'' للامام الشیخ عبداللہ بن عبدالمومن بن الوجیہ الواسطیؒ (۷۴۰ھ)

(۱۱) ''المكرر فيما تواتر من القراءات السبع وتحرر'' للامام ابی حفص عمر بن قاسم بن المصری الانصاری المعروف بالنشار'' جو نویں صدی ہجری کے علماء قراءات میں ہوئے ہیں۔ ان تمام مؤلفین کرام نے بھی اپنی کتب میں اسناد ذکر کی ہیں بعض حضرات نے مختصراً اور بعض نے خوب تفصیلی کام کیا ہے۔

بعد کے آنے والوں میں اس موضوع پر کام کرنے والوں میں خاتمة المحققین الشیخ محمد بن احمد بن الحسن بن سلیمان المعروف متولی شافعی ازہری مصری'' م ۱۳۱۳ھ اور ماضی قریب کے محقق عظیم الشیخ علی محمد الضباع المصری الازہری الشافعی'' کے نام نمایاں ہیں مگر ان دونوں حضرات کا کام مخطوط ہی ہے منصہ شہود پر نہ آسکا۔

ایک مختصر کام ''الرسالة الترمسية فی اسناد القراءات العشرية'' الشیخ محمد محفوظ بن عبداللہ الترمسی'' کا ۱۳۳۰ھ میں بھی ہوا ہے۔ راقم کے پاس اس کا نسخہ محفوظ ہے۔ شیخ موصوف نے اسناد پر ایک تفصیلی کام ''کفایة المستفید فیما علامن الاسانید'' کے نام سے بھی کیا ہے۔ مگر افسوس یہ نایاب ہے۔

اس کے علاوہ میرے عظیم المرتبت شیخ القاری المقری عبدالفتاح سید العجمی المرصفی'' نے اپنی شاندار تصنیف ''ہدایة القاری الی تجوید کلام الباری'' میں بھی اپنی اسناد کو کتاب مذکور میں بیان کیا ہے۔

اس کے علاوہ ایک مختصر کام ''قواعد التجوید علی روایة حفص عن عاصم بن ابی النجود'' میں شیخ ابو عاصم عبدالعزیز بن عبدالفتاح القاری سابق عمید کلیة القرآن الکریم والدراسات الاسلامیة جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ نے کیا ہے۔

ایک بہت عمدہ اور تحقیقی کام الدکتور ابراہیم بن سعید بن حمد الدوسری نے اپنے مقالہ ''الامام المتولی وجهوده فی علم القراءات'' ۱۹۹۹ء/۱۴۲۰ھ میں کیا ہے۔ جس میں اسناد کا بیان بہت عمدہ اور دلنشین انداز میں کیا گیا ہے۔ (مطبوعہ مکتبة الرشد الریاض)

نیز زمانہ حال کے استاذ عظیم الشیخ تمیم الزعبی مدظلہ نے اپنے مطبوعہ متون الشاطبیہ۔ الدرہ اور الطیبہ میں بھی اپنی اسناد کو بڑی وضاحت سے بیان کیا ہے۔

برصغیر پاک وہند میں اس منفرد اور اچھوتے موضوع پر دو کاوشیں نظر آتی ہیں:

(۱) حکیم الامت حضرت مولانا قاری اشرف علی صاحب تھانویؒ م ۱۳۶۲ھ نے اپنی سبع قراءات کی کتاب ''الوجوہ المثانی'' سے ملحق ایک مختصر رسالہ میں اپنے تمام علوم کی اسناد کا مختصر بیان کیا ہے۔ دیگر علوم کے ہمراہ حضرت تھانویؒ نے اپنی تجوید کی سند بھی اس میں بیان فرمائی ہے۔ افسوس الوجوہ المثانی بھی گم گشتہ خزانہ ہے اور نایاب ہے۔ راقم کے پاس الحمدللہ موجود ہے۔

(۲) شیخ القراء والمجودین القاری المقری ابو محمد محی الاسلام صاحب عثمانی پانی پتیؒ م ۱۳۷۲ھ کی نہایت معلومات افزاء کتاب ''شجرہ سبع قراءات'' جس میں شیخ موصوف نے نہایت وضاحت سے اپنی اسناد کو بیان فرمایا ہے اور سبع قراءات متواترہ کی اسناد کو آنحضرت ﷺ تک بیان فرمایا ہے۔ مگر جیسا کہ نام سے بھی ظاہر ہے کہ یہ کتاب صرف سبع قراءات کی اسناد کے بیان پر مشتمل ہے۔

اس کے علاوہ مختصر طور پر اپنی اسناد کا بیان درج ذیل کتب میں علماء قراءات نے کیا ہے:

(۱) ''خلاصۃ البیان فی تجوید القرآن'' شیخ القراء والمجودین القاری المقری محمد ضیاء الدین احمد صدیقی صاحبؒ

(۲) ''ہدیۃ الوحید فی علم التجوید'' شیخ القراء والمجودین القاری المقری محمد عبدالوحید الہ آبادیؒ سابق صدر مدرس دار العلوم دیوبند

(۳) ''ضوابط نبلاء التجوید'' شیخ القراء والمجودین القاری المقری محمد عبدالمعبود صاحبؒ

(۴) ''توضیح العشر فی شرح طیبۃ النشر'' شیخ القراء والمجودین القاری المقری محمد عبداللہ مراد آبادی سابق صدر مدرس مدر۔ شاہی مراد آباد

(۵) میرے شیخ محترم اور مربی شیخ القراء والمجودین حضرت القاری والمقری اظہار احمد التھانوی نور اللہ مرقدہ نے اپنی تالیف ''المرشد فی مسائل التجوید والوقف'' میں بھی اپنی روایت حفص کی سند بیان کی ہے۔

(۶) ''عذار القرآن'' شیخ القراء حضرت قاری مقری محمد اسماعیل پانی پتیؒ

(۷) ''کمال الفرقان شرح جمال القرآن'' محترم جناب قاری محمد طاہر رحیمی صاحب مدظلہ

(۸) ''تجوید المبتدی'' قاری مقری جناب محمد اسماعیل صادق خورجوی صاحب مدظلہ

(۹) اور راقم السطور نے بھی اپنی دو کتب میں مختصراً روایت حفص کی سند بیان کی ہے یعنی ''تحبیر التجوید'' اور ''زینۃ المصحف''

ضرورت اس امر کی تھی کہ عشرہ متواترہ کی اسناد کا بیان نہایت واضح انداز میں ہو اور اسماء شیوخ میں جو اغلاط پیدا ہوگئی ہیں ان کو دور کیا جائے۔ میرے زمانہ طالب علمی کا واقعہ ہے میں جب اپنے مربی شیخ قاری المقری اظہار احمد تھانوی نور اللہ مرقدہ سے تجوید اور سبع قراءات کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد مزید تعلیم کے لیے جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ میں داخلہ کی غرض سے پہنچا اور اپنی اسناد فراغت' قراءت کے عظیم استاذ شیخی وسیدی واستاذی شیخ عبدالفتاح سید العجمی المرصفی نور اللہ مرقدہ کی خدمت میں پیش کی تو شیخ محترم نے بغور میری اسناد کو پڑھا اور تجوید اور قراءت سبع کی اسناد میں بعض شیوخ قراءات کے اسماء کے غلط ہونے کا ذکر فرمایا۔ نیز یہ بھی فرمایا کہ بعض اسماء ایسے بھی درج ہیں جن کا سند سے کوئی تعلق نہیں حقیقی معنوں میں راقم نے حضرت شیخ مرصفی نور اللہ مرقدہ کی ان باتوں کو بہت محسوس کیا۔ اور آئندہ جب جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ میں تعطیلات کی وجہ سے پاکستان آنا ہوا تو حضرت شیخ رحمہ اللہ کی خدمت میں حاضر ہو کر تمام عرض معروض کی۔ اللہ پاک میرے شیخ رحمہ اللہ پر اپنی بیش بہا رحمتوں کا مینہ برسائے آمین۔ حضرت شیخ نے فوری طور پر اس اہم اور ضروری علمی مسئلے کی اہمیت کو محسوس کیا اور فرمایا کہ میں ان شاء اللہ اس اہم علمی موضوع پر کام کروں گا۔ کئی ماہ وسال گزر گئے راقم جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ سے فراغت کے بعد واپس پاکستان آ گیا اور تدریسی سرگرمیوں میں مصروف و مشغول ہو گیا۔

اس دوران حضرت شیخ سے اسناد سے متعلق کام کے متعلق عرض کیا تو فرمانے لگے: بھئی تعلیمی مصروفیات ومشاغل نے کام کرنے کی مہلت ہی نہ دی اب تم آ گئے ہو تو کمر ہمت باندھتا ہوں مگر شرط یہ ہے کہ چونکہ کام کافی دقیق اور محنت طلب ہے تم کو بھی اس سلسلے میں میری مدد کرنا ہوگی۔ راقم نے عرض کیا حضرت میری اس سلسلے میں کیا مدد؟ اور کیا میری بساط۔ ہاں جس طرح آپ فرمائیں گے حاضر ہوں اور واقعی پھر حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے کام شروع کر دیا۔ جامعہ

اسلامیہ الدولیہ اسلام آباد سے ہفتہ وار جب لاہور تشریف لاتے تو طالب علم کو راقم کی جانب بھیجتے میں حاضر خدمت ہوتا تو دیکھتا کہ حضرت شیخ کے پاس علامہ جزری رحمہ اللہ کی النشر فی القراءات العشر کی جلدیں' غایۃ النہایہ کی جلدیں' علامہ دانیؒ کی التیسیر فی القراءات السبع اور علامہ جزریؒ کی تحبیر التیسیر' اس کے علاوہ حضرت شیخ کی اپنی اسناد تجوید وقراءات جو امام القراء حضرت قاری عبدالمالک رحمہ اللہ نے عطا فرمائی تھیں موجود ہیں۔ میں نے بھی اپنے پاس موجود اس موضوع سے متعلق جس قدر مواد موجود تھا حضرت شیخؒ کی خدمت میں پیش کیا۔ بہر حال کام شروع ہو گیا بعض اوقات راقم سے فرماتے ذرا مجھے فلاں شیخ کے حالات تو غایۃ النہایہ سے تلاش کر کے دو۔ اور سچی بات ہے کہ جب کام شروع ہوا تو راقم کو اندازہ ہوا کہ یہ کام تو سخت محنت طلب اور تحقیق وتلاش کا متقاضی کام ہے۔

حضرت شیخ رحمہ اللہ کی وفات سے چار پانچ دن قبل کا واقعہ ہے غالباً ۱۲ دسمبر ۱۹۹۱ء بروز جمعۃ المبارک کا دن تھا راقم اور حافظ فیاض صاحب حضرت شیخؒ سے ملاقات کے لیے حضرت شیخ کے در دولت پر حاضر ہوئے۔ حضرت شیخ حسب معمول بڑے تپاک سے ملے پھر راقم سے مخاطب ہو کر فرمانے لگے بھئی وہ جو میں نے کچھ امور کی وضاحت کیلئے مدرسہ عالیہ فرقانیہ لکھنؤ خط لکھا تھا اس کا جواب آ گیا ہے الحمدللہ اس سے بہت سے مسائل کی گتھیاں سلجھ جائیں گی اس کے بعد ازراہ عنایت وہ خط راقم کو بھی پڑھنے کے لیے دیا۔

چونکہ کتاب کی تدوین کے متعلق راقم کو کافی کچھ علم تھا اسلیے حضرت شیخؒ مجھ سے اس کے متعلق بہت بہت دیر تک عند الملاقات گفتگو فرماتے۔ ایک مرتبہ فرمانے لگے یہ بات میرے ذہن میں بالکل راسخ ہو گئی ہے کہ خاتمۃ القراء فی الہند حضرت قاری مقری عبدالرحمن مکی الہ بادیؒ کے پاس قراءات کی دو اسنادتھیں ایک اپنے بڑے بھائی شیخ العرب والعجم حضرت مولانا قاری مقری عبداللہ مہاجر مکیؒ کے توسط سے اور دوسری حضرت قاری محمد غازی صاحبؒ کے واسطہ سے۔ اور حضرت شیخؒ کی وفات کے بعد جب اس کتاب کیلئے کام کیا تو راقم کے سامنے بھی حضرت شیخؒ کے اس خیال راسخ کے متعلق ناقابل تردید ثبوت سامنے آ گئے۔ جس کو راقم نے حضرت کی اس کتاب میں اور پھر اپنی تالیف ''شرح فوائد مکیہ'' میں بہت شرح وبسط سے بیان کیا

ہے۔

۱۷دسمبر ۱۹۹۱ء بروز منگل کو حضرت شیخؒ اس دار فانی سے کوچ فرما گئے۔ علمی و ادبی محافل سونی ہو گئیں بقول شاعر

بچھڑا کچھ اس ادا سے کہ رُت ہی بدل گئی   اک شخص سارے شہر کو ویران کر گیا

وہ علمی محافل جن میں حاضر ہو کر بڑے بڑے اساتذہ اپنی علمی تشنگی دور کیا کرتے تھے وہ اب خواب خیال ہو گئیں۔

حضرت شیخؒ کی وفات کے بعد بھائی عزیر احمد تھانوی سلمہ نے حضرت شیخ کے نامکمل تصنیفی کام کو مکمل کروا کر شائع کرنے کا بیڑا اٹھایا۔ راقم کو بھی اول عقیلہ کی شرح کی تکمیل کا کام سونپا ابھی وہ کام کر ہی رہا تھا کہ زیر نظر کتاب ''شجرۃ الاساتذہ'' کی تکمیل کا کام بھی راقم کے سپرد کر دیا۔

عقیلۃ اتراب القصائد کی شرح تو خالص علمی نوعیت کا کام تھا۔ مگر مذکورہ کتاب کے مواد کے لیے تلاش و جستجو کر کے بے تحاشہ مراجع سے استفادہ کیا گیا۔ بعض اوقات ایک ایک شیخ کے صحیح اور مستند حالات کی تلاش میں دس سے بھی زیادہ کتب سے رجوع کیا گیا اور بعض اوقات یہ بھی ہوا کہ کوئی کتاب کسی شیخ کے حالات معلوم کرنے کے لیے پڑھنا شروع کی اور اول تا آخر حرفاً حرفاً پڑھ کر معلوم ہوا کہ جس شیخ کے حالات تلاش کیے جا رہے ہیں وہ اس کتاب میں موجود ہی نہیں۔ غرض اس قسم کی ذہنی مشقتوں کے بعد یہ کتاب مکمل ہوئی اور تلاش و جستجو کی یہ وہ کاوشیں ہیں جس سے پہلے میرے شفیق اور محترم شیخ دو چار ہوئے اور بعد ازاں ان مشقتوں سے مجھے بھی واسطہ پڑا۔

''شجرۃ الاساتذہ'' میں زیادہ تر کام حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کر گئے تھے میں نے کہیں کہیں وضاحتی مواد کتاب میں شامل کیا ہے۔ اور ان وضاحتی امور کے ساتھ اپنا نام دے کر تصریح کر دی ہے نیز کچھ وضاحتی مواد حضرت شیخؒ کی وفات کے بعد سامنے آیا ہے وہ بھی شامل کیا گیا ہے۔

کتاب کو تین حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

حصہ اول: جس میں حضرت شیخؒ سے لے کر آنحضرت ﷺ تک قراءات عشرہ کی اسناد کا مکمل تفصیلی بیان ہے جس میں جگہ جگہ وضاحتی نکات بیان کیے گئے ہیں۔

حصہ دوم: جس میں حضرت قاری عبداللہ مکی صاحبؒ۔ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی صاحبؒ اور حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ سے متعلق بہت سی غلط فہمیوں کا ازالہ کیا گیا ہے۔ وہ غلط فہمیاں جو حضرت شیخؒ کی وفات کے بعد منظر عام پر آئیں ان کے جوابات کیلئے حضرت امام القراء قاری مقری عبدالمالک صاحبؒ کے تلمیذ رشید اور میرے استاذ گرامی قدر استاذ القراء و المجودین قاری مقری محمد صدیق لکھنوی دامت برکاتہم سے رجوع کیا گیا ہے۔

حصہ سوم: جس میں مختلف اسناد کی فوٹو کاپیاں لگائی گئی ہیں اور جن میں بعض بڑی نایاب اور اچھوتی اسناد بھی شامل ہیں۔ اور ان کے ذریعے بھی بعض غلط فہمیاں اور بعض امور کو سلجھایا گیا ہے۔ یہ حصہ مکمل طور پر میرا ترتیب دیا ہوا ہے۔

آخر میں راقم عرض گزار ہے کہ یہ موضوع اپنی انفرادیت اور اچھوتے پن کی وجہ سے بہت زیادہ تحقیق کا متقاضی تھا اپنی بھرپور کوشش کے باوجود راقم کو اس بات کا اعتراف کرنے میں کوئی باک نہیں کہ اگر کہیں کوئی علمی یا کتابت کی غلطی نظر آئے تو ضرور مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اس کی تلافی کی جاسکے۔

اور یہ دعا ضرور فرمائیں کہ اس عظیم الشان کام کو جو کہ میرے انتہائی لائق احترام اور مربی شیخؒ نے نہایت خلوص اور محنت اور عقیدت سے جمع کیا ہے ان کے لئے اور ان کے اساتذہ کرام اور والدین ماجدین کیلئے ذخیرہ آخرت بنائے۔ اور یہی دعا اور تمنا راقم اپنے لیے بھی کرتا ہے۔
آمین یارب العالمین

سبحان ربك رب العزة عما يصفون و سلام على سيد المرسلين و الحمد لله رب العلمين.

۱۸ ذی الحجہ
م/ ۲۹ جنوری ۲۰۰۵
بروز منگل

خادم العلم والقرآن
محمد ادریس العاصم عفی عنہ
حال مقیم مدرسہ عالیہ تجوید القرآن
بنگلہ ایوب شاہ اندرون شیرانوالہ گیٹ لاہور

مقدمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ و کفی و الصلوۃ والسلام علی عبادہ الذین اصطفی

تمتع من شمیم عرار نجد

فما بعد العشیۃ من عرار

ساری عمر کے پڑھنے پڑھانے سے کچھ آیا گیا تو نہیں لیکن ایک حقیقت کہ جس کی عظمت سے دل و دماغ منور ہے ضرور حاصل ہوئی اور وہ ہے اسلاف (متقدمین و متاخرین) کے علوم اور تبحر علمی کی زبردست عظمت و شوکت۔

سوچتا ہوں یہ تمام علوم' قرآن نے اور اس کے ترجمان آنحضرت ﷺ نے عطا فرمائے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ایک ایک محقق و مصنف پورے سمندر پیئے بیٹھا ہے۔

گزشتہ چودہ صدیوں کے لیل و نہار میں انفرادی اور اجتماعی ماحول' علمی مسندوں پر چمکتے چراغ جلتے رہے جلتے رہے' کہیں قافلہ شاندار جلووں میں آگے بڑھا' کہیں لٹا' کہیں رکا' مگر چلا اور چلتا گیا۔

اپنے اسی سوز و ساز میں ایک روز بیٹھا ہوا شیوخ قراءت کے سلسلہ سند کو دیکھ رہا تھا' یہ سند مجھے میرے عظیم و شفیق استاذ' امام الفن' خوبصورت ادا اور لب و لہجہ کے ممتاز مالک حضرت قاری المقری محمد عبدالمالکؒ (نور اللہ قبرہ) نے روایت حفص میں فراغت پر عطا

فرمائی تھی۔ یہ وہ سلسلہ سند ہے کہ حضرت الاستاذؒ سے لے کر آنحضرت ﷺ تک بلکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ تک پہنچتا ہے۔

یہ خوبصورت تسبیح ہے جس میں چمکتے ہوئے ان مشائخ فن قراءت کے اسماء گرامی ہیں جنہوں نے اپنی عمر کے بیشتر ماہ وسال دنیا کے نظاروں سے منہ موڑ کر قرآن پاک پڑھنے پڑھانے میں گزار دیئے اور سفر آخرت پر روانہ ہو گئے۔

سند میں بتلایا گیا تھا کہ علامہ شمس الدین محمد بن محمد بن محمد بن الجزری رحمہ اللہ نے شیخ ازہر ابن اللبانؒ سے پڑھا اور حضرت شیخ ازہر ابن اللبانؒ نے شیخ احمدؒ داماد حضرت امام شاطبی رحمہ اللہ سے اور ان شیخ احمد داماد امام شاطبیؒ نے ابوالحسن علی بن محمد بن ھذیلؒ سے پڑھا۔

یا اللہ یہ کیونکر ہوا کہ حضرت شیخ جزریؒ متوفی ۸۳۳ھ اور حضرت شیخ شاطبیؒ متوفی ۵۹۰ھ کے درمیان طویل عرصہ ہونے کے باوجود صرف دو واسطے پائے جاتے ہیں؟

دوسرا اشکال جو پہلے سے زیادہ واضح اور قوی تھا' یہ تھا کہ حضرت شاطبیؒ کے داماد شیخ احمدؒ نے کیا حضرت شیخ شاطبیؒ (یعنی خسر صاحب) سے نہیں پڑھا؟ بلکہ ان کے شیخ علی بن محمد بن ہذیلؒ سے پڑھا؟

عقلی امکان کو چھوڑیئے' تلاش حقیقت اور صحیح تاریخ مقصود تھی۔ کس سے پوچھوں؟ بزرگ دنیا سے اٹھ چکے ہیں' ہم عصر' بے خبر' سوچا کہ شاید کاتب کی غلطی ہو' اصل سند' جو دادا استاذ حضرت شیخ قاری عبداللہ بن بشیر خاں رحمہما اللہ نے ہمارے حضرت استاذ کو عطا فرمائی ہوئی تھی میں نے وہ سند حضرت استاذ کے پاس دیکھی تھی۔ چمڑے کی جلد کتابی شکل میں خود استاذ الاساتذہ کے دست مبارک کی لکھی ہوئی۔ صاحبزادہ صاحب سے عرض گزار ہوا کہ کچھ دیر کو وہ اصل سند دیکھنے کے لیے عطا ہو' مگر افسوس انہوں نے انکار فرما دیا۔

حضرت الاستاذ کے دیگر معاصرین کی کتابوں کی طرف مراجعہ کیا گیا' مثلاً خلاصۃ البیان تصنیف قاری محمد ضیاء الدین احمد صاحبؒ۔ ہدیۃ الوحید تصنیف قاری عبدالوحید صاحبؒ صدر مدرس دارالعلوم دیوبند۔ ضوابط نبلاء التجوید تصنیف قاری عبدالمعبود صاحبؒ استاذ مدرسہ عالیہ فرقانیہ لکھنو۔

ان تمام کتابوں کے مصنفین' حضرت قاری عبداللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے برادر خورد حضرت الشیخ قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ صدر المدرسین مدرسہ احیاء العلوم الہ باد کے تلامذہ ہیں۔ جبکہ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی صاحبؒ نے روایت حفص' قراءات سبعہ وعشرہ تینوں میں استفادہ اوراخذ سند اپنے برادر بزرگ حضرت قاری عبداللہ صاحبؒ سے کیا ہے ❶ گویا ان حضرات کی سندیں بھی وہی ہیں جو حضرت استاذ قاری عبدالمالک صاحبؒ کی ہے۔

درمیان میں ایک بات عرض کرتا چلوں کہ ہمارے شیخ حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ نے جناب قاری ضیاء الدین احمد صاحبؒ سے تلمذ نہیں کیا ہے' اگرچہ بعض بزرگ اہل قلم نے یہ بات لکھی ہے مگر بے حقیقت اور غلط ہے۔ اس سلسلے میں مفصل گفتگو آ گے آئے گی۔

کتب مذکورہ میں سلسلہ سند بعینہٖ وہی ہے جو ہماری روایت حفص کی فراغت کی سند میں پایا جاتا ہے۔ مذکورہ کتب میں یہ چھپے ہوئے سلسلہ ہائے سند مختلف ادوار میں لکھی ہوئی کتابوں میں پائے جاتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ سندیں عطا فرمودہ حضرت مولانا قاری عبدالرحمٰن مکی الہ بادیؒ ہیں۔ اور حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی الہ بادیؒ کے پاس سند کا وثیقہ ظاہر ہے کہ حضرت قاری عبداللہ صاحبؒ سے حاصل شدہ تھا جیسا کہ حضرت قاری

❶ نیز حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی صاحبؒ نے قراءات عشرہ بطریق الدرہ والطیبہ حضرت قاری محمد غازی صاحبؒ سے بھی حاصل کی۔ ا۔ ظ

عبدالمالک صاحبؒ کے پاس بھی اسی سند کی نقل تھی۔

بہرحال آیئے آئندہ اوراق میں حقیقت تک پہنچنے کے لیے جہاں تک ہوسکے تلاش و جستجو سے کام لیں۔

واللہ ولی التوفیق

(قاری) اظہار احمد تھانویؒ

سابق استاذ کلیہ اصول الدین

الجامعۃ الاسلامیۃ الدولیۃ اسلام آباد

وسابق صدر مدرس تجوید وقراءات

جامعہ تجوید القرآن رنگ محل لاہور

باب اول

سلسلہ مشائخ روایت حفصؒ۔مطابق شہادات فراغ من اساتذہ مدرسہ عالیہ فرقانیہ لکھنو

۱۔ حضرت قاری عبدالمالک بن شیخ جیون علیؒ
۲۔ حضرت قاری محمد عبداللہ بن محمد بشیر خانؒ
۳۔ شیخ ابراہیم سعد بن علیؒ
۴۔ شیخ حسن بدیرؒ
۵۔ شیخ محمد متولیؒ
۶۔ شیخ سید احمدؒ
۷۔ شیخ احمد سلمونہؒ
۸۔ شیخ سید ابراہیم عبیدیؒ۔عن مشائخ منہم
۹۔ شیخ عبدالرحمٰن اجھوریؒ (بالدال) عن مشائخ منہم
۱۰۔ شیخ احمد البقریؒ
۱۱۔ شیخ محمد البقریؒ
۱۲۔ شیخ عبدالرحمٰن الیمنیؒ
۱۳۔ شیخ شحاذہؒ (بعض مشائخ مثلاً حضرت قاری عبدالوحید صاحبؒ کی ہدیۃ الوحید اور حضرت قاری ضیاء الدین صدیقی صاحبؒ کی خلاصۃ البیان میں بالخاء المنقوطہ نام درج ہے) عن مشائخ منہم
۱۴۔ شیخ الناصر الطبلاویؒ
۱۵۔ شیخ الاسلام زکریا الانصاریؒ
۱۶۔ شیخ الرضوان العقبیؒ

۱۷۔ شیخ محمد النویریؒ

۱۸۔ شیخ محمد بن الجزریؒ (محرر الفن)

۱۹۔ شیخ ازہر بن لبانؒ

۲۰۔ شیخ احمد صبر الشاطبیؒ

۲۱۔ شیخ ابوالحسن علی بن محمد بن ہذیلؒ

۲۲۔ شیخ ابوداؤد سلیمان بن نجاحؒ

۲۳۔ الامام ابوعمرو الدانیؒ

۲۴۔ شیخ ابوالحسن طاہر بن غلبون المقریؒ

۲۵۔ شیخ ابوالحسن علی بن محمد بن صالحؒ

۲۶۔ شیخ ابوالعباس احمد بن سہیل الاشنانیؒ

۲۷۔ شیخ ابومحمد عبید بن الصباحؒ

۲۸۔ شیخ حفصؒ صاحب الروایۃ

۲۹۔ شیخ امام عاصم بن ابی النجود (ابوبکر تابعیؒ)

۳۰۔ زر بن حبیش اسدیؒ و
عبداللہ بن حبیب سلمیؒ

۳۱۔ عثمان بن عفان و علی بن ابی طالب و ابی بن کعب و عبداللہ بن مسعود و زید بن
ثابت رضی اللہ عنہم

۳۲۔ سید الانبیاء محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

۳۳۔ جبرئیل علیہ السلام

۳۴۔ اللوح المحفوظ

تنقیحات

حضرت الاستاذ قاری المقری عبدالمالکؒ تا علامہ جزریؒ

اس سلسلہ سند پر صرف ناموں کی حد تک حسب ذیل تنقیحات ہیں۔

ا۔ حضرت قاری عبدالمالک بن شیخ جیون علیؒ

پورا نام: محمد عبدالمالک صدیقی بن شیخ جیون علی العلیگڑھیؒ

سن پیدائش: ۱۳۰۲ھ/۱۸۸۴ء

سن وفات: ۲۹ جمادی الثانی ۱۳۷۹ھ/ ۳۰ دسمبر بروز منگل ۱۹۵۹ء

روایت حفص: الشیخ المقری القاری محمد عبداللہ المکیؒ

قراءات سبع وعشرہ: بطریق شاطبیہ ودرہ وطیبہ: الشیخ المقری القاری محمد عبدالرحمٰن المکی الہ بادیؒ ❶

حضرت شیخ محترم کے روایت حفص میں استاذ شیخ العرب والعجم القاری المقری محمد عبد اللہ مکیؒ ہیں اور سبع وعشرہ کے استاذ خاتمۃ القراء فی الہند الشیخ القاری المقری محمد عبدالرحمٰن مکی الہ بادیؒ ہیں جنہوں نے اپنے بڑے بھائی الشیخ قاری عبداللہ مکیؒ سے سند واجازت حاصل کی ہے۔

---

❶ تفصیل کے لیے دیکھیے (۱) سوانح امام القراء حضرت قاری محمد عبدالمالکؒ۔ مؤلفہ قاری کرنل فیض الرحمٰن صاحب۔ (۲) فیضان رحمت سوانح حضرت قاری محمد عبداللہ مکیؒ مؤلفہ جناب امداد صابری۔ (۳) القول الجمیل مؤلفہ حضرت مولانا قاری محمد عبدالخالق صاحب سہارنپوریؒ۔ (۴) راقم کو حضرت الاستاذؒ کی جانب سے عطا فرمودہ اسناد روایت حفص۔ سبع وعشرہ۔ (۵) وقوف المبتدی مؤلفہ قاری محمد اسماعیل صادق خورجوی۔ (٦) تذکرہ قاریان ہند مؤلفہ کرنل قاری بسم اللہ بیگ صاحبؒ

نیز حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی الہ بادیؒ کو الدرۃ المضیۃ اور طیبۃ النشر کی اسناد و اجازت حضرت قاری محمد غازی صاحب کیمل پوریؒ سے بھی ہے۔ یہاں ہم پہلے شیخ العرب و العجم القاری المقری محمد عبداللہ مکیؒ کا سلسلہ بیان کریں گے اور بعد میں قراءات الثلاث المتمۃ للقراءات العشر کے ذیل میں قاری محمد غازی صاحبؒ والی سند ذکر کریں گے۔

آپ کے تلامذہ کی فہرست بہت طویل ہے برصغیر پاک و ہند میں آپ کے شاگرد پھیلے ہوئے ہیں۔

۲۔ حضرت قاری محمد عبداللہ مکیؒ

پورا نام: محمد عبداللہ المکی الحنفیؒ بن محمد بشیر خانؒ

سن پیدائش: ۱۲۷۲ھ/۱۸۵۶م

سن وفات: ۲۵ شوال بروز منگل ۱۳۳۷ھ/۲۳ جون ۱۹۱۹م

اساتذہ کرام: (۱) قاری عبدالقادر مدراسی الازہریؒ
(۲) الشیخ ابراہیم سعد بن علی الشافعی الازہری المصریؒ

نامور تلامذہ: (۱) حضرت قاری عبدالخالق صاحب سہارنپوریؒ (۲) حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ علیگڑھی (۳) حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانویؒ (۴) حضرت قاری محمد سلیمان صاحب بھوپالیؒ (۵) حضرت قاری سید محمد علی نواکھالیؒ (۶) حضرت قاری مرزا محمود بیگ صاحبؒ (داماد حضرت قاری عبداللہ مکیؒ) (۷) حضرت قاری محمد سلیم صاحبؒ مہتمم مدرسہ صولتیہ۔ نیز آپ کے دونوں برادر خورد (۸) حضرت قاری محمد حبیب الرحمٰن صاحب مکی لکھنویؒ (۹) حضرت قاری محمد عبدالرحمٰن

صاحب مکی الہ بادیؒ اور دیگر بہت سے نامور حضرات۔ ❶

ضروری وضاحت

قراءات سبع و عشرہ بطریق درہ و طیبہ میں حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کے استاذ شیخ العرب والعجم استاذ القراء والمجودین خاتمۃ القراء فی الہند حضرت مولانا قاری المقری محمد عبدالرحمٰن المکیؒ ہیں۔ جب کہ روایت حفص کی سند جو حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کی ہے اس میں براہ راست استفادہ فن شیخ العرب والعجم حضرت قاری المقری محمد عبداللہ مکیؒ مدرس اول مدرسہ صولتیہ مکہ مکرمہ سے ہے۔ گویا روایت حفص کی سند اس طرح ہے:

"کما اجازه الشيخ القاری محمد عبدالمالك بن شيخ جيون علی و هو شيخ القراء القاری المقری عبدالله مکی و هو شيخ ابراهيم سعد بن علی الشافعی الخ"

اور سبع اور عشرہ بطریق درہ و طیبہ کی اسناد اس طرح ہیں:

"کما اجازه الشيخ القاری محمد عبد المالك بن شيخ جيون علی و هو شيخ القراء القاری المقری محمد عبدالرحمن المکی الاله بادی و هو اخوه القاری المقری الشيخ عبدالله

---

❶ تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں:

(۱) سوانح امام القراء حضرت قاری محمد عبدالمالک صاحبؒ مؤلفہ قاری کرنل فیوض الرحمٰن صاحب

(۲) فیضان رحمت سوانح حضرت قاری محمد عبداللہ مکیؒ۔ مؤلفہ جناب امداد صابری صاحبؒ

(۳) الوجوہ المثانی (حصہ اسناد) مؤلفہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ

(۴) القول الجمیل مؤلفہ حضرت مولانا قاری محمد عبدالخالق صاحب سہارنپوریؒ

(۵) وقوف المبتدی مؤلفہ قاری محمد اسماعیل صادق خورجوی صاحب

(۶) تذکرہ قاریان ہند مؤلفہ کرنل قاری بسم اللہ بیگؒ

مکی و ھو شیخ ابراھیم سعد بن علی الشافعی الخ“

ضروری معلوم ہوتا ہے کہ یہاں حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی الہ بادی کے حالات بیان کردیئے جائیں۔

حضرت قاری محمد عبدالرحمٰن مکیؒ

پورا نام: محمد عبدالرحمٰن المکی الحنفی الہ بادیؒ بن محمد بشیر خانؒ

سن پیدائش: ۱۲۸۰ھ/۱۸۶۴ء

سن وفات: ۶ جمادی الاولی بروز منگل ۱۳۴۹ھ/۱۹۳۰ء

اساتذہ کرام: (۱) روایت حفص۔شاطبیہ۔درہ۔طیبۃ النشر حضرت مولانا قاری محمد عبداللہ مکیؒ۔ (۲) درۃ وطیبۃ النشر: حضرت مولانا قاری محمد غازی صاحبؒ

نامور تلامذہ: (۱) حضرت قاری عبدالخالق صاحب سہارنپوریؒ (۲) حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ صدر المدرسین فرقانیہ لکھنو۔ (۳) حضرت قاری ضیاء الدین احمد صدیقی صاحبؒ۔ (۴) حضرت قاری عبدالوحید صاحب الہ بادیؒ (۵) حضرت قاری حفظ الرحمٰن صاحب پرتاب گڑھیؒ (۶) قاری محمد نظر صاحبؒ (۷) قاری مفتی نصیر الدین نعمانی صاحبؒ اور دیگر بہت سے حضرات۔ ❶

❶ تفصیل کے لیے دیکھئے:

(۱) سوانح امام القراء حضرت قاری محمد عبدالمالک صاحبؒ مؤلفہ قاری کرنل فیوض الرحمٰن صاحب

(۲) فیضان رحمت سوانح حضرت قاری محمد عبداللہ صاحب مکیؒ مؤلفہ جناب امداد صابری صاحبؒ

(۳) تذکرہ قاریان ہند مؤلفہ قاری کرنل بسم اللہ بیگ صاحبؒ

(۴) القول الجلیل مؤلفہ حضرت قاری عبدالخالق سہارنپوری صاحبؒ

(۵) وقوف المبتدی مؤلفہ قاری محمد اسماعیل صادق خورجوی

(۶) فوائد مکیہ مع حاشیہ تعلیقات مالکیہ مطبوعہ قرآءت اکیڈمی لاہور

(۷) مجموعہ نادرہ۔مطبوعہ قرآءت اکیڈمی لاہور

(۳) شیخ ابراہیم سعد بن علیؒ

پورا نام: ابراہیم سعد بن علی الشافعی المصری الازہری الخلوتیؒ

سن پیدائش: ۱۲۲۵ھ اغلباً

سن وفات: ۱۲۹۵ھ/۱۸۷۹ء اغلباً

استاذ محترم: شیخ حسن بن محمد بدیر الجریسی الکبیرؒ

نامور تلامذہ: (۱) قاری محمد عبداللہ مکیؒ (۲) قاری سبحان اللہ صاحبؒ اور دیگر بہت سے حضرات۔ ❶

---

❶ شیخ موصوف کا سن پیدائش اور سن وفات لکھ کر ان کے آگے اغلباً کا لفظ اس لیے تحریر کیا گیا ہے کہ یہ دونوں سنین حتمی نہیں ہیں۔ اور یہ اندازہ اس طرح لگایا ہے کہ حضرت قاری عبداللہ مکیؒ نے شیخ ابراہیم سعدؒ سے روایت حفص قراءت سبع وعشرہ بطریق درہ وطیبہ میں استفادہ فرمایا ہے اور حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی الہ بادیؒ نے یہ تمام اسناد اپنے بڑے بھائی حضرت قاری عبداللہ مکیؒ سے حاصل کی ہیں۔ عشرہ تک کی تعلیم کے حصول میں پانچ سال کا عرصہ لگ جانا کوئی بعید نہیں۔ اور یہ ایک لازمی امر ہے کہ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ نے حضرت قاری عبداللہ مکیؒ سے اسی لیے استفادہ فرمایا کہ حضرت قاری ابراہیم سعد موجودہ نہیں تھے۔ وگرنہ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی ان سے استفادہ فرماتے حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ ۱۳۰۰ھ میں ہندوستان تشریف لائے اس لحاظ سے شیخ ابراہیم سعدؒ کا سن وفات ۱۲۹۵ھ/۱۸۷۹ء لکھا گیا مگر چونکہ یہ حتمی نہیں اس لیے اغلباً کا لفظ لکھا گیا ہے۔

اسی طرح سن پیدائش فیضان رحمت کے اس بیان پر لکھا گیا:

''شیخ ابراہیم سعدؒ نے مکہ مکرمہ میں بعمر ستر سال وفات پائی پیچھے ایک صاحبزادہ محمد چھوڑا۔''

یاد رہے کہ مولانا شمیم صاحبؒ سابق مہتمم مدرسہ صولتیہ نے اپنے مضمون میں جو کہ انہوں نے شیخ ابراہیم سعدؒ کے متعلق ماہنامہ ''الاشرف'' کراچی جولائی اگست ۱۹۹۱ء کے صولتیہ نمبر میں لکھا اس میں شیخ موصوف کا سن وفات ۱۳۱۶ھ تحریر فرمایا ہے جو بظاہر صحیح معلوم نہیں ہوتا واللہ اعلم

مزید تفصیل کے لیے دیکھیے: (۱) الوجوہ الثانی (حصہ اسناد) حکیم الامت حضرت تھانویؒ (۲) فیضان رحمت مؤلفہ جناب امداد صابری۔ (۳) ماہنامہ الاشرف کا صولتیہ نمبر جولائی اگست ۱۹۹۱/ محرم۔ صفر ۱۴۱۲ھ۔ (۴) القول الجمیل مؤلفہ حضرت مولانا قاری عبدالخالق صاحبؒ۔ (۵) مہر انور مؤلفہ محمد حسین گردیزی

(۴) شیخ حسن بن محمد بدیرؒ

پورا نام: حسن بن محمد بدیر الجریسی الکبیر الشافعی المصری الازہری الخلوتیؒ

سن وفات: ۱۳۱۷ھ/۱۸۹۹ء

سن وفات تذکرہ قاریان ہند مؤلفہ قاری کرنل بسم اللہ بیگؒ سے لیا گیا ہے (دیکھو تذکرہ قاریان ہند ج۱ص ۲۴۶)

اساتذہ کرام: (۱) خاتمۃ المحققین الشیخ محمد متولیؒ جن سے آپ نے بطریق شاطبیہ و درہ اور بطریق طیبہ کی اسناد حاصل کی ہیں۔

(۲) شیخ سید احمد الدری التہامیؒ جن سے آپ نے بطریق شاطبیہ و درہ سند حاصل کی۔ اور یہ سند آپ نے اپنے بہت تھوڑے تلامذہ کو دی ہیں جن میں آپ کے صاحبزادے حسن بن حسن بن محمد بدیر الجریسی الصغیرؒ بھی ہیں۔

نامور تلامذہ: (۱) آپ کے صاحبزادے حسن بن حسن بن محمد بدیر الجریسی الصغیرؒ۔
(۲) عبدہ علی سبیع عبدالرحمٰنؒ (۳) غنیم محمد غنیمؒ (۴) ابراہیم سعد بن علی الشافعی المصری الازہریؒ (۵) محمد البناء بن ادریسؒ (۶) محمد حسن الابیاریؒ (۷) محمد البیومی بن محمد بن علی بن حسن ابی عیاشہ الدمنہوریؒ (۱۲۶۳ھ = ۱۳۳۵ھ/ ۱۸۴۷= ۱۹۱۷ء)
(۸) سید حبیب الرحمٰن الکاظمی المدنی م۱۳۲۰ھ اور بہت سے دیگر تلامذہ ❶

---

❶ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے
(۱) الشیخ المتولی وجہودہ فی علم القراءات مؤلفہ دکتور ابراہیم بن سعید بن حمد الدوسری۔
(۲) ہدایۃ القاری للشیخ عبدالفتاح العجمی المرصفیؒ (۳) ترجمۃ الراکبی (ص ۶)
(۴) الآیات البینات فی حکم جمع القراءات (ص ۲۰۲-۲۰۹)
(۵) ارشاد الجلیل (ص ۳) (۶) افحام اہل العناد (ص ۱۰-۱۶) (۷) القسطاس المستقیم (ص ۵)
(۸) تذکرہ قاریان ہند مؤلفہ قاری کرنل بسم اللہ بیگؒ (ج۱ص ۲۴۶)

(۵) شیخ محمد متولی ؒ

پورا نام: محمد بن احمد بن الحسن بن سلیمان الشہیر بالمتولی الشافعی المصری الازہری ❶

سن پیدائش: ۱۲۴۸ھ/۱۸۳۲م ❷

سن وفات: اا ربیع الاول بروز جمعرات ۱۳۱۳ھ/۱۸۹۵م ❸

اساتذہ کرام: (۱) الشیخ یوسف البرمونی المصریؒ۔ آپ سے امام متولیؒ نے الشاطبیہ اور الدرۃ المضیہ پڑھیں۔ ❹

(۲) الشیخ سید احمد الدری التہامیؒ۔ آپ سے امام متولیؒ نے شاطبیہ۔ درۃ۔ طیبہ اور اربع عشر قراءات میں اجازت حاصل کی۔

نامور تلامذہ: (۱) الشیخ حسن بن خلف الحسینیؒ (۲) الشیخ حسن بن محمد المعروف بالجریسی الکبیرؒ (۱۳۱۷ھ/ ۱۸۹۹م) (۳) الشیخ حسین موسیٰ شرف الدین (۱۳۲۷ھ/ ۱۹۰۹م) (۴) الشیخ خلیل محمد غنیم الجنائنی (۱۳۴۷ھ/ ۱۹۲۸م) (۵) الشیخ رضوان بن محمد بن سلیمان المخللاتی (۱۲۵۰۔۱۳۱۱ھ/ ۱۸۳۴۔ ۱۸۹۳م) (۶) الشیخ عبدالفتاح الھنیدی ”(شیخ موصوف امام متولیؒ کے آخری شاگردوں میں سے ہیں) (۱۲۹۷۔ ۱۳۶۹ھ/

---

❶ یہ نام شیخ متولی نے اپنی کتاب ”مواردالبررۃ“ میں نقل فرمایا ہے۔ نیز الشیخ عبدالفتاح العجمی المرصفیؒ نے اپنی کتاب ”ہدایۃ القاری الی تجوید کلام الباری“ ص ۱۱۷ پر آپ کا نام اس طرح تحریر فرمایا ہے۔

محمد بن احمد بن عبداللہ الشہیر بالمتولی

❷ سن پیدائش میں دو قول ۱۲۴۹ھ/ ۱۸۳۳ م اور ۱۲۵۰ھ/ ۱۸۳۴م مزید ملتے ہیں دیکھو ہدایۃ القاری للشیخ عبدالفتاح العجمی المرصفی ص ... مگر ہم نے اعتماد کیا ہے ’الامام المتولی مؤلفہ الدکتور ابراہیم بن سعید بن حمد الدوسری“ کے بیان پر۔

❸ (۱) ”الامام المتولی تالیف الدکتور ابراہیم بن سعید بن حمد الدوسری“ (۲) ”ہدایۃ القاری الی تجوید کلام الباری مؤلفہ الشیخ عبدالفتاح العجمی المرصفیؒ“ (۳) فہرس الخزانۃ التیموریہ ۳/ ۲۶۹ (۴) فتح المعطی ص ۱۶۹

❹ دیکھو الامام المتولی ص ۱۰۰ و ۱۰۸

۱۸۸۰۔۱۹۵۰م) (۷) الشیخ محمد بن عبدالرحمٰن البناء الدمیاطی'' (۱۲۹۲ھ/ ۱۸۷۵م) (۸) الشیخ محمد مکی نصر الجریسی المصری الشافعی'' صاحب ''نہایۃ القول المفید''۔ آپ نے شیخ متولی کے استاذ شیخ احمد الدری التہامی'' سے بھی استفادہ فرمایا ہے۔ (۹) الشیخ حسن یحییٰ الکتبی'' صہر المتولی جو کہ شیخ علی محمد الضباع المصری'' کے استاذ گرامی ہیں (۱۰) الشیخ عبد الرحمٰن بن حسین الخطیب الشعار'' جو کہ شیخ علی محمد الضباع المصری'' کے استاذ گرامی ہیں اور بہت سے دیگر شیوخ۔ ❶

(۶) الشیخ سید احمد الدری التہامی'' ❷

پورا نام: سید احمد بن محمد الدری المالکی الازہری الشاذلی المعروف بالتہامی المصری''

سن وفات: معلوم نہیں ہو سکا مگر ۱۲۶۹ھ/۱۸۵۲م میں حیات تھے۔

اور علامہ متولی'' جب اپنی کتاب فتح الکریم کی تالیف سے فارغ ہوئے تو آپ کا

---

❶ مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں:

(۱) الامام المتولی وجهوده فی علم القراءات مؤلفه الدکتور ابراہیم بن سعید بن حمد الدوسری

(۲) ہدایۃ القاری الی تجوید کلام الباری مؤلفہ الشیخ عبدالفتاح العجمی المرصفی''

(۳) نہایۃ القول المفید مؤلفہ الشیخ محمد مکی نصر الجریسی''

(۴) سند الضباع المصری'' الملحق بالشاطبیہ ص ۱۰۴

(۵) النشر فی القراءات العشر سند الضباع'' ص ز ح

(۶) اتحاف فضلاء البشر سند الضباع'' ص ۳

(۷) فہرس الخزانۃ التیموریہ ۳/ ۲۶۹

(۸) فتح المعطی ص ۱۲۹

❷ امام متولی کے قراءات کے دوسرے شیخ یوسف البرمونی المصری'' ہیں جو شیخ احمد سلمونہ المصری'' کے شاگرد ہیں۔ دیکھو الامام المتولی مؤلفہ دکتور ابراہیم بن سعید الدوسری'' (ص ۱۰۰ و ۱۰۸)

انتقال ہو چکا تھا اور کتاب مذکور کا سن تالیف ۱۲۸۴ھ/ ۱۸۶۷ء ہے۔ ❶

گویا ۱۲۶۹ھ سے ۱۲۸۴ھ کے درمیانی عرصہ میں آپ کی وفات ہوئی۔

استاذ محترم: الشیخ احمد بن محمد المعروف بسلمونة۔ شیخ احمد الدریؒ نے آپ سے شاطبیہ۔ درۃ۔ طیبہ۔ عقیلہ۔ اتحاف فضلاء البشر۔ المقدمۃ الجزریہ۔ ناظمۃ الزہر اور النشر فی القراءات العشر پڑھیں۔ ❷

نامور تلامذہ: (۱) الشیخ محمد بن احمد المتولیؒ (۲) الشیخ محمد عبدہ السری الملقب بحسانؒ (۳) الشیخ محمد العقادؒ (۴) الشیخ رضوان بن محمد بن سلیمان المخللاتیؒ (۱۲۵۰-۱۳۱۱ھ/ ۱۸۳۴-۱۸۹۳ء) (۵) الشیخ عبد اللہ العایدی الکفراویؒ (۶) الشیخ حسن بن محمد بدیر المعروف بالجریسی الکبیر (۱۳۱۷ھ/ ۱۸۹۹ء) (۷) الشیخ محمد مکی نصر صاحب "نہایۃ القول المفید"۔

اور دیگر بہت سے نامور تلامذہ۔ ❸

(۷) الشیخ محمد سلمونہؒ

پورا نام: احمد بن محمد المعروف بسلمونہ المالکی الازہری المصریؒ

---

❶ مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں:

(۱) ہدایۃ القاری الی تجوید کلام الباری مؤلفہ الشیخ عبدالفتاح العجمی المرصفیؒ

(۲) متن الشاطبیہ صححہ لعلی محمد الضباع المصریؒ

(۳) الامام المتولی مؤلفہ دکتور ابراہیم بن سعید الدوسری

(۴) فتح الکریم فی تحریر اوجہ القرآن الکریم ص ۳۵ (مخطوط) تالیف متین الشیخ محمد متولیؒ

❷ دیکھو اسناد الضباع المصریؒ "النشر فی القراءات العشر ج ۱ ص (ح) و اتحاف فضلاء البشر ص ۳

❸ مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ کریں۔

(۱) الامام المتولی مؤلفہ دکتور ابراہیم بن سعید الدوسری (۲) الاعلام للزرکلی ج ۳ ص ۲۲

اساتذہ کرام: (۱) الشیخ ابراہیم العبیدیؒ
(۲) الشیخ سلیمان البیبانی المالکی الخلوتیؒ
نامور تلامذہ: (۱) الشیخ احمد بن محمد الدری التہامیؒ (۲) الشیخ یوسف البرمونی المصریؒ
(۳) الشیخ علی الشبراویؒ (۴) الشیخ علی الحلوؒ المقری المکی
اور بہت سے دیگر تلامذہ ❶

(۸) الشیخ ابراہیم العبیدیؒ

پورا نام: سید ابراہیم بن عامر بن علی العبیدی (بفتح عین ومکسور باء) الازہری المالکی المصریؒ اور یہ نام بھی ذکر کیا گیا ہے:
سید ابراہیم بن بدوی بن احمد العبیدی الازہری المالکی المصریؒ
اساتذہ کرام: (۱) الشیخ عبدالرحمن الاجہوریؒ
(۲) الشیخ علی بن حسن البدری الازہری الشاذلی الاحمدی المصری الشافعیؒ
(۳) الشیخ محمد محمد المنیر بن حسن السمنودیؒ شارح الدرہ والطیبہ (۱۰۹۹ھ۔۱۱۹۹ھ)
(۴) الشیخ مصطفی العزیزیؒ

نامور تلامذہ: (۱) الشیخ احمد بن محمد سلمونہؒ (۲) الشیخ احمد المرزوقیؒ شیخ القراء فی مصر ثم

❶ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے:
(۱) مجموعۃ الرسائل والمسائل النجدیہ ۲/۱/۲۳
(۲) سند الضباع فی الشاطبیہ والطیبہ والنشر واتحاف فضلاء البشر
(۳) ہدایۃ القاری ص ۳۱
(۴) البرہان الوقاد مؤلفہ الشیخ جنانی ص ۴۳
(۵) برہان التصدیق مؤلفہ البیومی
(۶) الامام المتولی مؤلفہ دکتور ابراہیم بن سعید الدوسری ص ۱۰۸

مکہ اور بہت سے دیگر نامور تلامذہ ❶

(۹) الشیخ عبدالرحمٰن الاجہوری ؒ

پورا نام: عبدالرحمٰن بن حسن بن عمر الاجہوری (بالراء) المالکی الاشعری الازہری الاحمدی الشاذلی المصریؒ (سبط القطب الخضیری)

سن وفات: ۱۱۹۸ھ/۱۷۸۴ء

اساتذہ کرام: (۱) الشیخ ابی السماح احمد البقریؒ

(۲) الشیخ احمد بن عمر الاسقاطی ابوالسعود الحنفی المصریؒ (۱۱۵۹ھ/۱۷۴۶ء)

(۳) الشیخ عبداللہ حلمی بن محمد بن یوسف الحنفی الرومی المعروف یوسف افندی زادہؒ (۱۰۸۵ھ/۱۱۶۷ھ)

(۴) الشیخ عبدربہ بن محمد السجاعیؒ

(۵) الشیخ محمد الازبکاویؒ الازہری

(۶) الشیخ محفوظؒ برواق ابن معمر الازہریؒ

(۷) الشیخ عبداللہ الشماطی المغربیؒ

رحلتہ الی المدینۃ المنورہ (۱۱۵۲ھ/۱۷۳۹ء)

---

❶ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے:

(۱) متن الدرہ ضبطہ وصححہ وراجعہ محمد تمیم الزعبی ص ۱۲

(۲) الاعلام للزرکلی ج ۱ ص ۴۵۔ ج ۶ ص ۹۲

(۳) الامام المتولی ص ۱۰۸

(۴) الوجوہ المثانی حصہ اسناد ص ۲۲ مؤلفہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ

(۵) مجموعۃ الرسائل والمسائل النجدیہ ۲/۱/۲۳

(۶) فہرس المکتبۃ الازہریہ ۱/۶۵

نامور تلامذہ: الشیخ ابراہیم العبیدیؒ اور بہت سے دیگر ❶

بعض اسناد اور کتب میں شیخ موصوف کا نام عبدالرحمٰن اجہودی (بالدال المہملہ) تحریر ہے جو غلط ہے صحیح نام عبدالرحمٰن الاجہوری (بالراء المہملہ) ہے۔

(۱۰) الشیخ احمد البقریؒ

پورا نام: الشیخ المعمر العلامہ احمد بن رجب بن محمد البقری النحوی المعروف بابی السماح المصری الازہریؒ

استاذ محترم: الشیخ محمد البقریؒ

نامور تلامذہ: (۱) الشیخ عبدالرحمٰن الاجہوریؒ (۲) الشیخ عبدربہ بن محمد السجاعیؒ ❷

---

❶ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے:

(۱) الوجوہ المثانی فی القراءات السبع (حصہ اسناد) مؤلفہ حکیم الامت حضرت مولانا قاری اشرف علی تھانویؒ

(۲) سند الضیاع فی متون الشاطبیہ والطیبہ والنشر فی القراءات العشر واتحاف فضلاء البشر

(۳) قواعد التجوید مؤلفہ الشیخ ابو عاصم عبدالعزیز بن عبدالفتاح القاری

(۴) الامام المتولی مؤلفہ الدکتور ابراہیم بن سعید بن حمد الدوسری

(۵) الاعلام للزرکلی ۳۰۴/۳

(۶) الیواقیت الثمینہ ص ۱۹۸

(۷) متن طیبۃ النشر تصحیح الشیخ محمد تمیم الزعبی

❷ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے:

(۱) الاعلام للزرکلی ج ۱ ص ۱۲۵

(۲) متن طیبۃ النشر ص ۲۷ صححہ الشیخ محمد تمیم الزعبی

(۳) سند الضیاع فی متون الشاطبیہ والطیبہ والنشر فی القراءات العشر واتحاف فضلاء البشر

(۴) قواعد التجوید مؤلفہ ابو عاصم عبدالعزیز بن عبدالفتاح القاری

(۵) ہدایۃ القاری (حصۃ الاعلام) مؤلفہ الشیخ عبدالفتاح العجمی المرصفیؒ

(۱۱)الشیخ محمد البقری ؒ

پورا نام: شمس الدین ابو الاکرام ابو عبداللہ محمد بن قاسم بن اسماعیل البقری البصیر الشافعی الازہری الصوفی الشناوی المصری ؒ الفرضی

سن ولادت: ۱۰۱۸ھ/۱۶۰۹ء

سن وفات: ۱۱۱۱ھ/۱۷۰۰ء

اساتذہ کرام: (۱) الشیخ عبدالرحمٰن الیمنی ؒ ۱۰۵۰ھ

(۲) الشیخ سلطان المزاحی المصری ۱۰۷۵ھ

(۳) الشیخ ابو عبداللہ علاء الدین البابلی ؒ ۱۰۷۷ھ

(۴) آپ کے چچا الشیخ موسیٰ بن اسماعیل البقری ؒ

نامور تلامذہ: (۱) الشیخ احمد البقری ؒ (۲) الشیخ علی بن سلیمان بن عبداللہ المنصوری (۱۱۳۴ھ/۱۷۲۲ء) (۳) الشیخ عبدالخالق المنوفی الازہری المصری ؒ (۴) الشیخ محمد الازبکاوی الازہری ؒ (۵) الشیخ علی الرمیلی ؒ ❶

(۱۲)الشیخ عبدالرحمٰن الیمنی ؒ

پورا نام: الشیخ عبدالرحمٰن الیمنی الشافعی الازہری المصری بن الشیخ شحاذۃ الیمنی الشافعی ؒ

سن ولادت: ۹۷۵ھ

---

❶ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے:

(۱) الاعلام للزرکلی ۶/۳۱۷

(۲) ہدایۃ القاری (حصۃ الاعلام) لعبدالفتاح العجمی المرصفی ؒ

(۳) الوجوہ الشافی فی القراءات السبع (حصہ اسناد) مؤلفہ حکیم الامت حضرت مولانا قاری اشرف علی صاحب تھانوی ؒ

(۴) شجرہ سبع قراءات مؤلفہ الشیخ القاری المقری ابو محمد محی الاسلام عثمانی پانی پتی ؒ

سن وفات: ۱۰۵۰ھ

اساتذہ کرام: (۱) آپ کے والد الشیخ شحاذۃ الیمنیؒ

(۲) الشیخ ابن عبدالحق السنباطیؒ

(۳) الشیخ النور علی بن محمد بن خلیل بن موسیٰ بن غانم المقدسی الانصاری الخزرجی الحنفی (۹۲۰۔۱۰۰۴ھ/۱۵۰۴۔۱۵۹۶م)

نامور تلامذہ: (۱) الشیخ محمد البقریؒ (۲) الشیخ علی بن علی الشبر املسی ابوالضیاء نورالدین فقیہ الشافعی المصری (۹۹۷ھ۔۱۰۸۷ھ/۱۵۸۸۔۱۶۷۶م) ❶

الشیخ عبدالرحمٰن الیمنیؒ نے اپنے والد ماجد الشیخ شحاذۃ الیمنیؒ سے کس قدر پڑھا اس میں بہت اختلاف ہے۔

''دراسۃ العرفان فی شرح خلاصۃ البیان'' جو حضرت مولانا قاری عاشق الٰہی صاحبؒ کی تالیف ہے اور نزدیک زمانہ میں طبع ہو کر آئی ہے اس میں حضرت مولانا قاری عاشق الٰہی صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں:

''خلاصۃ الاثر ص ۳۵۸ ج ۲ میں حضرت عبدالرحمٰن یمنی رحمۃ اللہ علیہ کا تذکرہ ہے کہ انہوں نے اولاً اپنے والد گرامی شیخ شحاذۃ الیمنیؒ سے سبعہ قراءات پڑھیں جب آیت ''فکیف اذا جئنا من کل امۃ بشھید'' الخ پر پہنچے تو ان کے والد گرامی کی وفات ہو

❶ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے:

(۱) قواعد التجوید لابی عاصم عبدالعزیز بن عبدالفتاح القاری

(۲) شجرہ سبع قراءات للشیخ المقری ابومحمد محی الاسلام عثمانی پانی پتیؒ

(۳) ہدایۃ القاری (حصۃ الاعلام) لعبدالفتاح السید العجمی المرصفیؒ

(۴) الوجوہ الشافی فی القراءات السبع (حصہ اسناد) مؤلفہ حکیم الامت حضرت تھانویؒ

(۵) الاعلام للزرکلی ج ۴ ص ۳۱۴

(۶) متن الدرہ والطیبہ صححہ محمد تمیم الزعبی۔

گئی۔ پھر انہوں نے از سر نو اپنے والد کے شاگرد شیخ احمد بن عبدالحق السنباطیؒ سے پڑھنا شروع کیا اولاً قراءات سبعہ کی پھر قراءات عشرہ کی تکمیل کی“ (دراسۃ العرفان فی شرح خلاصۃ البیان ص ۳۱۶)

مگر اتحاف فضلاء البشر فی القراءات الاربع عشر کے مصنف الشیخ الدمیاطی موصوفؒ اپنی قراءات العشر کی سند کتاب مذکور میں اس طرح بیان فرمار ہے ہیں۔

”فاقول قرآء ت القرآن العظیم من اوله الی آخره بالقراء ات العشر بمضمون طیبة النشر المذكور بعد حفظها علی علامة العصر و الأوان الذی لم یسمح بنظیره ماتقدم من الدهور والازمان ابی الضیاء النور علی الشبرا ملسی بمصر المحروسة و قرأ شیخنا المذكور علی شیخ القراء بزمانه الشیخ عبد الرحمن الیمنی و قرأ الیمنی علی والده الشیخ شحاذة الیمنی و علی الشهاب احمد ابن عبد الحق السنباطی و قرأ السنباطی علی الشیخ شحاذة المذكور و قرأ الشیخ شحاذة علی الشیخ ابی النصر الطبلاوی و قرأ الشیخ الطبلاوی علی شیخ الاسلام زكریا الانصاری و قرأ الشیخ الاسلام علی الشخین البرهان القلقیلی و الرضوان ابی النعیم العقبی و قرأ كل منهما علی امام القراء و المحدثین محرر الروایات و الطرق ابی الخیر محمد بن محمد بن محمد بن علی بن یوسف الجزری باسانیده المذكورة فی

نشرہ"(اتحاف فضلاء البشر فی القراء ات الاربع عشر ص ۹)

مذکورہ بالا بیان سے معلوم ہوا کہ شیخ عبدالرحمٰن الیمنیؒ نے اپنے والد گرامی شیخ شحاذۃ الیمنیؒ اور شیخ عبدالحق السنباطیؒ دونوں سے قراءات عشرہ میں استفادہ فرمایا ہے لہٰذا ہم اس کتاب میں شیخ عبدالرحمٰن الیمنیؒ کے بعد ان کے استاذ کے طور پر بلا واسطہ ان کے والد گرامی الشیخ شحاذۃ الیمنیؒ کا تذکرہ کریں گے اور یہ اس وجہ سے ہوگا کہ درج ذیل حضرات نے بھی بلا واسطہ اس سند کو ایسے ہی بیان فرمایا ہے۔

(۱) الشیخ محمد تمیم الزعبی

(دیکھو شیخ موصوف کے تصحیح کردہ متون شاطبیہ۔ الدرہ اور طیبۃ النشر)

(۲) الشیخ القاری المقری الاستاذی سیدی عبدالفتاح العجمی المرصفی المصری الازہری الشافعیؒ نور اللہ مرقدہ۔ (دیکھو حضرت استاذ نور اللہ مرقدہ کی ہدایۃ القاری الی تجوید کلام الباری)

(۳) الشیخ علی محمد الضباع المصری شیخ القراء والمجودین دیار مصر۔ (دیکھو شیخ موصوف کے تصحیح کردہ متون الشاطبیہ وطیبۃ النشر والنشر فی القراءات العشر واتحاف فضلاء البشر فی القراءات الاربع عشر)

(۴) راقم کی روایت حفص اور قراءات سبع کی اسناد جو کہ الشیخ القاری المقری استاذی وسیدی اظہار احمد التھانویؒ نے عطا فرمائی نیز میرے شیخ استاذی وسیدی القاری المقری عبدالفتاح العجمی المرصفی المصری الازہری الشافعیؒ نے مجھے شاطبیہ۔ درہ اور طیبہ کی جو اسناد مرحمت فرمائیں۔

(۵) الشیخ القاری المقری خاتمۃ القراء فی الہند عبدالرحمٰن بن بشیر خان المکی الہ بادیؒ کی عطا فرمودہ اسناد۔ جن کی بعض اسناد کی نقول ہم تک پہنچی ہیں۔

(۶) الشیخ القاری عبدالوحید صاحب الہ بادی کی کتاب ہدیۃ الوحید فی علم التجوید میں

بیان کردہ سندات روایت حفص۔ سبع اور عشرہ

(۷) خلاصۃ البیان فی تجوید القرآن میں بیان کردہ حضرت قاری ضیاء الدین احمد صدیقی صاحبؒ کی سند۔

(۸) الوجوہ الثانی فی القراءات السبع میں حکیم الامت حضرت مولانا قاری محمد اشرف علی تھانویؒ کی بیان کردہ سند۔

(۹) شیخ العرب والعجم القاری المقری محمد عبداللہ المکی شیخ القراءات مدرسہ صولتیہ المکۃ المکرمہ کی عطافرمودہ اسناد۔

(۱۰) الشیخ الدمیاطیؒ کی اپنی تصنیف متین اتحاف فضلاء البشر فی القراءات الاربع عشر میں بیان کردہ سند۔

تلك عشرة كاملة۔ (محمد ادریس العاصم عفی عنه)

سوال یہ ہے کہ ایک شاگرد اپنے استاذ سے کس قدر استفادہ کرے کہ وہ سند و اجازہ کا مستحق گردانا جائے گا۔ متاخرین علماء نے اس کے متعلق کوئی ضابطہ مقرر نہیں فرمایا مگر علامہ جزریؒ اپنی معرکۃ الاراء تالیف منجد المقرئین میں اس سے متعلق فرماتے ہیں۔

''مفرد قراءت پڑھانے کی صورت میں قرآن کی تقریباً ایک سو بیس آیات پڑھنا ضروری ہے جبکہ دو سے زیادہ قراءات پڑھنے کی صورت میں تقریباً دو سو چالیس آیات کا پڑھنا ضروری ہے۔

یہی بات علامہ سیوطیؒ نے الاتقان فی علوم القرآن میں تحریر کی ہیں اس بیان کی روشنی میں بھی شیخ عبدالرحمن الیمنیؒ اپنے والد شیخ شحاذۃ الیمنیؒ سے سبع و عشرہ میں مجاز قرار پاتے ہیں۔

﴿نوٹ﴾ قارئین کی دلچسپی کے لیے یہاں ہم الشیخ ابن عبدالحق السنباطیؒ کا تذکرہ پیش کررہے ہیں۔

الشیخ السنباطیؒ

پورا نام: الشیخ احمد بن احمد بن عبدالحق السنباطی مصری الشافعیؒ

اساتذہ کرام: (۱) الشیخ شحاذۃ الیمنی الشافعی المصریؒ۔ (۲) الشیخ یوسف جمال الدین بن زکریا الانصاری الشافعیؒ اور دیگر مشائخ عظامؒ

نامور تلامذہ: (۱) الشیخ عبدالرحمٰن الیمنی الشافعی الازہریؒ (۹۷۵ھ۔ ۱۰۵۰ھ)
(۲) الشیخ سیف الدین بن عطاء اللہ ابوالفتوح الفضالی الشافعیؒ (۱۰۲۰ھ/۱۶۱۱ء)

الامام المتولی کے مؤلف آپ کے تذکرے میں لکھتے ہیں:

"وهو و ابوه وجده كل واحد منهم يعرف بابن عبدالحق السنباطي' ولعل الذي قرأ على احمد بن اسد الاميوطي عن ابن الجزري هو والد شارح الشاطبيه. و العلم عند الله تعالى"۔

مزید معلومات کے لیے دیکھو:

(۱) شرح الشاطبیہ للسنباطی ق ۱ (خ) (۲) الکواکب السائرۃ ۱۳/۱۱۷ (۳) اجازۃ المتولی للبنا بالقراءات العشر ص ۴ (خ) (۴) اجازۃ المتولی لخلیفۃ بن فتح الباب ق ۲ (خ) (۵) فہرست الخزانۃ التیموریۃ ص ۱۴۳۔ ۱۴۴ (۶) الاعلام للزرکلی ۱/۹۲ (۷) اجازۃ السمنودی لایمن (خ) (۸) قواعد التجوید ص ۱۸ (۹) الامام المتولی للدکتور ابراہیم بن سعید بن حمد الدوسری ص ۱۰۰ (محمد ادریس العاصم عفی عنہ)

ہدایۃ القاری الی تجوید کلام الباری میں استاذ گرامی قدر الشیخ القاری المقری عبد الفتاح العجمی المرصفی المصری الازہری الشافعی نور اللہ مرقدہ اور زمانہ حال کے استاذ

قراءات الشیخ محمد تمیم الزعبی صاحب اپنے تصحیح کردہ متون الدرة المضیئة وطیبة النشر میں اسناد کے ذیل میں ایک نہایت عالی سلسلہ سند بیان فرماتے ہیں جو اس طرح ہے:

(۱۲) الشیخ عبدالرحمٰن الیمنی المصری الشافعی الازہریؒ (۹۷۵ھ۔۱۰۵۰ھ)

(۱۳) الشیخ النور الدین علی بن محمد بن خلیل بن موسیٰ بن غانم المقدسی الانصاری الخزرجی الحنفیؒ المصری (۹۲۰۔۱۰۰۴ھ/۱۵۱۴۔۱۵۹۶)

(۱۴) الشیخ المحب ابی الجود محمد بن ابراہیم السمدیسی الحنفیؒ (۸۵۳ھ۔۹۳۲ھ)

(۱۵) الشیخ شہاب احمد بن اسد الامیوطیؒ (۸۰۸ھ۔۸۷۲ھ)

(۱۶) الشیخ محمد بن محمد بن محمد بن علی بن یوسف الجزریؒ (۷۵۱ھ۔۸۳۳ھ)

اس سلسلہ سند میں ایک واسطہ کم ہو جاتا ہے۔ یعنی یہ سلسلہ سند عالی ہے۔

(محمد ادریس العاصم عفی عنہ)

(۱۳) الشیخ شحاذة الیمنیؒ

پورا نام: الشیخ شحاذة الیمنی الازہری الشافعی ثم المصریؒ ❶

استاذ محترم: علامہ ناصر الدین محمد بن سالم الطبلاویؒ

نامور تلامذہ: (۱) آپ کے صاحبزادے الشیخ عبدالرحمٰن الیمنی بن الشیخ شحاذة الیمنی الشافعیؒ (۹۷۵ھ۔۱۰۵۰ھ)

❶ افسوس باوجود کوشش وسعی بسیار کے شیخ موصوف کا مکمل نام اور آپ سے متعلق دیگر معلومات دستیاب نہیں ہو سکی ہیں۔ (آپ کی ایک مخطوط کتاب کے مسودے کا تذکرہ ملتا ہے جو کہ نون ساکن اور تنوین سے متعلق ہے۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ آپ کی وفات المکة المکرمہ میں ہوئی اور وہیں آپ مدفون ہوئے۔ قرائن سے اندازہ ہوا ہے کہ آپ کی وفات ۹۸۸ھ سے ۹۹۵ھ کے درمیان میں ہوئی ہے۔ بشکریہ: برادرم فضیلة الشیخ القاری المقری محمد عبدالملک شہزادہ صاحب دامت برکاتہم صدر شعبہ تجوید وقراءات دارالعلوم کراچی) اہل علم حضرات سے تعاون کی استدعا ہے۔ (محمد ادریس العاصم عفی عنہ)

(۲) الشیخ احمد بن احمد بن عبد الحق السنباطیؒ (۹۹۵ھ)

(۳) الشیخ سیف الدین بن عطاء اللہ ابو الفتوح الوفائی الفضالی المقری الشافعی البصیر شیخ القراء بمصر (۱۰۲۰ھ/۱۶۱۱م)

اور بہت سے دیگر ❶

یاد رہے کہ بعض مصنفین حضرات نے شیخ موصوف کا نام بالخا المعجمہ شخاذۃ الیمنی تحریر کیا ہے۔ (دیکھو خلاصۃ البیان مؤلفہ الشیخ قاری ضیاء الدین صدیقی صاحب" وہدیۃ الوحید مؤلفہ الشیخ قاری عبدالوحید صاحب الہ بادیؒ والوجوہ الثانی مؤلفہ حکیم الامت حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہ) یہ صحیح نہیں ہے۔ صحیح نام الشحاذۃ الیمنی (بالحاء الغیر المنقوطہ) ہے۔ (اظہار احمد التھانویؒ)

یہاں ہم ایک غلطی کی طرف اشارہ کرتے چلیں جو کہ الامام المتولی کے مؤلف الدکتور ابراہیم بن سعید بن حمد الدوسری نے اسناد میں کی ہے کتاب مذکور کے صفحہ ۱۱۰ پر مؤلف موصوف تحریر فرماتے ہیں:

"وھو علی سیف الدین الفضا لی وھو علی ابن عبد الحق السنباطی وھو علی زکریا الانصاری"۔

میرے خیال سے یہ سند اس طرح ہے:

"وھو علی سیف الدین الفضالی وھو علی ابن عبدالحق

---

❶ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے:

(۱) متن الشاطبیہ والطیبہ تصحیح فرمودہ الشیخ علی محمد الضباعؒ

(۲) قواعد التجوید لعبد الفتاح القاری

(۳) شجرہ سبعہ قراءات للشیخ المقری ابو محمد محی الاسلام عثمانی پانی پتیؒ

(۴) متن الشاطبیہ والدرہ والطیبہ تصحیح کردہ الشیخ محمد تمیم الزعبی۔

السنباطي وهو علي يوسف جمال الدين بن زكريا الانصاری

و هو علی والده الشیخ زکریا الانصاری وهو علی الشیخ

رضوان العقبی"۔

میں اپنے بیان کی تائید کے لیے دکتور ابراہیم موصوف ہی کی کتاب کے صفحہ ۱۱۰ سے اقتباس پیش کروں گا جس میں دکتور ابراہیم موصوف' شیخ احمد بن احمد بن عبدالحق السنباطیؒ کے تذکرہ میں فرماتے ہیں:

"اخذ القراء ات عن جماعة من العلماء منهم: شحاذة

اليمنی' و یوسف بن زکریا الانصاری"۔

حکیم الامت حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہ نے بھی الوجوہ الثانی میں شیخ عبدالحق السنباطیؒ کا استاذ شیخ زکریا الانصاریؒ کو تحریر فرمایا ہے غالب امکان یہی ہے کہ یہ سہو کتابت سے ہوا ہے۔ ایسے ہی حضرت تھانویؒ نے الوجوہ الثانی میں شیخ شحاذۃ الیمنی کا استاذ الشیخ عبدالحق السنباطیؒ کو تحریر فرمایا ہے یہ بھی سہو کتابت کا نتیجہ ہے۔

الشیخ المقری ابو محمد محی الاسلام صاحب عثمانی پانی پتیؒ اپنی کتاب شجرہ سبعہ قراءات میں فرماتے ہیں۔

آپ نے شیخ القراء مولانا شہاب الدین احمد بن عبدالحق السنباطی موصوفؒ سے آپ نے شیخ القراء مولانا جمال الدین یوسف زکریاؒ سے آپ نے اپنے والد ماجد شیخ القراء مولانا رضوان الدین ابونعیم بن احمد عقبی موصوف سے۔ (دیکھو شجرہ سبعہ قراءات ص ۲۷)

یہاں شیخ جمال الدین یوسف بن زکریا الانصاریؒ کے والد گرامی شیخ زکریا الانصاریؒ کا نام حذف ہوا ہے اور اس کی جگہ ان کے والد گرامی کے استاذ شیخ القراء رضوان العقبیؒ کا نام تحریر ہو گیا ہے یہ بھی سہو کتابت کی وجہ سے وقوع پذیر ہوا ہے۔ (محمد ادریس العاصم عفی عنہ)

(۱۴) شیخ ناصر الدین الطبلاویؒ

پورا نام: علامہ ناصر الدین محمد بن سالم بن علی الشافعی الطبلاوی ابو النصر

سن وفات: ۹۶۶ھ/۱۵۵۹ء

اساتذہ کرام: (۱) شیخ الاسلام محمد زکریا الانصاریؒ (۹۲۶ھ/۱۵۲۰ء)

(۲) علامہ جلال الدین السیوطیؒ

(۳) علامہ برہان القلقشندیؒ

نامور تلامذہ: (۱) الشیخ شحاذۃ الیمنی الشافعیؒ (۲) الشیخ علی احمد المسیری المصریؒ اور دیگر بہت سے۔ ❶

(۱۵) شیخ الاسلام زکریا الانصاریؒ

پورا نام: زین الدین ابو یحییٰ زکریا بن شمس الدین محمد بن احمد الانصاری الخزرجی الشافعی السنیکی ثم القاہری الازہری شیخ الاسلام وقاضی القضاۃ

سن ولادت: ۸۲۳ھ/۱۴۲۰ء

سن وفات: جمعۃ المبارک ۴ ذی الحجہ ۹۲۶ھ/۱۵۲۰ء

اساتذہ کرام: (۱) الشیخ رضوان بن محمد العقبیؒ (۸۵۲ھ)

(۲) ابو القاسم النویری المالکیؒ (۸۹۷ھ)

---

❶ مزید تفصیل کے لیے دیکھئے:

(۱) شذرات الذہب ج ۸ ص ۳۴۸

(۲) الاعلام للزرکلی ج ۶ ص ۱۳۴

(۳) متن الشاطبیہ تصحیح کردہ الشیخ علی محمد الضباع المصری

(۴) اتحاف فضلاء البشر فی القراءات الاربع عشر ص ۹

(۵) الامام المتولی ص ۵۰ مؤلفہ الدکتور ابراہیم بن سعید الدوسری

(۳) الشیخ احمد بن اسد الامیوطیؒ (۸۰۸ھ۔۸۷۲ھ)

(۴) الشیخ احمد بن ابی بکر بن یوسف القلقیلیؒ (بعد ۹۰۲ھ)

(۵) الشیخ نور الدین علی بن محمد المخزومیؒ

نامور تلامذہ: (۱) آپ کے صاحبزادے جمال الدین یوسف بن زکریا الانصاریؒ (۲) ابوالنصر ناصر الدین محمد الطبلاویؒ (۳) شیخ شہاب الدین احمد بن حجر مکیؒ الہیتمی مفتی حرم مکہ مکرمہ و شیخ القراء (م ۹۷۴ھ) دیکھو تذکرہ قاریان ہند

(۴) الشیخ عبدالمعطی بن الحسن بن عبداللہ المکی الہندیؒ (۹۰۵ھ۔۹۸۹ھ) ❶

(۱۶) شیخ الرضوان العقبیؒ

پورا نام: رضوان بن محمد بن یوسف العقبی الشافعی المصری ابونعیمؒ

سن ولادت: ۷۶۹ھ/۱۳۶۸م

سن وفات: ۸۵۲ھ/۱۴۴۸م

---

❶ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے:

(۱) الرسالۃ الترمیسیہ فی اسناد القراءات العشریہ ص ۲ للشیخ محمد محفوظ بن عبداللہ الترمسیؒ

(۲) الدقائق المحکمہ شرح المقدمۃ الجزریہ تالیف شیخ الاسلام زکریا الانصاریؒ تحقیق الدکتور نسیب عبدالحمید نشاوی

(۳) شجرہ سبعہ قراءات از شیخ المقری ابو محمد محی الاسلام صاحب عثمانی پانی پتیؒ

(۴) متن الشاطبیہ تصحیح فرمودہ الشیخ علی محمد الضباعؒ

(۵) ہدایۃ القاری الی تجوید کلام الباری (حصۃ الاعلام) للشیخ المقری عبدالفتاح العجمی المرصفیؒ

(۶) الاعلام للزرکلی ۳/۴۶

(۷) البدر الطالع ۱/۲۵۲۔۲۵۳

(۸) معجم المؤلفین ۴/۱۸۲

(۹) تذکرہ قاریان ہند ۲/۱۳۳۔۱۴۰

اساتذہ کرام: (۱) الشیخ محمد بن محمد بن محمد الجزری ؒ (۸۳۳ھ)
(۲) الشیخ ابو اسحٰق التنوخی ؒ

نامور تلامذہ: (۱) شیخ الاسلام زکریا الانصاری ؒ (۲) محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد شمس الدین السخاوی ؒ صاحب الضوالامع (۸۳۱ـ۹۰۲ھ/ ۱۴۲۷ـ۱۴۹۷م)

اور بہت سے دیگر ❶

امام یعقوب بن خلیفہؒ نے قرآءت حاصل کی ابوبکر الشعبہؒ۔ امام ابوزید سعید بن اوسؒ تلمیذ المفضل الضبیؒ اور ابن عطارؒ سے جبکہ شعبہؒ۔ المفضل الضبیؒ اور امام ابن عطارؒ امام عاصمؒ کے شاگرد ہیں۔ امام اسحاق المسیبیؒ نے امام نافع مدنیؒ سے قرآءت حاصل کی۔

☆☆☆

الحمدللہ یہاں پہنچ کر اسنادِ قراءات عشرہ بطریق شاطبیہ والدرہ کا بیان ختم ہوا۔ کوشش کی گئی ہے کہ حتی الامکان تحقیق اور جستجو اور تلاش بسیار کے بعد تمام معلومات درج کی جائیں لیکن غلطی کا امکان بہرحال اب بھی موجود ہے۔ مشکل یہ ہے کہ اس موضوع پر مواد بہت قلیل بلکہ نادر الوجود ہے۔ اس کتاب میں کوشش یہ کی گئی ہے کہ ایک مجتمع صورت میں حضرت الاستاذؒ استاذی وشیخی وسندی حضرت مولانا قاری المقری اظہار احمد التھانوی نوراللہ مرقدہ کی تمام اسناد کو جمع کر دیا جائے۔ حضرت الاستاذؒ کے اس عظیم الشان وعظیم المرتبت نامکمل کام کو میں کس حد تک پایہ تکمیل تک پہنچا پایا ہوں اس کا فیصلہ میں قارئین پر چھوڑتا ہوں۔ وماعلینا الا البلاغ

العارض

خادم القرآن الکریم

محمد ادریس العاصم عفی عنہ

المدرسۃ العالیۃ تجوید القرآن

بنگلہ ایوب شاہ شیرانوالہ گیٹ لاہور

☆☆☆

باب نہم:

آئمہ اربعہ شاذہ

(۱) امام ابن محیصن المکیؒ

پورا نام: محمد بن عبدالرحمٰن بن محیصن السہمی مولاھم المکی مقری اہل مکہ (۱۱۳ھ/ ۷۵۰ء)

راویین:

(۱) احمد بن محمد بن عبداللہ بن القاسم بن نافع بن ابی بزہ ابوالحسن البزی المکی (سابق الذکر) (۱۷۰۔۲۵۰ھ)

(۲) محمد بن احمد بن ایوب بن الصلت بن شنبوذ۔ یا۔ ابن الصلت بن ایوب بن شنبوذ ابوالحسن البغدادی م۔۳۲۹ھ

(۲) امام یحییٰ الیزیدی

پورا نام: یحییٰ بن المبارک بن المغیرہ ابو محمد العدوی البصری المعروف بالیزیدی (۱۲۸۔۲۰۲ھ/ ۷۴۵۔۸۱۸ء)

راویین:

(۱) سلیمان بن ایوب بن الحکم ابوایوب الخیاط البغدادی المعروف صاحب البصری م ۲۳۵ھ

(۲) احمد بن فرح بن جبریل ابوجعفر الضریر البغدادی المفسر م۔۳۰۳ھ

(۳) امام الحسن البصریؒ

پورانام: امام الحسن بن ابی الحسن یسار السید ابو سعید البصری م (۲۱۔۱۱۰ھ=۶۴۲۔۷۲۸ء)

راویین:

(۱) شجاع بن ابی نصر ابو نعیم البلخی ثم البغدادی (۱۴۰ھ۔۱۹۰ھ)

(۲) حفص بن عمر بن عبد العزیز بن صہبان بن عدی بن صہبان صہیب ابو عمرو الدوری الازدی البغدادی النحوی نزیل سامرا (سابق الذکر) (۲۴۶ھ/۸۶۹۰ء)

(۴) امام الاعمش الکوفیؒ

پورانام: امام سلیمان بن مہران الاعمش ابو محمد الاسدی الکاہلی مولاہم الکوفی م (۶۰۔۱۴۸ھ=۶۸۰۔۷۶۵م)

راویین:

(۱) الحسن بن سعید بن جعفر بن الفضل بن شاذان ابو العباس المطوعی العبادانی البصری العمری م ۳۷۱ھ

(۲) محمد بن احمد بن ابراہیم بن یوسف بن العباس بن میمون ابو الفرج الشنبوذی الشطوی البغدادی (۳۰۰۔۳۸۸ھ/۹۱۲۔۱۰۰۰ء)

☆☆☆

باب دہم:

روایت حفص۔ سبع اور ثلاثہ کی تصحیح شدہ اسناد

اب مناسب معلوم ہوتا ہے کہ تنقیح شدہ اسناد میں آنے والے اسماء کو بیان کر دیا جائے۔لہٰذا بالترتیب اول روایت حفصؒ کی سند۔ ثانیاً قراءات سبع کی سند اور ثالثاً قراءات ثلاثہ کی سند بیان کی جائے گی۔

(۱) سند روایت حفصؒ

میں نے روایت حفص کی سند حاصل کی:

(۱) استاذ القراء والمجودین الشیخ القاری محمد عبدالمالک صدیقی الحنفی بن الشیخ جیون علیؒ صدیقی الحنفی (سے آپ نے)

(۲) استاذ القراء والمجودین الشیخ القاری محمد عبداللہ المکی الحنفی بن محمد بشیر خانؒ (سے آپ نے)

(۳) الشیخ ابراہیم سعد بن علی الشافعی المصریؒ الازہری الخلوتی (سے آپ نے)

(۴) الشیخ حسن بن محمد بدیر الجریسی الکبیر الشافعی المصریؒ الازہری الخلوتی (سے آپ نے)

(۵) الشیخ محمد بن احمد بن الحسن بن سلیمان المعروف المتولی المصریؒ الشافعی الازہری (سے آپ نے)

(۶) الشیخ سید احمد الدری المالکی الشاذلی المعروف بالتہامیؒ الازہری المصری (سے آپ نے)

(۷) الشیخ احمد بن محمد المعروف بسلمونہؒ المالکی الازہری المصری (سے آپ نے)

(۸) الشیخ السید ابراہیم بن عامر بن علی العبیدیؒ الازہری المالکی المصری (سے آپ نے)

(۹) الشیخ عبدالرحمٰن بن حسن بن عمر الاجہوری سبط القطب الخضیری المالکی الاشعری الازہری الاحمدی الشاذلی المصریؒ (سے آپ نے)

(۱۰) الشیخ المعمر العلامہ احمد بن رجب بن محمد البقری النحوی المعروف ابی السماح المصری الازہریؒ (سے آپ نے)

(۱۱) الشیخ شمس الدین ابو الاکرام ابوعبداللہ محمد بن قاسم بن اسماعیل البقری البصیر الشافعی الازہری الصوفی الشناویؒ المصری الفرضی (سے آپ نے)

(۱۲) الشیخ عبدالرحمٰن الیمنیؒ الشافعی الازہری المصری (سے آپ نے اپنے والد ماجد)

(۱۳) الشیخ شحاذہ الیمنی الشافعی المصریؒ (سے آپ نے)

(۱۴) الشیخ العلامہ ابوالنصر ناصر الدین محمد بن سالم بن علی الطبلاویؒ الشافعی المصری (سے آپ نے)

(۱۵) الشیخ ابویحییٰ زکریا بن شمس الدین محمد بن احمد الانصاری الخزرجی زین الدین القاضی السنیکی القاہری المصری الشافعی شیخ الاسلامؒ وقاضی القضاۃ (سے آپ نے)

(۱۶) الشیخ ابی النعیم رضوان بن محمد بن یوسف العقبیؒ الشافعی المصری (سے آپ نے)

(۱۷) الشیخ ابی الخیر شمس الدین محمد بن محمد بن محمد بن علی بن یوسف الجزریؒ (سے)

یعنی سولہ واسطوں سے میری سند الشیخ جزری تک پہنچتی ہے۔ علامہ جزریؒ نے پڑھا: ❶

---

❶ یہاں باب دوم میں بیان کردہ علامہ جزری تا علامہ شاطبی سند (۱) تا سند (۸) تک کوئی بھی بیان کی جا سکتی ہے۔

(۱۸) الشیخ عبدالرحمٰن بن احمد بن علی بن المبارک بن معالی ابومحمد البغدادی الواسطی المصری الشافعیؒ (سے آپ نے)

(۱۹) الشیخ محمد بن احمد بن عبدالخالق بن علی بن سالم بن مکی تقی الدین ابوعبداللہ الصائغ المصری الشافعیؒ (سے آپ نے)

(۲۰) الشیخ علی بن شجاع بن سالم بن علی بن موسیٰ بن حسان بن طوق بن سند بن علی بن الفضل بن علی بن عبدالرحمٰن بن علی بن موسیٰ بن عیسیٰ بن موسیٰ بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب بن ہاشم کمال الدین ابوالحسن بن ابی الفوارس الہاشمی العباسی الضریر المصری الشافعی المعروف صہر الشاطبیؒ (سے آپ نے)

(۲۱) امام القاسم بن فیرہ الحدید بن خلف بن احمد ابوالقاسم ابومحمد الشاطبی الرعینی الاندلسیؒ ثم المصری (سے)

امام شاطبیؒ تک میری سند بیس واسطوں سے پہنچتی ہے۔ امام شاطبیؒ نے پڑھا:

(۲۲) الشیخ علی بن محمد بن علی بن ہذیل ابوالحسن البلنسی الاندلسیؒ (سے آپ نے)

(۲۳) الشیخ سلیمان بن النجاح ابوداؤد بن ابی القاسم الاموی مولی المؤید باللہ بن المستنصر الاندلسیؒ (سے آپ نے)

(۲۴) امام عثمان بن سعید بن عثمان بن سعید بن عمر ابوعمرو الدانی الاموی الاندلسی مولاھم القرطبی المعروف ابن الصیرفیؒ (سے)

امام دانیؒ تک میری سند روایت حفص تئیس (۲۳) واسطوں سے پہنچتی ہے علامہ دانی نے روایت حفص پڑھی:

(۲۵) الشیخ طاہر بن عبدالمنعم بن عبیداللہ بن غلبون بن المبارک ابوالحسن الحلبی نزیل مصرؒ (سے آپ نے پڑھا)

(۲۶) الشیخ علی بن محمد بن صالح بن ابی داؤد ابوالحسن الہاشمی الانصاری البصری الضریر

بالجوخانیؒ (سے آپ نے پڑھا)

(۲۷) الشیخ احمد بن سہل بن الفیر وزان ابوالعباس الاشنانیؒ (سے آپ نے پڑھا)

(۲۸) الشیخ عبید بن الصباح بن ابی شریح بن صبیح ابومحمد النہشلی الکوفی ثم البغدادیؒ (سے آپ نے پڑھا)

(۲۹) الشیخ حفص بن سلیمان بن المغیرۃ ابوعمر بن ابی داؤد الاسدی الکوفی الغاضری البز از صاحب الروایۃؒ (سے آپ نے پڑھا)

(۳۰) امام عاصم بن بہدلہ ابی النجود ابوبکر الاسدی الکوفی الحناطؒ (سے)

اٹھائیس واسطوں سے میری سند حضرت حفصؒ تک اور انتیس واسطوں سے امام عاصمؒ تک پہنچتی ہے۔ امام عاصمؒ نے قراءات حاصل کی۔

(۳۱) ابومریم زر بن حبیش بن حباشہ بن اوس بن ہلال الاسدی الکوفیؒ (اور)

(۳۱) ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن حبیب بن ربیعہ سلمی الکوفیؒ (اور)

(۳۱) ابوعمر سعد بن الیاس الشیبانی الکوفیؒ

سے ان تینوں حضرات نے درج ذیل صحابہ کرامؓ سے پڑھا:

(۳۲) حضرت عثمان بن عفان۔ حضرت علی بن ابی طالب۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود۔ حضرت ابی بن کعب اور حضرت زید بن ثابت رضوان اللہ علیہم اجمعین۔ اور ان صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے پڑھا:

(۳۳) سید الاولین والآخرین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے

پس میرے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان بتیس واسطے ہوتے ہیں۔

(۲) سند قرآءات سبع بطریق الشاطبیۃ

میں نے قراءات سبع کی سند حاصل کی:

(۱) استاذ القراء والمجودین الشیخ القاری محمد عبد المالک صدیقی الحنفی بن الشیخ جیون علیؒ (سے آپ نے)

(۲) خاتمۃ القراء فی الہند الشیخ المقری عبد الرحمٰن بن محمد بشیر خان الحنفی المکی الالہ بادیؒ (سے آپ نے اپنے بھائی)

(۳) استاذ القراء الشیخ المقری محمد عبد اللہ بن محمد بشیر خان المکیؒ الحنفی (سے آپ نے)

(۴) الشیخ ابراہیم سعد بن علی الشافعی المصریؒ الازہری الخلوتی (سے آپ نے)

(۵) الشیخ حسن بن محمد بدیر الجریسی الکبیر الشافعی المصریؒ الازہری الخلوتی (سے آپ نے)

(۶) الشیخ محمد بن احمد بن الحسن بن سلیمان الشہیر المتولی المصریؒ الشافعی الازہری (سے آپ نے)

(۷) الشیخ سید احمد الدری المالکی الشاذلی المعروف بالتہامیؒ الازہری المصری (سے آپ نے)

(۸) الشیخ احمد بن محمد المعروف بسلمونہؒ المالکی الازہری المصری (سے آپ نے)

(۹) الشیخ السید ابراہیم بن عامر بن علی العبیدیؒ المالکی الازہری المصری (سے آپ نے)

(۱۰) الشیخ عبد الرحمٰن بن حسن بن عمر الاجھوری سبط القطب الخضیری المالکی الاشعری الازہری الاحمدی الشاذلی المصریؒ (سے آپ نے)

(۱۱) الشیخ المعمر العلامہ احمد بن رجب بن محمد البقری النحوی المعروف ابی السماح المصری الازہریؒ (سے آپ نے)

(۱۲) الشیخ شمس الدین ابو الاکرام ابو عبد اللہ محمد بن قاسم بن اسماعیل البقری البصیر الشافعی الازہری الصوفی الشناویؒ المصری الفرضی (سے آپ نے)

(۱۳) الشیخ عبد الرحمٰن الیمنی الشافعی الازہری المصری (سے آپ نے اپنے والد ماجد)

(۱۴) الشیخ شحاذہ الیمنی الشافعی المصری ؒ (سے آپ نے)

(۱۵) الشیخ العلامہ ابوالنصر ناصر الدین محمد بن سالم بن علی الطبلاویؒ الشافعی المصری (سے آپ نے)

(۱۶) الشیخ ابو یحییٰ زکریا بن شمس الدین محمد بن احمد الانصاری الخزرجی زین الدین القاضی السنیکی القاہری المصری الشافعی شیخ الاسلامؒ وقاضی القضاۃ (سے آپ نے)

(۱۷) الشیخ ابی النعیم رضوان بن محمد بن یوسف العقبیؒ الشافعی المصری (سے آپ نے)

(۱۸) الشیخ ابی الخیر شمس الدین محمد بن محمد بن محمد بن علی بن یوسف الجزریؒ (سے آپ نے) ❶

(۱۹) الشیخ عبد الرحمٰن بن احمد بن علی بن المبارک بن معالی ابو محمد البغدادی الواسطی المصری الشافعیؒ (سے آپ نے)

(۲۰) الشیخ محمد بن احمد بن عبد الخالق بن علی بن سالم بن مکی تقی الدین ابوعبداللہ الصائغ المصری الشافعیؒ (سے آپ نے)

(۲۱) الشیخ علی بن شجاع بن سالم بن علی بن موسیٰ بن حسان بن طوق بن سند بن علی بن الفضل بن علی بن عبد الرحمٰن بن علی بن موسیٰ بن عیسیٰ بن موسیٰ بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس بن عبد المطلب بن ہاشم کمال الدین ابوالحسن بن ابی الفوارس الہاشمی العباسی الضریر المصری الشافعی المعروف صہر الشاطبیؒ (سے آپ نے)

(۲۲) امام القاسم بن فیرہ الحدید بن خلف بن احمد ابو القاسم ابو محمد الشاطبی الرعینی

❶ یہاں باب دوم میں بیان کردہ علامہ جزری تا علامہ شاطبی سند (۱) تا سند (۸) تک کوئی بھی بیان کی جا سکتی ہے۔

الاندلسیؒ ثم المصری (سے آپ نے)

(۲۳) الشیخ علی بن محمد بن علی بن ہذیل ابوالحسن البلنسی الاندلسیؒ (سے آپ نے)

(۲۴) الشیخ سلیمان بن النجاح ابوداؤد بن ابی القاسم الاموی مولی المؤید باللہ بن المستنصر الاندلسیؒ (سے آپ نے)

(۲۵) امام عثمان بن سعید بن عثمان بن سعید بن عمر ابوعمرو الدانی الاموی الاندلسی مولاهم القرطبی المعروف ابن الصیرفیؒ (سے)

اس لحاظ سے میری قراءات سبع کی سند چوبیس واسطوں سے امام دانیؒ تک پہنچتی ہے۔ اس سے آگے کے اسماء شیوخ ہم باب پنجم اور باب ہشتم میں بیان کر آئے ہیں۔

(۳) سند قراءات الثلاث المتممة للقراءات العشر۔ بطریق الدرة

میں نے قراءات الثلاث حاصل کی:

(۱) استاذ القراء والمجودین الشیخ المقری محمد عبدالمالک صدیقی الحنفی بن الشیخ جیون علیؒ (سے آپ نے)

(۲) خاتمة القراء فی الهند الشیخ المقری عبدالرحمٰن بن محمد بشیر خان المکی الالہ بادیؒ الحنفی (سے آپ نے اپنے بھائی)

(۳) الشیخ المقری محمد عبداللہ بن محمد بشیر خان المکیؒ الحنفی (سے آپ نے)

(۴) الشیخ ابراہیم سعد بن علی الشافعی المصریؒ الازہری الخلوتی (سے آپ نے)

(۵) الشیخ حسن بن محمد بدیر الجریسی الکبیر الشافعی المصریؒ الازہری الخلوتی (سے آپ نے)

(۶) الشیخ محمد بن احمد بن الحسن بن سلیمان الشہیر بالمتولی المصریؒ الشافعی الازہری (سے آپ نے)

(۷)الشیخ سید احمد الدری المالکی الشاذلی المعروف بالتہامیؒ الازہری المصری (سے آپ نے)

(۸)الشیخ احمد بن محمد المعروف بسلمونہؒ المالکی الازہری المصری (سے آپ نے)

(۹)الشیخ السید ابراہیم بن عامر بن علی العبیدیؒ المالکی الازہری المصری (سے آپ نے)

(۱۰)الشیخ عبدالرحمٰن بن حسن بن عمر الاجہوری سبط القطب الخضیری المالکی الاشعری الازہری الاحمدی الشاذلی المصریؒ (سے آپ نے)

(۱۱)الشیخ المعمر العلامہ احمد بن رجب بن محمد البقری النحوی المعروف ابی السماح المصری الازہریؒ (سے آپ نے)

(۱۲)الشیخ شمس الدین ابو الاکرام ابوعبداللہ محمد بن قاسم بن اسماعیل البقری البصیر الشافعی الازہری الصوفی الشناویؒ المصری الفرضی (سے آپ نے)

(۱۳)الشیخ عبدالرحمٰن الیمنیؒ الشافعی الازہری المصری (سے آپ نے اپنے والد ماجد)

(۱۴)الشیخ شحاذہ الیمنی الشافعی المصریؒ (سے آپ نے)

(۱۵)الشیخ العلامہ ناصر الدین محمد بن سالم بن علی الطبلاویؒ الشافعی المصری (سے آپ نے)

(۱۶)شیخ الاسلام ابو یحییٰ زکریا بن شمس الدین محمد بن احمد الانصاری الخزرجی زین الدین القاضی السنیکی القاہری المصری الشافعی شیخ الاسلام وقاضی القضاۃؒ (سے آپ نے)

(۱۷)الشیخ ابی النعیم رضوان بن محمد بن یوسف العقبیؒ الشافعی المصری (سے آپ نے)

(۱۸)الشیخ ابی الخیر شمس الدین محمد بن محمد بن محمد بن علی بن یوسف الجزریؒ الشافعی الدمشقی (سے)

یعنی علامہ جزریؒ اور میرے درمیان سترہ واسطے ہوتے ہیں۔

قراءات ثلاث کی دوسری سند

الشیخ المقری عبد الرحمٰن المکیؒ نے قراءات الثلاث کی ایک سند اور بھی حاصل کی تھی جس کی تفصیل کچھ یوں ہے:

(۲) خاتمۃ القراء فی الھند الشیخ القراء عبد الرحمٰن المکی الحنفی الہ بادی بن محمد بشیر خانؒ (نے حاصل کی)

(۳) الشیخ القاری محمد غازی خاں کیملپوریؒ الحنفی (سے آپ نے)

(۴) الشیخ سید محمد بن احمد المکیؒ (سے آپ نے)

(۵) الشیخ الولی الصوفی ابو عبداللہ محمد بن علی السماتی التونسیؒ المالکی (سے آپ نے)

(۶) الشیخ ابو العباس احمد بن محمد الماطری الحنفی المقریؒ (سے آپ نے)

(۷) شیخ الاقراء بتونس الشیخ ابو عبداللہ محمد بن محمد السماریؒ (سے آپ نے)

(۸) الشیخ ابی العباس احمد السنانؒ (سے آپ نے)

(۹) الشیخ ابو محمد حمودہ بن محمد بن ادریس الشریف الحسنیؒ شیخ الاقراء بتونس (سے آپ نے)

(۱۰) محمد بن الحرفانی البصیر الصفاقسیؒ نزیل تیونس (سے آپ نے)

(۱۱) الشیخ محمد بن محمد الافرانیؒ المغربی السوسی نزیل مصر (سے آپ نے)

(۱۲) الشیخ سلطان بن احمد بن سلامہ بن اسماعیل المزاحی الشافعی الازہری المصریؒ (سے آپ نے)

(۱۳) الشیخ العلامہ سیف الدین بن عطاء اللہ ابو الفتوح الوفائی الفضالی البصیر شمس الدینؒ الشافعی المصری

سے آپ نے قراءات الثلاث حاصل کی۔

(۱۴) الشیخ شحاذة الیمنی الشافعی المصری سے اس سند کی رو سے بھی میرے اور علامہ جزریؒ کے درمیان سترہ واسطے ہی بنتے ہیں۔

☆☆☆

﴿نوٹ﴾ مگر الشیخ تمیم الزعبی اور استاذ الاساتذہ سیدی ومولائی القاری المقری الشیخ عبدالفتاح السید العجمی المرصفیؒ نے جو ایک اور سلسلہ نقل کیا ہے اس سے ایک واسطہ روایت حفص، قرآءات سبع اور قرآءت الثلاث میں کم ہوتا ہے جو کچھ یوں ہے۔

(۱۳) الشیخ عبدالرحمٰن الیمنیؒ (نے پڑھا)

(۱۴) الشیخ النور علی بن محمد بن خلیل بن موسیٰ بن غانم المقدسی الانصاری الخزرجی الحنفیؒ (سے آپ نے)

(۱۵) الشیخ المحب ابی الجود محمد بن ابراہیم السمدیسی الحنفیؒ (سے آپ نے)

(۱۶) الشیخ الشہاب احمد بن اسد الامیوطیؒ (سے آپ نے)

(۱۷) ابی الخیر شمس الدین محمد بن محمد بن محمد بن علی بن یوسف الجزریؒ سے

اس سلسلہ سند سے حضرۃ الاستاذ الشیخ القاری المقری اظہار احمد التھانوی نور اللہ مرقدہ اور علامہ جزریؒ کے درمیان سترہ کی بجائے سولہ واسطے ہوتے ہیں۔

ایسے ہی قراءات سبع کی سند جو شجرہ سبع قرآءات میں بیان ہوئی اور جو ماسواء علامہ جزریؒ ہے اس سے بھی روایت حفصؒ اور قراءات سبع کی سند میں واسطے کم ہوتے ہیں جو کچھ یوں ہے:

(۱۷) الشیخ ابی النعیم رضوان بن محمد العقبیؒ (نے پڑھا)

(۱۸) الشیخ ابو اسحاق التنوخیؒ (سے آپ نے)

(۱۹) الشیخ بدر الدین ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم سعد بن جماعۃ الکنانی (سے آپ نے)

(۲۰) الشیخ عبداللہ بن محمد بن عبدالوارث معین الدین ابوالفضل بن ابی المعالی المصری الانصاری بابن الازرق وبابن فارالللبن" (سے آپ نے)

(۲۱) الشیخ الامام القاسم بن فیرہ بن خلف بن احمد ابوالقاسم ابومحمد الشاطبی الرعینی الضریر الاندلسی"

سے پڑھا۔ اس سند سے سیدی وسندی ومولائی حضرۃ الاستاذ الشیخ القاری المقری اظہار احمد التھانوی نوراللہ مرقدہ اور امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ کے درمیان واسطے بائیس سے کم ہوکر بیس رہ جاتے ہیں۔

لیکن یاد رہے کہ متداول سندات وہی ہیں جو ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔

العارض

خادم القرآن الکریم

محمد ادریس العاصم عفی عنہ

حالم مقیم المدرسۃ العالیۃ تجوید القرآن

بنگلہ ایوب شاہ شیرانوالہ گیٹ لاہور

☆☆☆

(حصہ دوم)

مضامین

(۱) برصغیر پاک وہند میں تجوید وقرآءت کا ارتقاء

از: حضرت قاری اظہار احمد التھانویؒ

(۲) امام القراء حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کا فیض علمی

از: حضرت قاری محمد صدیق لکھنوی دامت برکاتہم

برصغیر پاک وہند میں تجوید وقرآءت کا ارتقاء

از: شیخی واستاذی وسیدی قاری اظہار احمد التھانویؒ

۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں انگریزوں کے خلاف ایک عظیم جہادی تحریک برپا ہوئی، اس کا پس منظر جو عوامل بھی ہوں مگر یہ جہادی تحریک اس نوعیت کی تھی کہ ہندوستان کے عوام نے رنگ ونسل اور مذہب کے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر اس میں سردھڑ کی بازی لگائی ،خاص طور پر مسلمانوں میں سے ہر شعبہ ھائے زندگی سے تعلق رکھنے والوں نے اس میں والہانہ انداز میں حصہ لیا۔انہی اہل وفا کی بدولت یہ تحریک شروع میں بڑی کامیاب رہی مگر منافقوں اورغداروں کی سازشوں سے بالآخر ناکام ہوگئی ،جنگ آزادی کے خاتمے کے بعد ہندوستان کے مسلمانوں پر بڑی تباہی آئی بڑے بڑے معزز خاندان در بدر ہو گئے ، سینکڑوں مسلمان علماء،فضلاء اور اہل حرفہ خاک وخون میں نہلا دیئے گئے ،جا وبے جا پکڑ دھکڑ ہوئی کالے پانی کی سزائیں، جائیدادوں کی ضبطیاں،غرض مسلمانوں کی ایک شاندار تہذیب کو غاصبوں نے مسمار کر کے رکھ دیا،ان حالات میں مسلمانوں کی ایک بڑی جمعیت نے رفتہ رفتہ سرزمین ہند سے ہجرت کی اور بے تحاشہ مصائب وآلام برداشت کرتے ہوئے مکہ معظمہ پہنچے ،انہی ہجرت کرنے والے حضرات میں سرگروہ اولیاء شیخ العرب والعجم مجاہد اعظم حضرت مولانا حاجی امداداللہ صاحب فاروقی مہاجر مکیؒ نے تھانہ بھون سے ہجرت فرمائی ،اور ردعیسائیت میں امام وقت حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب کیرانوی مہاجر مکیؒ نے کیرانہ سے ہجرت فرمائی۔

ان ہی ہجرت کر کے مکہ معظمہ پہنچنے والوں میں جناب محمد بشیر خاں صاحبؒ ان کے بڑے بھائی اور ان کا خاندان بھی شامل تھا،اول یہ سب حضرات جو تعداد میں تقریباً سترہ

افراد تھے مکہ مکرمہ میں رباط برما میں رہائش پذیر ہوئے، شروع کے ان ایام میں اس خاندان نے بڑا کٹھن اور مشکل دور دیکھا بعض اوقات کھانے کو کچھ بھی نہ ہوتا اور پورا خاندان صرف زمزم پر گزارہ کرتا۔

مکہ معظمہ آنے کے تین سال بعد محمد بشیر خانؒ کے بڑے بھائی کی وفات ہوگئی، تو پورے کنبے کی کفالت کا بوجھ محمد بشیر خانؒ پر آگیا، محمد بشیر خانؒ کو حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب کیرانویؒ نے مکہ معظمہ میں ارباب اختیار سے کہہ کر جلد سازی کا کام کرنے کی اجازت دلوادی۔ محمد بشیر خان صاحب اپنے کام میں مہارت رکھتے تھے اس لیے کاروباری حلقوں میں جلد اپنی ساکھ بنانے میں کامیاب ہوگئے، محمد بشیر خان صاحبؒ کے تین صاحبزادے تھے، بڑے صاحبزادے استاذ القراء والمجودین حضرت قاری محمد عبداللہ مکیؒ (۱۲۷۲ھ/۱۸۵۶ء) فرخ آباد یوپی میں پیدا ہوئے، منجھلے صاحبزادے استاذ القراء والمجودین حضرت قاری محمد عبدالرحمٰن مکی الہ بادیؒ (۱۲۸۰ھ/۱۸۶۴ء) گوالیار میں پیدا ہوئے اور چھوٹے صاحبزادے استاذ القراء حضرت قاری حبیب الرحمٰن صاحب مکی لکھنویؒ جو مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے۔

محمد بشیر خاں نے اپنے تینوں صاحبزادوں کو حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کے سپرد کیا۔ حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ اور حضرت مولانا حاجی امداداللہ صاحبؒ نے ۱۲۹۱ھ میں ہندوستانی مسلمانوں کی دینی تعلیم وتربیت کو سامنے رکھتے ہوئے مدرسہ صولتیہ کے نام سے ایک مدرسہ شروع فرمایا، جس میں مکمل درس نظامی پڑھایا جاتا تھا اور اس کے علاوہ اس میں ہندوستانی مسلمانوں کے بچوں کو صحیح طور پر قرآن حکیم کی تعلیم کے لئے بھی اہتمام فرمایا۔

محمد بشیر خانؒ کا انتقال مدرسہ صولتیہ کے قیام سے قبل ہی ہوگیا اور یہ تینوں بچے مکمل طور پر حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ اور حضرت مولانا حاجی امداداللہ صاحبؒ کی سرپرستی میں آگئے۔ ~~مدرسہ~~ صولتیہ سے قبل حضرت مولانا رحمت ~~اللہ صاحب~~ مدرسہ ہندیہ کے نام سے حرم

میں ایک مدرسہ محدود پیمانے پر کہ جس میں مسلمان بچوں کی تعلیم وتربیت کا انتظام تھا چلا رہے تھے، اس مدرسہ ہندیہ میں قرآن کی تعلیم کے لئے حضرت مولانا قاری عبدالقادر مدراسی الازہریؒ مقرر تھے، حضرت قاری محمد عبداللہ مکیؒ نے حضرت مولانا قاری عبدالقادر مدراسی الازہریؒ سے قرآن حکیم حفظ فرمایا اور عربی لہجوں میں تجوید کے اصولوں کے مطابق قرآن کی مشق وغیرہ کی اور حضرت مولانا قاری عبدالقادر مدراسیؒ کے معین مدرس کے طور پر مدرسہ ہندیہ میں کام کرنے لگے۔

۱۲۹۱ھ میں مدرسہ صولتیہ کے آغاز سے کچھ عرصہ قبل استاذ فن تجوید وقرآءت حضرت شیخ ابراہیم سعد بن علی الشافعی المصری الازہریؒ مکہ معظمہ تشریف لائے، شیخ موصوف اپنے فن کے امام تھے آپ عظیم استاذ الشیخ حسن بن محمد بدیر الجریسی الکبیر الازہری الشافعی المصریؒ کے اجل تلمیذ تھے اور شیخ حسن بدیر الجریسی الکبیرؒ کو خاتمۃ المحققین الشیخ محمد متولیؒ (صاحب تصانیف کتب کثیرہ) سے تلمذ تھا جو دنیائے قرآءت میں آفتاب کی سی شہرت کے مالک ہیں۔

حضرت قاری عبداللہ مکیؒ نے حضرت شیخ ابراہیم سعدؒ کا وجود غنیمت سمجھتے ہوئے شیخ موصوف سے باقاعدہ طور پر فن تجوید وقرآءت میں استفادہ فرمایا۔ پہلے روایت حفص کی تکمیل فرمائی اور بعد ازاں قرآءت عشرہ بطریق درہ وطیبہ کی تعلیم حاصل کی۔ حضرت قاری ابراہیم سعدؒ نے اپنے اس ہونہار شاگرد پر بے انتہا محنت کی، ادائیگی بے تکلف، روایات کا حفظ نہایت عمدہ اور مشق وعربی لہجوں کی بے حد پختگی نے حضرت قاری عبداللہ مکیؒ کو امام وقت بنا دیا۔ ایک مرتبہ حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ نے کسی گفتگو کے دوران قاری ابراہیم سعد مصریؒ سے کہا:

" اظن ان القاری عبداللہ صار ماھرا، ولا نظیر لہ فی الھند"

یعنی میں سمجھتا ہوں کہ قاری عبداللہ نے بڑی مہارت حاصل کی ہے، ہندوستان

میں ان کی نظیر نہیں۔

تو قاری ابراہیم سعد مصریؒ نے فوراً فرمایا:

''بل لا نظیر له في العالم'' نہیں بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اس وقت پورے عالم میں ان کی نظیر نہیں ہے۔

حضرت قاری ابراہیم سعد مصریؒ تدریس صولتیہ کے دوران ہی وفات فرما گئے اور ان کے بعد علم تجوید وقرآءت کے معلم اول حضرت قاری عبداللہ مکی صاحبؒ مقرر ہوئے ۔۱۳۰۸ھ میں حضرت مولانا رحمت اللہ صاحبؒ بھی وفات پا گئے اللہ تعالیٰ نے حضرت قاری عبداللہ صاحبؒ کا فیض پوری دنیا میں جاری فرمایا، مکہ معظّمہ مرکز اسلام تھا نہ صرف ہندوستان بلکہ دنیا کے کونے کونے سے آکر خلق اللہ نے فیض حاصل کیا۔ حضرت قاری عبداللہ صاحبؒ پڑھانے میں گویا جن تھے، چوبیس گھنٹوں میں سے صرف چار گھنٹے آرام اور باقی اوقات کار تدریس شبانہ روزی کے لئے وقف تھے۔ حضرت قاری عبداللہ مکی صاحبؒ سے ہی آپ کے دونوں چھوٹے بھائیوں حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی الہ بادیؒ اور حضرت قاری حبیب الرحمٰن صاحب مکیؒ نے اولاً روایت حفص میں کمال حاصل کیا اور پھر سبعہ وعشرہ بطریق درہ وطیبہ کا مکمل علم حاصل فرمایا، حضرت قاری حبیب الرحمٰن صاحبؒ عشق واداء میں گویا حضرت قاری عبداللہ صاحبؒ کے نمونہ تھے، بہت ہی اعلیٰ اور نفیس پڑھا کرتے تھے، حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی الہ بادیؒ جو بڑے صاحب علم وفن ہوئے ہیں کبھی کبھی ان چھوٹے بھائی حضرت قاری حبیب الرحمٰن صاحبؒ سے تلاوت کی فرمائش کرتے تھے، اور اس قدر متاثر ہوتے تھے کہ چہرے پر رومال رکھ کر زار زار روتے تھے۔

دونوں بھائیوں نے جب سبعہ عشرہ کی تکمیل کر لی تو بعد ازاں مدرسہ صولتیہ میں تدریس بھی کی ایسے ہی حرم میں نوافل میں قرآن بھی سنایا اہل مکہ کا پیچھے سننے والوں میں ہجوم ہوتا تھا ۔اس سے قبل حضرت قاری عبداللہ مکیؒ بھی تراویح حرم میں سناتے تو بے تحاشہ خلقت کا ہجوم

ہوتا، حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب کیرانوی مکیؒ، حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی استاذ القراء شیخ ابراہیم سعد مصریؒ اور دیگر زعماء جن میں شریف مکہ بھی شامل ہیں اکثر تراویح حضرت قاری عبداللہ مکیؒ کی اقتداء میں ہی ادا فرماتے۔

فن کی تکمیل کے بعد ایک دن حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ نے حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مکیؒ سے باہم مشورے کے بعد حضرت قاری عبداللہ مکیؒ اور حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ کو طلب فرمایا اور حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ کو مخاطب کر کے فرمایا کہ ہندوستان جاؤ اور اس فن کی خدمت کرو۔ یہ ۱۳۰۰ھ کے لگ بھگ کا زمانہ ہے۔ حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ حجاز سے ہندوستان میں کانپور تشریف لائے اور کانپور میں مدرسہ جامع العلوم میں تدریسی سرگرمیاں شروع فرمائیں، جامع العلوم کانپور بہت بڑی درسگاہ تھی اس کے بانی اور صدر تعلیم حضرت مولانا احمد حسن کانپوریؒ (خلیفہ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکیؒ) تھے۔ جامع العلوم کانپور میں آپ سے مولانا احمد حسن کانپوریؒ کے صاحبزادگان حضرت مولانا قاری نثار احمد کانپوریؒ۔ حضرت مولانا مشتاق احمد کانپوریؒ اور دیگر حضرات جن میں حضرت قاری ضیاء الدین صاحب صدیقیؒ اور مولانا قاری فضل حق مچھلی شہریؒ آبادی اور قاری عبدالستار کانپوریؒ جیسے نامور حضرات نے استفادہ فرمایا اس کے علاوہ جامع العلوم کے بعض مدرسین نے بھی آپ کے سامنے زانوئے تلمذ طے کیا۔

حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ کے حالات لکھتے ہوئے عموماً تذکرہ نگاروں نے لکھا ہے کہ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ نے مکہ معظمہ سے واپس ہندوستان آ کر جامع العلوم میں درس نظامی کی تکمیل فرمائی مگر یہ بات بالکل غلط ہے۔

دراصل یہ دوسرے قاری عبدالرحمٰن تھے جو جون پور کے رہنے والے تھے اور پیر مہر علی شاہ صاحبؒ کے خلفاء میں سے ہوئے ہیں۔ انہوں نے جامع العلوم کانپور میں تعلیم حاصل کی جیسے "مہر منیر سوانح پیر مہر علی شاہ صاحبؒ" میں بڑے واضح انداز میں تحریر ہے:

''قاری عبدالرحمٰن جونپوریؒ بھی مدرسہ صولتیہ میں کچھ عرصہ مقیم رہے تھے اور مولانا رحمت اللہؒ اور قاری عبداللہؒ کے شاگرد تھے انہوں نے ابتداءً ہندوستان میں مولانا احمد حسن کانپوریؒ سے تعلیم حاصل کی تھی۔'' (مہر منیر صفحہ ۱۲۷)

جبکہ حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ کے متعلق تحریر کیا ہے:

''قاری عبداللہؒ کے چھوٹے بھائی عبدالرحمٰنؒ نے بھی مدرسہ صولتیہ میں تعلیم پائی اور وہاں سے واپس آ کر کانپور میں کچھ عرصہ قیام فرمایا جہاں مولانا احمد حسن کانپوریؒ کے فرزندان و دیگر مشہور طلباء نے آپ سے علم تجوید وقرآءت حاصل کیا''۔ (مہر منیر صفحہ ۱۲۶)

ان دونوں بیانات سے واضح طور پر معلوم ہو رہا ہے کہ یہ دونوں حضرات دو الگ الگ شخصیات ہیں جو کہ ہیں تو دونوں مدرسہ صولتیہ کے فارغین میں سے ہی مگر قاری عبدالرحمٰن جونپوریؒ نے کانپور میں آ کر پڑھا ہے جبکہ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ نے جو قاری عبداللہ مکیؒ کے چھوٹے بھائی ہیں انہوں نے مولانا احمد حسنؒ کے مدرسے میں آ کر پڑھا نہیں بلکہ پڑھایا ہے۔ اور چونکہ دونوں کے نام ایک ہی ہیں لہٰذا نام ایک ہونے کی وجہ سے واقعات بھی گڈمڈ کر دیئے گئے ہیں۔

۱۳۱۴ھ میں آپ کانپور سے مدرسہ احیاء العلوم الہ آباد جو ریلوے اسٹیشن سے متصل مسجد عبداللہ میں واقع تھا، وہاں تشریف لائے اور تدریس میں مشغول ہوئے، مدرسہ احیاء العلوم میں ابتدا ہی میں جس جماعت نے آ کر تعلیم شروع کی ان میں حضرت قاری عبدالوحید صاحبؒ سابق صدر مدرس تجوید وقرآءت دار العلوم دیو بند، حضرت قاری محمد صدیق صاحب رحیمن سنگھی استاذ کبیر مدرسہ فرقانیہ لکھنؤ (جنہوں نے حفظ حضرت قاری عبداللہ مکیؒ سے کیا اور بقایا تمام فنی استفادہ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ سے فرمایا تفصیل آگے آتی ہے) حضرت قاری محمد عبدالمعبود صاحبؒ مدرس مدرسہ عالیہ فرقانیہ لکھنؤ وغیرھم شامل ہیں۔

بعد میں مدرسہ احیاء العلوم نے برصغیر متحدہ ہندوستان میں آفاقی شہرت حاصل کی حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ کا زیادہ تر فیض اسی مدرسہ سے ظاہر ہوا بے تحاشہ لوگوں نے آپ سے استفادہ فرمایا اور ہر ایک آفتاب و ماہتاب ثابت ہوا۔

حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ نے ۱۳۱۴ھ سے ۱۳۴۸ھ تک یعنی تقریباً چونتیس سال کا طویل عرصہ مدرسہ احیاء العلوم میں فروغ تجوید و قراءت میں صرف کیا۔ حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ شاہی مزاج آدمی تھے جب جی چاہا اور جتنی دیر چاہا پڑھایا، بہت سے طلبہ پڑھنے کے لئے حاضر خدمت رہتے تھے جب تک پختگی نہ ہو پڑے رہو اور پڑھتے رہو کسی کی ہمت نہ تھی کہ فراغت یا سند کی بات بھی کرے، حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ ہر وقت فنی مطالعہ کتب جاری رکھتے تھے، ان جیسا وسیع النظر پورے ہندوستان میں نہ تھا۔ پورے شہر الہ آباد میں ہندو مسلم سب ہی ان کا بے حد احترام کرتے تھے۔ اور نظر نیچی کئے چلتے تھے، بڑے متقی، پرہیزگار، اور اولیاء اللہ میں سے تھے۔

حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ کے حالات کو اب ہم یہیں چھوڑ کر حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ صدر مدرس مدرسہ عالیہ فرقانیہ لکھنؤ اور ان کے برادر کبیر حضرت قاری عبدالخالق سہارنپوریؒ کے حالات قلمبند کرتے ہیں۔

علی گڑھ کے معزز شیوخ صدیقی النسل خاندان میں شیخ جیون علی صاحبؒ کے ہاں پہلے ۱۲۹۸ھ میں ایک لڑکا پیدا ہوا جس نے آگے چل کر استاذ القراء قاری عبدالخالق سہارنپوریؒ کے نام سے شہرت پائی۔

دوسرا لڑکا ۱۳۰۳ھ میں پیدا ہوا جو برصغیر ہندو پاک کے ممتاز شیخ استاذ القراء والمجودین حضرت قاری عبدالمالکؒ کہلائے والد کا حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کی پیدائش سے قبل ہی انتقال ہوگیا۔ حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ نے علی گڑھ ہی میں حفظ کرلیا تھا کہ والدہ صاحبہ نے ۱۳۱۳ھ میں دونوں صاحبزادوں کے ساتھ حج کے لئے رخت سفر

باندھا۔

مکہ معظمہ میں حج کے بعد والدہ محترمہ نے بچوں کی تعلیم وتربیت کے لئے ''طویل قیام'' اختیار فرمایا اور دونوں بھائیوں کو مدرسہ صولتیہ مکہ معظمہ میں داخل کرادیا۔

مدرسہ صولتیہ میں اس وقت بابائے قرآءت شیخ العرب والعجم حضرت قاری عبداللہ مکیؒ اپنے وقت کے مسلمہ استاذ فن تجوید وقرآءت کے معلم اول تھے، استاذی حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ اور استاذی حضرت شیخ قاری عبدالمالک صاحب رحمہما اللہ نے جس دور میں شیخ العرب والعجم حضرت قاری عبداللہ مکیؒ سے استفادہ فرمانا شروع کیا ہے کم وبیش اسی دور کے لگ بھگ سرزمین ہند میں الہ آباد کے مشہور مدرسے احیاء العلوم کا آغاز ہوا ہے اور جس میں مسند تدریس پر حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی الہ آبادیؒ رونق افروز ہوئے ہیں۔

مدرسہ صولتیہ میں داخلہ کے بعد حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ نے قرآن مجید کے حفظ سے لے کر تکمیل روایت حفصؒ تک نیز مدرسہ صولتیہ کے نصاب کے مطابق وہاں عربی کتب میں استعداد بہم پہنچائی، یہ وہ زمانہ تھا جب حضرت حاجی امداداللہ صاحبؒ حیات تھے، مدرسہ کی سرپرستی حضرت حاجی صاحبؒ ہی فرمارہے تھے، حضرت حاجی صاحبؒ نے ۱۳ جمادی الاولی ۱۳۱۷ھ بروز چہارشنبہ فجر کی اذان کے وقت چوراسی سال کی عمر میں داعی اجل کو لبیک کہا جنت المعلیٰ میں اپنے دیرینہ رفیق حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی مہاجر مکیؒ کے پہلو میں مدفون ہوئے۔ حکیم الامت حضرت تھانویؒ نے تاریخ وفات ''حی دخل الخلد/ ۱۳۱۷ھ'' نکالی تھی، حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ اور حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ ۱۳۲۲ھ میں ہندوستان واپس تشریف فرما ہوئے ہیں۔

دونوں بھائیوں کو مدرسہ تجوید القرآن سہارنپور میں کام کی پیشکش ہوئی جسے دونوں جوان قراء نے منظور فرمالیا اور مدرسہ تجوید القرآن سہارنپور میں کام شروع فرمادیا۔ ان دنوں سہارنپور وغیرہ میں جلسوں میں دونوں بھائیوں کی تلاوت سے ان کی بڑی شہرت

ہوئی۔

۱۳۲۸ھ میں دارالعلوم دیوبند کا مشہور و معروف جلسہ ہوا۔ اس جلسے کا انتظام و اہتمام حضرت شیخ الہندؒ نے فرمایا تھا اور خلق اللہ کا ایک ہجوم اس جلسہ میں شریک ہوا تین روزہ اس جلسہ کے آخری روز ایک محفل قرآءت کا اہتمام تھا جس میں پورے برصغیر کے مشائخ جن میں زیادہ تر پانی پتی شیوخ تھے، مدعو تھے، محفل کے آخر میں ان دونوں بھائیوں کی تلاوتیں ہوئیں عربی لباس میں دونوں بھائی جلوہ گر ہوئے بڑی عمدہ عربی لہجوں میں تلاوت کی کہ حاضرین جلسہ کی نگاہیں بے تابانہ ان دونوں بھائیوں کی طرف اٹھیں، چرچے ہوئے نہایت پرتاثیر انداز میں لوگ ایک بالکل نئی آواز میں تلاوت قرآن سن کر بے حد مسرور و شادکام ہوئے، حکیم الامت حضرت تھانویؒ جلسہ میں تشریف رکھتے تھے آکر تعارف حاصل کیا، چونکہ حضرت قاری عبداللہ صاحبؒ ان کے بھی استاذ تھے مل کر بے حد خوشی کا اظہار فرمایا۔ اور حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ سے درخواست کی کہ تم میرے یہاں مدرسہ امدادالعلوم تھانہ بھون آجاؤ پانچ روپیہ ماہانہ تنخواہ مقرر فرمائی، حضرت قاری عبدالمالک صاحب حضرت حکیم الامتؒ کے فرمانے پر تھانہ بھون تشریف لے آئے۔ ایک سال سے زیادہ عرصہ تھانہ بھون میں گزرا۔ تھانہ بھون میں حضرت قاری صاحبؒ سے استفادہ کرنے والوں میں حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی صاحبؒ ان کے برادر اکبر مولانا سعید احمد صاحبؒ، قاری محمد یامین صاحبؒ، قاری عبداللہ تھانوی مراد آبادیؒ، (جو بعد میں حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ سے پورے فن میں مستفید ہو کر ایک اعلیٰ مدرس و مصنف ثابت ہوئے اس کے علاوہ قاری عبداللہ مراد آبادیؒ نے حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ سے بھی استفادہ کیا۔) جناب مظہر علی صاحبؒ برادر خورد حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ اور مولانا شبیر علی صاحبؒ اور ان کے برادران نے تجوید میں استفادہ فرمایا۔

پانچ روپے ماہانہ مشاہرہ کے علاوہ حضرت حکیم الامت تھانویؒ بھی اپنے پاس سے مالی

خدمت کیا کرتے تھے، بہر حال خرچ کوئی زیادہ نہ تھا۔ آمدنی کا بڑا حصہ بھی پس انداز ہی ہو جاتا تھا۔

حضرت تھانویؒ کا تعلق حضرت قاری صاحبؒ سے استاذ بھائی کا ہونے کی وجہ سے برادرانہ اور بے تکلفانہ تھا۔ بعد میں حضرت قاری صاحبؒ کی درخواست پر حضرت تھانویؒ نے آپ کو بیعت بھی فرمایا اور حضرت حکیم الامت نے آپ کو اذکار وغیرہ کی تعلیم بھی فرمائی۔

حضرت حکیم الامتؒ خود بہت اچھے قاری تھے مختلف لہجوں میں پڑھتے تھے آواز میں بہت کشش اور سوز تھا ایک مرتبہ حضرت حکیم الامتؒ نے حضرت قاری صاحبؒ سے فرمایا حرم شریف کے دروازہ پر ایک مصری نابینا قاریہ سورہ یوسفؑ پڑھا کرتی تھیں ان کا نام مریم عمیاء تھا، آپ نے کبھی ان کا بھی سنا؟ حضرت قاری صاحبؒ نے عرض کیا حضرت میں تو ان کا ایک طرح کا شاگرد ہوں وہ جب تک پڑھتی تھیں میں برابر بیٹھا سنتا تھا اور پھر واپس گھر آ کر ان کے لہجے میں مشق کرتا تھا، حکیم الامتؒ نے فرمایا پھر کسی وقت مریم کے لہجے میں سنایئے، حضرت قاری صاحبؒ نے فرمایا کہ حکم ہے تو ابھی سناتا ہوں لیکن کبھی میری طبیعت از خود آمادہ ہوگی تو پھر سناؤں گا انتظار فرمالیجئے۔

حکیم الامتؒ نے فرمایا نہیں جب آپ کی خواہش ہو، ایک روز بادل گھر کر آئے موسم بہت خوشگوار ہوا تو حضرت قاری صاحب نے حضرت حکیم الامتؒ کو اطلاع کرائی کہ مریم کا لہجہ سنئے مگر اپنی جگہ تشریف رکھیں میرے پاس نہ آئیں۔ حضرت قاری صاحبؒ خانقاہ کی مسجد میں تشریف فرماتے وہیں سے پڑھا، حضرت تھانویؒ سن کر بہت محظوظ ہوئے اور بہت دعائیں دیں اور فرمایا واقعی مریم کا یہی انداز تھا۔

حضرت حکیم الامتؒ کو حضرت قاری صاحبؒ سے بڑا قلبی تعلق تھا کافی عرصہ بعد جب حضرت قاری صاحبؒ کی شادی ہوئی تو حضرت قاری صاحبؒ نے حضرت تھانویؒ کو اطلاع

دی اور دعا کی درخواست کی، رات کے وقت علی گڑھ میں شادی کا ہنگامہ تھا کہ اچانک حضرت تھانوی تشریف لائے سونے کی چوڑیوں کا تحفہ دیا اور فوراً واپس ہوئے ہر چند اصرار کیا گیا کہ ٹھہریئے کھانا کھا لیجئے مگر معذرت فرمائی۔

تھانہ بھون میں تقریباً ایک سال سے زیادہ عرصہ گزر چکا تھا کہ حضرت مولانا تھانوی کے چھوٹے بھائی منشی اکبر علی صاحب جو بریلی میں بڑے افسر تھے، تھانہ بھون تشریف لائے انہوں نے حضرت تھانوی سے بے حد اصرار کیا کہ قاری صاحب کے جانشین تو یہاں بہت سے ہو گئے ہیں حضرت قاری صاحب کو میرے ہمراہ بریلی جانے دیجئے وہاں مدرسہ ہے جامع مسجد ہے وہاں طلبہ اور عوام زیادہ مستفید ہوں گے حضرت تھانوی نے اجازت دی تو ۱۳۲۹ھ میں حضرت قاری صاحب بریلی تشریف لے گئے ایک سال تقریباً حضرت قاری صاحب نے بریلی میں قیام فرمایا ۱۳۳۰ھ میں بریلی سے ترک ملازمت فرما کر آپ آگرہ تشریف لے گئے، آگرہ کی جامع مسجد میں جو شہزادی جہاں آراء دختر شاہجہان کی تعمیر کردہ تھی اس میں مدرسہ عالیہ کے نام سے تجوید کا بڑا اچھا مدرسہ تھا حضرت قاری صاحب کچھ دوستوں کے مدعو کرنے پر آگرہ پہنچے وہاں دیگر طلبہ کے علاوہ حضرت قاری حفظ الرحمٰن صاحب پرتاب گڑھی صدر شعبہ تجوید دارالعلوم دیوبند نے حضرت قاری عبدالمالک صاحب سے روایت حفص میں تکمیل کی، حضرت قاری صاحب کے فیضان ہی کی برکت تھی کہ حضرت قاری حفظ الرحمٰن صاحب بہت پرسوز لہجے میں حسینی، مصری اور حجازی لہجوں میں قرآن شریف پڑھا کرتے تھے۔ حضرت قاری صاحب نے یہاں تقریباً چار سال کے عرصہ تک قیام فرمایا، مدرسہ عالیہ میں تدریس کے دوران ہی مدرسہ صولتیہ سے کچھ اصحاب آگرہ وارد ہوئے اور حضرت قاری صاحب کی تدریس کا اعلیٰ معیار معلوم کیا انتہائی خوش ہوئے واپس جا کر حضرت قاری عبداللہ صاحب سے تذکرہ فرمایا۔ حضرت استاذ محترم ازحد خوش ہوئے خط لکھ کر دعائیہ کلمات سے نوازا اور ساتھ مشورہ بھی تحریر فرمایا کہ الہ آباد جا

کر میرے چھوٹے بھائی حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی صاحب الہ آبادیؒ سے سبع عشرہ میں تکمیل کرلو۔

غرض ۱۳۲۴ھ میں حضرت قاری حفظ الرحمٰن صاحب پرتاب گڑھیؒ حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ اور حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ سیدھے الہ آباد مدرسہ احیاء العلوم حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے ، حضرت قاری صاحبؒ کے پاس بڑے قاری صاحب حضرت قاری عبداللہ مکیؒ کا رقعہ بھی تھا لے جا کر پیش کیا' غالباً مکہ معظمہ سے حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ کو بھی خط آچکا تھا۔ حضرت قاری صاحب کی نہایت عمدہ پڑھت اور پرسوز داؤدی آواز سن کر حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ بے حد متاثر ہوئے، حضرت قاری صاحب کے ذمہ بڑے قاری صاحب حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی صاحبؒ نے یہ کام لگایا کہ یہاں جس قدر طلباء برائے تجوید و قرآءت داخل ہیں آپ ان کو مشق کرایا کریں، حضرت قاری صاحبؒ نے ایسا ہی کیا، چنانچہ بہت سے طلباء جو اپنی خامیوں کی وجہ سے رکے پڑے تھے حضرت قاری صاحبؒ نے ان سب کو پٹڑی پر چڑھا کر اس قابل بنایا کہ وہ بڑے قاری صاحب سے استفادے کے قابل بن سکیں، ان میں قاری آل احمد صاحبؒ وغیرھم بہت سے قراء کا نام حضرت قاری صاحبؒ بیان فرماتے تھے۔ گردش ایام کی دھول سے جواب ذہن سے محو ہو گئے ہیں۔

بہر حال ۱۳۲۴ھ میں حضرت قاری صاحبؒ الہ آباد مدرسہ احیاء العلوم میں حاضر ہوئے اور ۱۳۲۷ھ میں سبعہ وعشرہ بطریق درہ وطیبہ میں فراغت حاصل فرمائی، آپ کے ہم سبق ساتھیوں میں قاری عبداللطیف صاحب الہ آبادیؒ ، قاری حفظ الرحمٰن صاحب پرتاب گڑھیؒ، قاری محمد نذر نابیناؒ اور برادر اکبر حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ شامل ہیں۔

حضرت قاری صاحبؒ فرماتے ہیں کہ چونکہ میں اور بھائی صاحب (حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ) حضرت قاری عبداللہ صاحبؒ سے پڑھے ہوئے تھے، اور استفادہ بھی

قریباً نو سال کے طویل عرصہ پر محیط تھا اس لئے حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ نے بڑی شفقت و محبت سے ہمیں داخل مدرسہ فرمایا اور ہر طرح سے راحت و آرام کے انتظامات بذات خود فرمائے چنانچہ ہماری رہائش اور خورد و نوش کا معقول انتظام فرمایا اکثر فرمائش فرما کر ذوق و شوق سے مجھ سے تلاوت سنا کرتے تھے۔ شاطبیہ۔ درہ اور طیبہ کی پڑھائی کے دوران نیز اجراء سبعہ و عشرہ میں اکثر میں اور کبھی کبھی بڑے بھائی صاحب (حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ) پڑھا کرتے تھے۔

حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ عمدہ آوازوں کے عاشق زار تھے خود بھی نہایت عمدہ پڑھتے اور عمدہ پڑھت سن کر بے حد محظوظ ہوتے تھے بہر حال تکمیل کے بعد حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ تو واپس مدرسہ تجوید القرآن سہارنپور تشریف لے گئے، جبکہ حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ بڑے قاری صاحب کے حکم سے مدرسہ عالیہ فرقانیہ لکھنؤ کے استاذ مقرر ہوئے چنانچہ ۱۳۲۷ھ میں فرقانیہ پہنچے حضرت مولانا عین القضاۃ صاحبؒ نے تلاوت سن کر بہت پسندیدگی اور انبساط کا اظہار فرمایا۔

مدرسہ عالیہ فرقانیہ کا تاریخی پس منظر یہ ہے کہ مدرسہ عالیہ فرقانیہ کی تاسیس ۱۳۲۸ھ میں ہوئی حضرت مولانا عین القضاۃ صاحبؒ کے والد گرامی سید وزیر علی صاحبؒ اس کے بانی تھے۔ مدرسہ عالیہ فرقانیہ کا نام حضرت مولانا قاری ضیاء الدین صاحبؒ (۱۲۹۰ھ۔ ۱۳۷۱ھ/ ۱۸۷۳ء۔ ۱۹۵۱ء) کے مشورہ سے رکھا گیا۔ حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ مدرسہ عالیہ فرقانیہ کے اولین مدرس برائے تجوید و قراءات مقرر ہوئے، سید وزیر علی صاحبؒ نے ۱۳۳۱ھ میں وفات پائی اور مدرسہ فرقانیہ میں ہی آرام فرما ہیں، اس کے بعد مولانا عین القضاۃ صاحبؒ نے مدرسہ عالیہ کا انتظام سنبھال لیا۔ حضرت مولانا عین القضاۃ صاحبؒ کی ولادت ۲۵/ ربیع الاول ۱۲۷۵ھ مطابق ۳ نومبر ۱۸۵۸ء بروز چہار شنبہ حیدر آباد دکن میں ہوئی والدہ کا انتقال بچپن میں ہی ہوگیا۔ حضرت مولانا عین القضاۃؒ صاحب کی عمر تین یا چار

سال تھی کہ والد سید وزیر علی مکہ معظمہ تشریف لے گئے۔ وہاں مکہ معظمہ میں قرآن ناظرہ و حفظ اور عربی فارسی اور اردو کی ابتدائی تعلیم حاصل کی تجوید وقرآءت بھی سیکھی سبع قرآءت کے اچھے شناور تھے، مدرسہ فرقانیہ میں اگر طلباء سبع کی پڑھائی کے دوران غلطی کرتے تو آپ ٹوک دیا کرتے تھے۔ مگر تجوید قرآءت کی تدریس نہیں فرمائی مدرسہ صولتیہ میں بھی تعلیم حاصل کی مگر مدرسہ صولتیہ کے اولین دور میں ہی واپسی ہندوستان کی ہوگئی۔ شاید اولین متعلمین میں آپ بھی شریک رہے ہوں۔ بعض مواقع پر آپ کو صولتیہ کے متعلم ہونے کی بناء پر حضرت قاری عبداللہ مکیؒ کا شاگرد بتایا جاتا ہے جو قرین قیاس معلوم نہیں ہوتا شاید حضرت قاری عبدالقادر مدراسی الازہریؒ یا حضرت قاری ابراہیم سعد مصریؒ سے تلمذ رہا ہو۔ واللہ اعلم۔

۱۲۹۲ھ کے لگ بھگ واپس ہندوستان تشریف لائے اور یہاں مولانا عبدالحی فرنگی محلیؒ سے استفادہ فرمایا علوم کی تکمیل فرنگی محل میں ہی فرمائی حضرت مولانا عبدالحئی فرنگی محلیؒ نے ۱۳۰۴ھ میں انتقال فرمایا، ان کے انتقال کے بعد لوگوں کی نظریں حضرت مولانا عین القضاۃؒ کی طرف اٹھنے لگیں مولانا نے بھی بڑی شان اور استقلال سے پڑھایا، درجن بھر کتب پر آپ نے حواشی تحریر فرمائے جن میں سے کچھ آج بھی داخل نصاب ہیں اور پڑھے پڑھائے جاتے ہیں۔

مدرسہ عالیہ فرقانیہ میں تجوید و قرآءت کے حوالے سے جو کام ہوا وہ بڑی بڑی یونیورسٹیوں میں ہونا بھی ناممکن ہے حضرت مولانا عین القضاۃ صاحبؒ نے مدرسے کا انتظام سنبھالنے کے بعد مدرسہ کو ترقی دے کر بڑے اعلیٰ پیانہ پر پہنچادیا، حفظ وقرآن، تجوید و قرآءت ودیگر علوم دینیہ کی انتہائی تعلیم کا نصاب مرتب کیا گیا، مدرسہ میں ان علوم کے ساتھ خوشنویسی، اردو، فارسی اور علم الحساب کا بھی انتظام تھا، مدرسہ کو بام عروج تک پہنچانے میں حضرت مولانا عین القضاۃ صاحبؒ کا خلوص شامل تھا مدرسہ کی ترقی وترویج کے لئے آپ

نے امام اہل سنت حضرت مولانا عبدالشکور صاحب فاروقی لکھنوی کو لکھنؤ بلوایا۔ اور ان کو اپنے مدرسہ کی بعض اہم ذمہ داریاں سپرد فرمائیں نیز ایک معقول مشاہرہ مقرر فرمایا، چنانچہ مولانا عبدالشکور صاحب لکھنوی نے ہی مدرسہ میں سب سے پہلے درجہ بندی کی اور فارسی اور عربی کے نئے شعبہ جات کے اضافے کے ساتھ حفظ اور تجوید وقرآءت کی تعلیم کی طرف خصوصی توجہ دی جو آگے چل کر اس مدرسے کا امتیازی وصف ثابت ہوا۔

۱۳۴۲ھ کے لگ بھگ مدرسہ میں یہ سب اقدامات کئے گئے اول حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی صاحب سے درخواست کی گئی کہ وہ لکھنؤ تشریف لا کر مدرسہ عالیہ فرقانیہ کی صدر مدرسی کی مسند کو رونق بخشیں۔ مگر حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب نے مدرسہ احیاء العلوم کی روز افزوں تدریسی خدمات سے الگ ہونا مناسب نہ سمجھا، بہر حال آپ کی جگہ آپ کے چھوٹے بھائی حضرت قاری حبیب الرحمٰن صاحب مکی حجاز سے لکھنؤ تشریف لائے جو فن میں کامل اور تجوید قرآءت میں حضرت قاری عبداللہ مکی صاحب کے فیض یافتہ تھے انہوں نے مسند صدر مدرسی کو رونق بخشی۔

مدرسہ عالیہ فرقانیہ کا یہ دور فن کے ارتقاء کا دور تھا۔ حضرت قاری عبدالمالک صاحب بھی ۱۳۴۷ھ میں مدرسہ عالیہ فرقانیہ میں تشریف لے آئے۔ مدرسہ کا ماحول خوبصورت عربی مصری اور حجازی لہجوں سے گونج اٹھا جس کے لئے مدرسہ حضرت قاری حبیب الرحمٰن مکی حضرت قاری محمد صدیق میمن سنگھی اور حضرت قاری عبدالمالک صاحب کا ممنون احسان تھا بقایا حضرات جن میں حضرت قاری ضیاء الدین احمد صاحب ' حضرت قاری محمد نذر صاحب ، حضرت قاری عبدالمعبود صاحب وغیرھم شامل ہیں۔ نیز حضرت قاری ضیاء الدین صاحب کے صاحبزدگان پڑھت میں پرکشش آواز کے مالک نہ تھے۔ البتہ علمی اور تصنیفی اعتبار سے خاصی امتیازی شان کے مالک رہے ہیں اور اس میں شک نہیں کہ حضرت قاری ضیاء الدین صاحب حضرت قاری عبدالمعبود صاحب اور حضرت قاری ابن ضیاء محب الدین احمد

صاحبؒ سے فیض خوب جاری ہوا۔

۱۳۴۰ھ کے لگ بھگ حضرت قاری حبیب الرحمٰن صاحب مکیؒ کو دمہ کا عارضہ ہو گیا اس سے پہلے میں لکھ آیا ہوں کہ حضرت قاری حبیب الرحمٰن صاحبؒ بہت سریلی اور خوبصورت آواز کے مالک تھے اور بہت عمدہ پڑھا کرتے تھے۔ یہ بات میں نے اپنے شیخ محترم سے سنی ہے اور اس کے علاوہ الشیخ القاری محمد حسن الامروھویؒ سے بھی سنی ہے حضرت قاری محمد حسن صاحبؒ کو کچھ عرصہ حضرت قاری صاحبؒ سے بھی فیض اٹھانے کا موقعہ ملا بعد ازاں تکمیل حضرت قاری محمد صدیق میمن سنگھیؒ سے کی تھی۔ بہر حال دمہ کے عارضہ میں مبتلا ہونے کے بعد قاری حبیب الرحمٰن صاحبؒ منجھلے بھائی حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ کے پاس احیاء العلوم الہ آباد تشریف لے گئے۔

علاج معالجہ کا سلسلہ چلتا رہا مگر آخر قاری حبیب الرحمٰن صاحبؒ نے ۱۳۴۲ھ میں اس مرض دمہ کی وجہ سے وفات پائی۔

حضرت قاری حبیب الرحمٰن صاحبؒ کی وفات کے بعد صدر مدرسی کا منصب خالی ہو گیا حضرت مولانا عین القضاۃ صاحبؒ نے حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ سے رابطہ فرمایا اور اس سلسلے میں بڑے قاری صاحبؒ کی رائے دریافت فرمائی، بڑے قاری صاحبؒ نے حضرت مولاناؒ کو مشورہ دیا کہ حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ صدر مدرسی کے منصب کے لئے موزوں ترین ہیں اور حقیقت حال بھی یہی تھی کہ اس وقت سرزمین ہند میں نہایت مضبوط اور عمدہ پڑھت اور خوبصورت ادا کے لحاظ سے حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کا کوئی مدمقابل نہ تھا۔ اور فن کی اصل اساس عمدہ اور مضبوط پڑھت اور ادا ہی ہوتی ہے۔

حضرت مولانا عین القضاۃ صاحبؒ نے اپنی اس رائے کا اظہار مدرسہ کے اہم اراکین مدرسین کے سامنے کر بھی دیا اور پھر وہاں سے ایک ایسی افسوس ناک صورت حال پیدا ہوئی جس کا سلسلہ ایک لامتناہی بیان بازی کی شروعات کو اپنے جلو میں لئے ہوئے پیدا ہوا اور

پھر جان بوجھ کر سوچی سمجھی سکیم کے تحت ایک لا یعنی جھوٹ کو اس قدر پھیلایا گیا کہ سچ اس جھوٹ کی دبیز تہوں میں کہیں دور چھپ گیا، دراصل صدر مدرسی کے منصب کے خالی ہونے کی وجہ سے حضرت قاری ضیاء الدین احمد صاحبؒ اور ان کے متعلقین کا یہ خیال تھا کہ یہ منصب حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ کو ملے گا، مگر بڑے قاری صاحبؒ نے اس منصب کا مستحق حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کو جانا، جیسا کہ ان وجوہات کا میں نے اوپر ذکر بھی کیا کہ حضرت استاذؒ کا انتخاب اس منصب کے لئے کیوں عمل میں لایا گیا۔

حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ اور ان کے متعلقین نے حضرت مولانا عین القضاۃ صاحبؒ کو کہا کہ حضرت قاری عبدالمالکؒ نے تو سبع قرآءت حضرت قاری ضیاء الدینؒ سے پڑھی ہے۔ لہٰذا استاذ کے ہوتے ہوئے یہ منصب شاگرد کو کیوں دیا جائے۔ مولانا عین القضاۃ صاحبؒ کو اس خبر نے اچھنبے میں ڈال دیا۔ حقیقت حال کی دریافت کے لئے انہوں نے حافظ احمد صاحبؒ مہتمم مدرسہ کو حضرت قاری صاحبؒ کے پاس ان کے کمرے میں بھیجا، حضرت قاری صاحب طلباء کو پڑھا کر فارغ ہو چکے تھے اور گھر جانے کی تیاریوں میں مصروف تھے کہ حافظ احمد صاحبؒ آن پہنچے۔ حافظ صاحبؒ کے استفسار کرنے کی دیر تھی کہ حضرت قاری صاحبؒ آگ بگولہ ہو گئے اور اس واہیات استفسار پر حافظ صاحب کو مارنے کے لئے بید اٹھا لیا۔ حافظ احمد صاحبؒ نے غصے کا یہ عالم دیکھا تو وہاں سے نکلنے میں عافیت جانی حضرت قاری صاحبؒ فوری طور پر گھر تشریف لے گئے اور دوسرے دن استعفیٰ لکھ کر مدرسے بھجوا دیا، حضرت کے استعفیٰ سے مدرسہ عالیہ فرقانیہ میں ایک زلزلے کی سی کیفیت پیدا ہو گئی۔

حضرت مولانا حیدر حسن صاحب ٹونکیؒ جو ندوۃ العلماء میں شیخ الحدیث بھی رہے ہیں اور تجوید و قرآءت میں حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ کے فیض یافتہ ہیں وہ بڑے عرصہ سے حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کو ٹونک میں تجوید و قرآءت کے فروغ کے سلسلہ کے لئے

لے جانا چاہتے تھے مگر حضرت قاری صاحبؒ ان کو ٹال رہے تھے۔ حضرت قاری صاحبؒ نے فوری طور پر ان سے رابطہ کیا اور ۱۳۴۲ھ میں آپ ٹونک تشریف لے گئے، مدرسہ عالیہ میں آپ کے معین اور آپ کے تلمیذ حضرت قاری محمد سابق صاحبؒ بھی آپ کے ساتھ تھے، ٹونک میں حضرت قاری صاحب کا قیام تقریباً دو سال کے لگ بھگ رہا ہے۔ ٹونک میں آپ سے استفادہ کرنے والوں میں بڑے نامور تلامذہ کے نام آتے ہیں جن میں قاری مولا بخش ٹونکویؒ اور قاری حبیب اللہ صاحب ٹونکویؒ شامل ہیں جو بعد ازاں کراچی تشریف لے آئے اور یہاں تجوید و قرآءت کا بیش بہا کام کیا۔

حضرت قاری صاحبؒ کے مدرسہ فرقانیہ لکھنؤ سے چلے آنے کے بعد کام میں خلل پڑا حضرت مولانا عین القضاۃ صاحبؒ نے تحقیق حال کے لئے تفتیش کی اور مزید تحقیق و تسلی کیلئے حضرت قاری عبد الرحمٰن مکیؒ سے بھی رجوع کیا اور مکمل تسلی کر لینے کے بعد قاری ضیاء الدین صاحبؒ، منشی اصغر علی اور دیگر اور حضرات کو مدرسہ سے خارج کر دیا، اس دوران چند طلباء جو عمومی طور پر حقیقت حال سے بے خبر تھے انہوں نے مدرسہ عالیہ کی کلاسوں کا بائیکاٹ کیا اور مدرسہ کو چھوڑ کر الہ آباد چلے گئے جہاں قاری ضیاء الدین صاحبؒ نے مدرسہ عالیہ فرقانیہ سے علیحدگی کے بعد مدرسہ سبحانیہ کے نام سے مدرسہ قائم کیا تھا، ان ہی خارج کئے جانے والے طلباء میں قاری اظہر حسن امروہویؒ بھی شامل تھے۔ اس اخراج اور ہڑتال کے اشارے قاری بسم اللہ بیگ صاحبؒ کی تذکرہ قاریان ہند کی جلد سوم صفحہ ۱۲ پر ملتے ہیں اور اسی طرح قاری اظہر حسن صاحب کے حالات جو تذکرہ کی جلد سوم صفحہ نمبر ۶ و ۷ پر موجود ہیں ان میں بھی اس اخراج اور علیحدگی کا اشارہ ہے۔

حضرت قاری صاحبؒ کے قیام ٹونک کے زمانے میں ہی علی گڑھ یونیورسٹی کے ارباب اختیار نے شعبہ تجوید و قرآءت کے لئے حضرت قاری عبد المالک صاحبؒ کو دعوت دی ابتدائی گفت و شنید کے بعد حضرت نے علی گڑھ یونیورسٹی آنے کی ہامی بھر لی۔ مولانا عین

القضاۃ صاحبؒ کو حضرت قاری صاحبؒ کے علی گڑھ یونیورسٹی جانے کا معلوم ہوا تو تڑپ اٹھے بے اختیار حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ کو الہ آباد پیغام بھیجا کہ جس طرح بھی ہو حضرت قاری صاحب کو واپس مدرسہ عالیہ فرقانیہ لایا جائے، حالانکہ حضرت مولاناؒ کی یہ عادت رہی کہ جس مدرس کو مدرسہ سے خارج کر دیا گیا یا وہ از خود استعفیٰ دے کر چلا گیا اس کی خدمات کو دوبارہ کبھی مدرسہ کے لیے حاصل نہیں کیا گیا، مگر حضرت قاری صاحبؒ کے لئے مولانا عین القضاۃؒ صاحب نے پہلے از خود انتہائی کوشش کی اور بعد ازاں اپنی کوششوں کو رائیگاں جاتے دیکھ کر حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ سے استدعا کی۔

قاری عبدالرشید صاحبؒ (فرزند حضرت قاری صاحبؒ) کا بیان ہے کہ ایک روز دوپہر کے وقت گرمی میں ٹونک کے مدرسے میں اچانک حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ تشریف لائے اور کھڑے رہے تشریف فرما نہیں ہوئے، حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ نے بیٹھنے کی درخواست کی تو فرمایا کہ پہلے ایک وعدہ کرو تو بیٹھتا ہوں ورنہ بغیر بیٹھے واپس جا رہا ہوں، حضرت قاری صاحب نے عرض کیا جو حکم ہوگا سر آنکھوں پر منظور ہوگا۔ بڑے قاری صاحبؒ نے فرمایا واپس مدرسہ عالیہ فرقانیہ چلو، تمہارے آنے کے بعد فرقانیہ کے تعلیمی کام میں بہت حرج اور نقصان ہو رہا ہے۔ عرض کیا گیا بہتر ہے۔ بڑے قاری صاحبؒ تشریف فرما ہوئے اور واپسی کا پروگرام طے کر کے ایک دو روز بعد واپس اپنے ہمراہ حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کو لے کر لکھنؤ مولانا عین القضاۃ صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہو گئے، اس کے کچھ عرصہ بعد ہی ۱۲/ رجب ۱۳۴۳ھ مطابق ۸ جنوری ۱۹۲۵ء عصر و مغرب کے درمیانی وقت میں حضرت مولانا عین القضاۃؒ نے رحلت فرمائی بڑے قاری صاحبؒ نے حضرت مولاناؒ کی نماز جنازہ پڑھائی مدرسے کے احاطے میں والد کے پہلو میں ہی سپرد خاک کیے گئے۔

حضرت مولاناؒ کے انتقال کے بعد مدرسہ کی سرپرستی عملی طور پر حضرت قاری عبدالرحمٰن

صاحبؒ کے پاس آ گئی لیکن آپ اس کے باوجود مدرسہ احیاء العلوم الہ آباد سے ہی منسلک رہے۔ حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ کے حضرت قاری صاحبؒ سے اس قدر قریبی اور گہرے روابط تھے کہ بڑے قاری صاحبؒ حضرت قاری صاحبؒ کے بچوں کو اپنے پاس بٹھاتے، ان سے بے تکلف کھیلتے۔ قاری عبدالرشید صاحبؒ (فرزند حضرت قاری صاحبؒ) کا بیان ہے کہ ہم اس قدر بے تکلف تھے کہ بڑے قاری صاحبؒ کے کاندھوں پر چڑھ جاتے اور بڑے قاری صاحبؒ ہمیں گود میں اٹھائے ہوئے بہت خوش ہوتے۔

حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ کے ان کاموں میں ملوث ہونیکی وجہ سے حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ کا ان سے ناراض ہونا فطری امر تھا، اسی لئے جب احیاء العلوم الہ آباد میں حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ کے چھوٹے صاحبزادے قاری محب الدین احمد صاحبؒ نے بڑے قاری صاحبؒ سے قرآءت عشرہ بطریق درہ وطیبہ میں استفادہ فرمایا نیز قرآءت سبع بطریق التیسیر اور الشاطبیہ میں استفادہ فرمایا تو بڑے قاری صاحبؒ نے سند و اجازت مرحمت نہ فرمائی بلکہ ارشاد فرمایا کہ اپنے والد صاحب یعنی حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ سے لے لو (دیکھو تذکرہ قاریان ہند جلد سوم صفحہ نمبر ۵) حالانکہ اسی آخری جماعت میں حضرت قاری محبوب علی صاحبؒ بھی تھے جو بعد ازاں گولڑہ پاکستان آ گئے تھے۔ انہیں آپ نے سند فراغت مرحمت فرمائی۔

حضرت بڑے قاری صاحبؒ کی حیات میں یہ معاملات دبے رہے ۱۳۴۸ھ میں بڑے قاری صاحب مدرسہ عالیہ فرقانیہ والوں کی درخواست پر لکھنؤ تشریف لے آئے اور صدر مدرس کے منصب پر متمکن ہوئے۔ بڑے قاری صاحبؒ کے بڑھاپے کا زمانہ تھا مگر لکھنؤ کے مدرسہ عالیہ میں بھی آپ سے بہت سے حضرات نے استفادہ فرمایا ہے ۶/ جمادی الاولی ۱۳۴۹ھ مطابق ۱۹۳۰ء بروز منگل آپ نے رحلت فرمائی جھوائیں ٹولہ محبوب گنج میں مدفون ہوئے، قبر اب بھی موجود ہے اور زیارت گاہ عام ہے۔

بڑے قاری صاحبؒ کے انتقال کے بعد فرقانیہ کے رئیس الاساتذہ دوبارہ حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ ہوئے۔ تعلیمی کام میں کسی قسم کا کوئی رخنہ پیدا نہیں ہونے دیا بدستور شاندار انداز میں تدریسی کام چلتا رہا۔ بڑے قاری صاحبؒ نے تجوید کے طلباء کے لئے تدریسی کتاب فوائد مکیہ تصنیف فرمائی جوفن کی تمام کتب یعنی صرف اردو ہی نہیں بلکہ عربی کی متداول کتب میں بھی بڑی جامعیت کی حامل ہے اور اپنے تالیف کے بعد ہی تمام مدارس تجوید میں داخل درس رہی ہے۔ حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ نے فوائد مکیہ کے حواشی تعلیقات مالکیہ کے نام سے بڑے شاندار مباحث پر مشتمل تحریر فرمائے، علمی حلقوں میں حواشی مذکور کو بہت پذیرائی ملی، مگر حضرت قاری ضیاءالدین احمد صاحبؒ کے تلامذہ میں غم وغصے کی لہر دوڑ گئی۔ اس وقت کے اردو جرائد میں فرضی ناموں سے حضرت قاری صاحبؒ کے حواشی پر تنقیدیں کی گئیں۔ تنقیدیں ہی نہیں غیر شائستگی کے انداز میں تضحیک تک نوبت پہنچائی گئی، کہیں اذلاق واصمات پر اور کہیں سورۂ براءت کے ابتداء میں بسملہ کے مسئلہ پر اور کہیں اخفاء پر، حالانکہ اخفاء کے مسئلہ پر خود حضرت مصنف ”فوائد مکیہ“ کے قلم کا لکھا ہوا رسالہ بھی ہے کتاب میں بھی حضرت مصنفؒ کے لکھے ہوئے حواشی موجود ہیں حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ نے مدلل ثابت فرمایا ہے کہ نون مخفاۃ کی ادائیگی میں آنے والے حرف کا اثر نہیں ہونا چاہیے مگر الٹی سیدھی بحث کرنے والوں نے اس حاشیہ کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا اور یہ اس لئے کیا گیا کیونکہ ان کے سلسلہ کے شیخ حضرت قاری ضیاءالدین صاحبؒ نے اپنی عربی کتاب ”خلاصۃ البیان“ میں لکھا ہے کہ ”نون مخفاۃ ادا ہوتے وقت الممزوج بالحروف الاتی ہوتا ہے۔ اس وقت کے رسائل میں اس قدر شور مچایا گیا کہ حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ کے نظریئے کے بالکل برخلاف لمبے چوڑے مضامین کا انبار لگا دیا گیا۔ اور اس کے ساتھ ساتھ ایک رسالہ بھی لکھا گیا جس کا نام ”اشعۃ الضیاء“ ہے جو اس سلسلہ کی کڑی ہے اس رسالہ میں کہیں حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ کے نون مخفاۃ کے رسالہ کو مشکوک

ٹھہرایا گیا تو کہیں حضرت قاری صاحبؒ کے حواشی فوائد مکیہ پر زوردار تنقید کی گئی اور کہیں حضرت قاری حفظ الرحمٰن صاحبؒ کے جمال القرآن کے حواشی کو تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ ان تمام کاروائیوں کو در پردہ اور کبھی کھل کر یہ قاری اظہر حسن صاحب موصوف سرانجام دے رہے تھے۔

حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ نے ان تمام معاملات پر خاموشی اختیار فرمائے رکھی لیکن مخالفت کرنے والے اس پر بھی خاموش نہ ہوئے اس کے بعد قاری اظہر حسن صاحبؒ نے قراء کے حالات پر ''دور رحمانیہ ضیائیہ'' کے نام سے کتاب لکھی جس میں بڑے مستند انداز میں اور باوثوق طریقے سے تحریر کر دیا گیا کہ حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ، قاری ضیاء الدین صاحبؒ کے شاگردوں میں سے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ قاری صاحبؒ کے برادر اکبر حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ کا نام بھی شامل کر لیا گیا۔ اس بات کو بعد میں تذکرہ قاریان ہند میں شامل کر لیا گیا۔ قاری ضیاء الدین صاحبؒ کی کتابوں کے ساتھ جو ان کے حالات چھاپے گئے ان میں ان دونوں بھائیوں کو اور بہت سے حضرات کو حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ کا شاگرد بنا ڈالا گیا۔ تذکرہ نگار ہر دور میں برابر اس بات کو دہراتے رہے مگر یہ بات ہے حرف غلط کی طرح مٹانے کے قابل انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اب وہی حرف جنوں سب کی زباں ٹھہری ہے
جو بھی چل نکلی ہے وہ بات کہاں ٹھہری ہے
(فیض)

کسی اہل علم سے پڑھنا کوئی بری بات نہیں، امام نافع مدنیؒ نے ستر (۷۰) تابعین سے پڑھا، اس سے امام نافعؒ کی توقیر میں کمی نہیں اضافہ ہوتا ہے۔ ایسے ہی علامہ جزریؒ نے چالیس سے زیادہ شیوخ سے استفادہ فرمایا۔ مگر صحیح واقعہ تو ہوا گر حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ،

مریم عمیاء مصریہؒ کو اپنا استاذ مانتے تھے۔حرم شریف کے شیخ المؤذنین کو اذان میں اپنا استاذ تسلیم کرتے تھے۔اور اس کی تربیت میں منارۂ حرم میں اذان دیتے تھے۔اگر ان کو مدرسہ صولتیہ کے تمام اساتذہ عربی کتب حتیٰ کے استاذ خوشخطی تک سے تلمذ کا اعتراف کرنے میں بھی فخر محسوس ہوتا تھا تو حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ سے استفادہ کر کے اقرار کرنے میں کیا انکار ہوسکتا تھا،مگر واقعۃً ایسا ہوا ہی نہیں تو یہ زبردستی کا اقرار آخر کیوں کرایا جائے۔

''دور رحمانیہ ضیائیہ'' کے مؤلف کہنا چاہتے ہیں کہ ہندوستان میں تجوید وقراءت کی تمام نشر و اشاعت کا فروغ صرف دو ہستیوں سے ہوا ایک حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی صاحبؒ اور دوسری حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ۔مگر اس قسم کا ادعا فضول ہے، ہندوستان میں حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب محدث پانی پتیؒ کا بہت بڑا فیض جاری ہوا جس کو پانی پتی حضرات کا سلسلہ کہنا چاہیے۔حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی الہ بادیؒ کا اہل ہند اور مدارس پر بہت بڑا احسان ہے ایسے ہی حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ کا بھی بے شک بہت بڑا فیض جاری ہوا ہے مگر یہ بات کہنے دیجئے کہ آخر میں اللہ تعالیٰ نے جس قدر کام حضرت قاری عبدالمالک صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے لیا ہے (خاص طور پر پاکستان میں تو کل فیض ہی ان کا پھیلایا ہوا ہے) وہ بڑے بڑے اساتذہ فن کے حصہ میں بھی نہیں آیا۔گویا حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی الہ بادیؒ کے صحیح جانشین ، جناب قاری ضیاء الدین صاحبؒ نہیں حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ ہوئے ہیں۔برصغیر پاک و ہند میں وہ اساتذہ فن جن کا تدریسی فیض خوب عام ہوا اور جنہوں نے حضرت قاری عبداللہ مکیؒ مدرس اول برائے مدرسہ صولتیہ سے استفادہ فرمایا انگلیوں پر گنے جاسکتے ہیں جن میں نمایاں نام یہ ہیں۔

۱۔ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ الہ بادی فاضل قراءات سبعہ وعشرہ (بطریق الشاطبیہ الدرہ اور الطیبہ) صدر مدرس احیاء العلوم الہ آباد۔

۲۔ حضرت قاری محمد سلیمان بھوپالیؒ فاضل قراءات سبعہ وعشرہ۔آپ کا فیض

بھوپال میں خوب عام ہوا۔

۳۔ حضرت قاری مرزا محمود بیگ ؒ فاضل قراءات سبعہ وعشرہ (داماد حضرت قاری عبداللہ مکیؒ)۔آپ نے بھی بھوپال میں کام کیا۔

۴۔ حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ (جنہوں نے روایت حفصؒ میں حضرت قاری عبداللہ صاحبؒ سے اور سبعہ عشرہ میں حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ سے استفادہ فرمایا ہے)۔

۵۔ حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ (آپ نے بھی روایت حفصؒ میں حضرت قاری عبداللہ صاحبؒ سے اور سبعہ عشرہ میں حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ سے استفادہ فرمایا ہے۔

۶۔ حضرت قاری عبدالوحید صاحبؒ صدر مدرس دارالعلوم دیوبند کہ آپ نے سبعہ و عشرہ کی پوری تعلیم حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ سے حاصل کی پھر حج کے لئے مکہ مکرمہ تشریف لے گئے تو قاری عبداللہ صاحبؒ کو بطور تبرک کچھ سنایا اور توثیق حاصل کی ہے۔تفصیل ھدیۃ الوحید مطبوعہ دیوبند کے آخری صفحات پر ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

اس کے علاوہ حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ اور حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب مکی لکھنویؒ فاضل قرآءت سبعہ وعشرہ (برادر خورد حضرت قاری عبداللہؒ و حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ) نے حضرت قاری عبداللہ مکیؒ سے پڑھا تو ہے مگر اول الذکر نے تجوید و قرآءت کی تدریس ہی نہیں فرمائی اور ثانی الذکر کے تلامذہ کی تفصیل سے کتب تاریخ خاموش ہیں۔

بہرحال مقصود عرض مدعا یہ ہے کہ قاری ضیاء الدین صاحبؒ نے حضرت قاری عبداللہ صاحب مکیؒ سے کچھ نہیں پڑھا بلکہ غالباً زیارت بھی نہیں کی ہے۔حضرت قاری ضیاء الدین

صاحب ؒ پڑھت میں پر کشش آواز کے مالک نہ تھے اور یہی شان ان کے صاحبزدگان اور تلامذہ کی بھی رہی ہے جیسا کہ میں اس سے پہلے بھی لکھ آیا ہوں مگر حضرت قاری عبدالمالک صاحب ؒ کا مقام، پختہ ادائیگی اور شاندار لہجہ عربی وحجازی کی وجہ سے اس قدر پرکشش اور انفرادی خصوصیت کا مالک تھا کہ مثال ملنی مشکل تھی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایسا نفیس فطری ملکہ عطا فرمایا تھا کہ بے سرے قاریوں کا سن کر تکلیف ہونے لگتی تھی، چنانچہ متعدد واقعات میرے اس بیان کے گواہ ہیں اور حضرت ؒ کی سوانح میں بھی ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں۔ ناممکن تھا کہ حضرت قاری عبدالمالک صاحب ؒ اپنی تکمیل وتدریس میں حضرت قاری ضیاء الدین صاحب ؒ سے استفادہ کریں۔ دوسرے یہ کہ حضرت قاری صاحب ؒ نے اپنے تلامذہ کو جو سبعہ کی سند تکمیل دی ہیں اس میں ہمیشہ اپنا استاذ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی صاحب ؒ کو لکھا ہے تیسرے یہ کہ شاطبیہ، درہ اور عقیلہ پڑھاتے ہوئے حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب ؒ سے بے تحاشہ مواقع پر استفادہ کا علمی تذکرہ اور ان کی علمی آراء کو ظاہر فرمایا۔ ایک مرتبہ بھی کبھی نہیں فرمایا کہ میں نے قاری ضیاء الدین صاحب ؒ سے یہ سنا یا یہ پڑھا۔ حالانکہ حضرت قاری صاحب اپنے اساتذہ کا بہت ہی احترام سے ہمیشہ تذکرہ فرماتے تھے۔ راقم الحروف نے سات سالہ خادمانہ رفاقت کے زمانہ میں کبھی ایسی کوئی بات نہیں سنی جس سے کہ قاری ضیاء الدین صاحب ؒ سے استفادہ کرنا معلوم ہو۔

”دوررحمانیہ ضیائیہ“ کے مصنف نے اپنی اس کتاب میں مزید علمی خیانتیں بھی کی ہیں ضروری ہے کہ ان کو بھی بیان کردیا جائے۔

۱۔ حضرت قاری محمد صدیق میمن سنگھی ؒ مدرس فرقانیہ لکھنؤ نے حفظ قرآن مدرسہ صولتیہ میں حضرت قاری عبداللہ مکی ؒ سے کیا لیکن تجوید، قراءت سبعہ اور قراءت عشرہ میں مکمل استفادہ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی صاحب ؒ سے کیا ہے اس کا ثبوت آپ کی اسناد ہیں، کتاب میں ہم حضرت قاری صدیق صاحب ؒ

کے سلسلہ کی ایک سند جو روایت حفص کی ہے اور بواسطہ حضرت قاری عبداللہ مکیؒ نہیں بلکہ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ کے واسطہ سے ہے دے رہے ہیں یعنی قاری محمد صدیق میمن سنگھیؒ کی بھی وہی سند ہے جو قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ کے دیگر تلامذہ قاری ضیاء الدین صاحبؒ۔ قاری عبدالمعبود صاحبؒ۔ قاری مفتی حکیم نعمانی صاحب وغیرہم کی ہیں۔ حضرت قاری محمد صدیق میمن سنگھی کا انتقال بھی اسی سال ہوا ہے جس سال حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ کا وصال ہوا ہے یعنی ۱۳۴۹ھ مطابق ۱۹۳۰ء۔

۲۔ ایسے ہی اس کتاب میں حضرت قاری عبدالمعبود صاحبؒ کو بھی تجوید اور سبع میں حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ کا شاگرد لکھا گیا ہے حالانکہ یہ بات بھی بالکل غلط ہے۔ قاری عبدالمعبود صاحبؒ کا تمام تر استفادہ برائے سبع وعشرہ بطریق شاطبیہ۔ درہ وطیبہ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ سے ہے۔ یہ قاری عبدالمعبود صاحبؒ حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ کے چھوٹے بھائی ہیں مگر حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کے ساتھ مدرسہ عالیہ فرقانیہ لکھنؤ میں تدریس کے دوران ان کے حضرتؒ سے بڑے دوستانہ اور نیازمندانہ تعلقات تھے۔ حضرت قاری صاحبؒ نے قاری عبدالمعبود صاحبؒ کی تجوید کی کتاب ’’ضوابط نبلاء التجوید‘‘ پر تقریظ بھی تحریر فرمائی ہے نیز اسی کتاب میں حضرت قاری عبدالمعبود صاحبؒ اپنی سند بھی بیان فرما رہے ہیں جس میں تمام تر استفادہ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ سے بیان فرما رہے ہیں کہیں بھی حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ کا تذکرہ نہیں ہے یہ سند بھی ہم کتاب میں شامل کر رہے ہیں۔

۳۔ حضرت قاری شاہ محمد تھانویؒ نے حضرت قاری عبداللہ مکیؒ سے مدرسہ صولتیہ میں تجوید میں استفادہ فرمایا ہے اور بعد ازاں حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی صاحبؒ

سے سبع وعشرہ میں استفادہ فرمایا ہے۔ ''دورِ رحمانیہ ضیائیہ'' کے مصنف قاری شاہ محمد تھانویؒ کو بھی حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ اور ان کے صاحبزادے قاری محب الدین صاحبؒ کا شاگرد بتاتے ہیں لیکن غلط اور بالکل غلط روایت ہے راقم الحروف اپنے زمانہ طالبعلمی میں دارالعلوم دیوبند گیا اس وقت حضرت حکیم الامت تھانویؒ حیات تھے۔ دارالعلوم میں حضرت قاری حفظ الرحمٰن صاحبؒ صدر مدرس تجوید وقراءت دارالعلوم سے ملاقات ہوئی حضرتؒ بڑے تپاک سے ملے اور بڑی شفقت فرمائی تلاوت سننے کی سعادت بھی راقم کو حاصل ہوئی تھانہ بھون کی خانقاہ امدادیہ کے متعلق گفتگو ہوئی۔ دوران گفتگو حضرت قاری حفظ الرحمٰن صاحبؒ نے قاری شاہ محمد صاحبؒ کی خیریت دریافت کی۔ قاری شاہ محمد صاحبؒ خانقاہ اشرفیہ کی مسجد کے امام تھے۔ بہت عمدہ سریلی آواز میں پڑھتے تھے۔ بچپن کا زمانہ تھا ذہن ناپختہ تھا میں نے حضرت قاری حفظ الرحمٰن صاحبؒ سے دریافت فرمایا کہ قاری شاہ محمد صاحبؒ واقعی مکمل قاری ہیں۔ قاری صاحبؒ نے آہ سرد بھر کر فرمایا، مدرسہ احیاء العلوم الہ آباد میں حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ کی ذات منبع القراءت تھی آپ سے بے حد فیض پھیلا۔ مدرسہ احیاء العلوم کے ماشکی، دھوبی، فراش، غرض سب ہی قاری ہوتے تھے۔ سب کے لئے حکم تھا کہ قاریوں سے قرآن صحیح کریں۔

قاری شاہ محمد صاحبؒ بہت اچھے ذی استعداد طالبعلم تھے۔ ان کو اپنی تربیت روحانی کی بہت فکر تھی لہٰذا تکمیل فن کے بعد حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ نے انہیں حضرت حکیم الامت تھانویؒ کی خدمت میں بھیج دیا تھا اور سفارشی خط بھی لکھ کر دیا تھا چنانچہ قاری شاہ محمد صاحبؒ حضرت تھانویؒ کے خصوصی خدام میں سے تھے سر کی تیل کی مالش کی خدمت انہیں کے سپرد تھی، حضرتؒ ہی کے حکم سے بکریاں پالی ہوئی تھیں جن کی نسل خوب پھیلی اوپر کی اس

گفتگو سے معلوم ہوا کہ قاری شاہ محمد تھانویؒ بھی قاری عبداللہ مکیؒ اور قاری عبدالرحمٰن مکیؒ کے شاگرد ہیں۔ حضرت قاری ضیاء الدین صاحبؒ یا ان کے صاحبزادے قاری محب الدین صاحبؒ سے کبھی استفادہ نہیں فرمایا۔

۴۔ قاری ریاست علی لکھنویؒ نے بھی قاری ضیاء الدین صاحبؒ سے استفادہ نہیں فرمایا ہے قاری ضیاء الدین صاحبؒ کے شاگرد قاری ریاست علی بحری آبادیؒ ہیں قاری ریاست علی لکھنویؒ نے قاری محمد نذر نابیناؒ۔ قاری محمد سلیمان بھوپالیؒ۔ قاری محمد بختیار خان بھوپالیؒ ۔ قاری عبدالرحمٰن مکیؒ سے استفادہ کیا ہے۔ اور تکمیل فن حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ سے کی ہے قاری ضیاء الدین صاحبؒ سے کبھی بھی استفادہ نہیں فرمایا مگر "دور رحمانیہ ضیائیہ" کے مصنف نے قاری ریاست علی لکھنویؒ کے اساتذہ میں قاری ضیاء الدین صاحبؒ کا نام بھی شامل کر دیا ہے جو بالکل غلط ہے۔ قاری ریاست علی لکھنوی کا سنہ پیدائش ۱۳۳۶ھ ہے اور قاری ریاست علی بحری آبادی کا سنہ پیدائش ۱۳۱۷ھ ہے۔ دیکھو تفصیلی حالات کے لئے تذکرہ قاریان ہند جلد سوم کہ جس میں ہر دو قاری صاحبان کے حالات مذکور ہیں۔

یہ وہ صاحبان ہیں جن کے راقم الحروف کو احوال معلوم ہیں معلوم نہیں اس کے علاوہ کتاب مذکور میں اور کس قدر خیانت علمی سے کام لیا گیا ہے۔

حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ نے ۱۳۳۷ھ فرقانیہ لکھنؤ میں آنے کے بعد ۱۳۷۰ھ تک بڑی دلجمعی سے کام کیا اس دوران آپ تقریباً دو سال کے لگ بھگ ٹونک تشریف لے گئے۔ بہر حال یہ تقریباً تینتیس سال کا طویل عرصہ بنتا ہے فرقانیہ لکھنؤ کی روائیدادیں اگر ملاحظہ کی جاسکتی ہوں تو معلوم ہوگا کہ حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کے تلامذہ کی صحیح تعداد کیا ہے یقیناً یہ تعداد بلا مبالغہ سینکڑوں میں پہنچتی ہوگی۔ پاکستان بننے کے

بعد فرقانیہ لکھنؤ کے حالات دگرگوں ہوئے۔ تو حضرت شیخ ۱۳۷۰ھ/۱۹۵۰ء میں پاکستان تشریف لائے اور دارالعلوم اسلامیہ ٹنڈوالہ یار سندھ میں تشریف فرما ہوئے۔

مگر ٹنڈوالہ یار میں مالی وانتظامی بے قاعدگیوں کی وجہ سے ۱۳۷۲ھ/۱۹۵۲ء میں دارالعلوم اسلامیہ ٹنڈوالہ یار سے دارالعلوم اسلامیہ پرانی انارکلی لاہور تشریف لائے۔ قاری سراج احمد صاحبؒ مرحوم مہتمم دارالعلوم اسلامیہ اس کے محرک تھے۔ اور جیسے ہی حضرت نے دارالعلوم اسلامیہ میں قدم رنجہ فرمائے مدرسہ نے ملکی سطح پر شہرت حاصل کی پورے ملک سے جوق در جوق طالب فن استفادے کے لئے حاضر ہونے لگے ۱۹۵۲ سے ۱۹۵۹ تک حضرت کا لاہور میں قیام رہا اور اس قلیل عرصہ میں جو کام آپ فرما گئے اس کے اثرات پورے پاکستان میں روز روشن کی طرح عیاں ہیں۔ تدریس کی دنیا میں سات آٹھ سال کا عرصہ کوئی بڑا دور نہیں ہے مگر یہ حقیقت ہے کہ کام میں اللہ کی طرف سے بے حد برکت ہوئی۔ حضرت مولانا احمد علی صاحب لاہوریؒ کے یہ الفاظ واقعتا الہامی ہیں کہ حضرت قاری صاحبؒ کا پاکستان تشریف لانا عامۃ المسلمین کے لئے عموماً اور مسلمانان لاہور کے لئے خصوصاً رحمت خداوندی کا ابر محیط ہے جو پر جوش ہو کر برسا۔

مگر کارپردازان ہوا وہوس نے حضرت قاری صاحبؒ کو اس مدرسے میں دلجمعی سے کام کرنے کا موقع فراہم نہ ہونے دیا، حضرت قاری صاحبؒ فن کے بے تاج بادشاہ تھے، مگر سازشوں اور جوڑ توڑ سے بالکل ماوراء اور کوسوں دور تھے۔ بہر حال جیسے ہی حضرت قاری صاحبؒ دارالعلوم اسلامیہ سے اپنے مدرسہ دارالترتیل والقرآن میں اٹھ آئے مہتمم مدرسہ قاری سراج صاحبؒ کی بھرپور کوششوں کے باوجود دارالعلوم کو وہ ارتقاء اور عروج کبھی بھی حاصل نہ ہوا جو حضرت قاری صاحبؒ کے دور میں مدرسہ کا طرہ امتیاز رہا۔ حضرت قاری صاحبؒ کے دارالعلوم اسلامیہ سے تشریف لے جانے کے بعد مدرسہ میں کبھی قاری محب الدین احمد صاحبؒ کو بلوایا گیا تو کبھی ان کے بھائی قاری مستجاب الدین احمدؒ کو مگر اہل

لاہور کے دل حضرت قاری صاحبؒ کی لحن داؤدی کے اسیر ہو چکے تھے مذکورہ دونوں حضرات جو بالکل سادہ پڑھت کے حامل تھے اپنا اثر نہ جما سکے اور پھر واپس ہندوستان چلے گئے۔

یہاں اس موقع پر بڑے افسوس سے تحریر کرنا پڑتا ہے کہ حضرت کے حالات زندگی پر جو سوانح مرتب ہوئی ہے وہ جس معیار اور شان کی متقاضی تھی وہ اس سوانح میں نظر نہیں آیا۔ مضامین کا ربط نہیں ہے صفحات بے ترتیب ہیں جس سے مضامین کا لطف ختم ہو کر رہ گیا مگر اس کے ساتھ ساتھ ہی سنگین قسم کی اغلاط اور بے قاعدگیاں بھی موجود ہیں۔ وہ وہ حضرات جن کا حضرت قاری صاحبؒ سے دور کا بھی واسطہ نہیں انہیں حضرت کا شاگرد بنا دیا گیا ہے۔ کہیں ہم عصر قراء کی فہرست میں ہم عصر قراء کے تلامذہ تک کو حضرت قاری صاحبؒ کے ہم عصر بنا دیا گیا۔ حضرت قاری صاحبؒ کے اساتذہ تجوید وقراءت حضرت قاری عبدالرحمن مکیؒ اور حضرت قاری عبداللہ مکیؒ کا تذکرہ ٹھیک طور پر نہیں دیا گیا ہے۔ خیال تھا کہ سوانح مذکور اچھے پیمانے پر مرتب ہوگی مگر جب مطالعہ کیا تو توقعات کے بالکل برعکس رہی۔

شاید اب بھی راقم حضرت استاذ کے حالات پر قلم نہ اٹھاتا مگر الزامات اور جھوٹ کا ایک طومار تھا جو مسلسل لکھا جا رہا تھا دل سے رہا نہ گیا اور یہ مضمون تحریر کیا ہے مگر حق وانصاف کے دامن کو کہیں بھی ہاتھ سے جانے نہیں دیا گیا۔ حضرت قاری صاحبؒ کے ساتھ راقم الحروف کو جو نیاز مندانہ تعلق ورفاقت رہی ہے اور حضرت استاذؒ نے جس طرح اپنے واقعات سے آگاہ فرمایا ان کو پیش نظر رکھتے ہوئے اور راقم الحروف کے بھی پیش آمدہ حالات اور تاریخ کا بغور جائزہ لینے کے بعد یہ سب باتیں تحریر کر رہا ہوں۔ حضرت استاذؒ کے رازوں اور دیگر باتوں کا امین ہوں اور یہ یقین رکھتا ہوں کہ جس طرح حضرت استاذؒ سے فن کی تحصیل کے بعد اس کی ترویج واشاعت میرا فرض ہے اسی طرح راقم کا یہ بھی فرض ہے کہ تاریخ کے آئینے پر اگر کسی قسم کا گرد وغبار دیکھوں تو اسے صاف کر کے تاریخ کے ان صحیح واقعات کو گوش گزار کر

دوں تاکہ حضرت استاذؒ سے متعلق صحیح منظر کشی تاریخ کے صفحات پر رقم ہو سکے۔

سوانحی تذکرہ جات جو پاکستان میں مرتب ہوئے ہیں ان میں بھی کچھ باتیں دیکھنے کو ملی ہیں۔ قاری یوسف سیالوی، جنہوں نے فوائد مکیہ کا حاشیہ لکھا ہے ان کے حاشیہ کے شروع میں حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ اور حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کے حالات کے بیان کرنے میں چند واضح غلطیاں ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:

"قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ کے والد حاجی محمد بشیر خانؒ کانپور میں تھے کہ مولانا غلام حسین صاحبؒ کی مسجد کی منڈیر سے گر پڑے اور دو دن بے ہوش رہنے کے بعد انتقال کر گئے" گویا اپنے خاندان کے ہجرت مکہ سے پہلے ہی کانپور میں انتقال کر گئے مگر یہ بیان غلط ہے صحیح یہ ہے کہ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے بعد حاجی بشیر خانؒ اور ان کے بڑے بھائی اور دیگر اہل خانہ مکہ معظمہ پہنچے ہجرت کے تین سال بعد بڑے بھائی کا انتقال ہوا۔ حاجی محمد بشیر خان صاحب نے وہاں اپنی جلد سازی کا کاروبار شروع کیا اس کاروبار میں انہیں کافی مقبولیت حاصل ہوئی اور پھر حاجی محمد بشیر خانؒ نے قیام مکہ معظمہ میں ہی رحلت فرمائی۔ اور جنت المعلیٰ میں مدفون ہوئے یہ تمام باتیں حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ نے اپنی ایک غیر مطبوعہ کتاب "القول الجمیل" کے مقدمہ میں تحریر کی ہیں۔ راقم الحروف نے خود اس میں سے پڑھی ہیں۔

نیز حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ نے یہ بھی لکھا ہے کہ "حاجی محمد بشیر خان" کے صاحبزادوں نے مدرسہ صولتیہ میں علوم عربیہ حفظ قرآن۔ ابتدائی مشق اور کتب تجوید میں مہارت حاصل کی حفظ کے استاذ حضرت قاری عبدالقادر مدرسی الازہریؒ تھے۔ بعد ازاں حضرت قاری ابراہیم سعد مصری الشافعی الازہریؒ جب صولتیہ میں تشریف لائے تو حضرت قاری عبداللہ صاحبؒ نے ان سے فن کی تکمیل کی اور شب و روز انتھک محنت سے سبعہ وعشرہ

کے گویا حافظ ہو گئے۔ حضرت قاری عبداللہ مکیؒ سے ہی حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی صاحبؒ اور حضرت قاری حبیب الرحمٰن مکی صاحبؒ نے سبعہ وعشرہ کی تکمیل کی۔ چنانچہ حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ نے سبعہ وعشرہ کی اسناد میں اپنی استفادی نسبت حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب سے کی اور حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ کی استفادی نسبت حضرت قاری عبداللہ صاحبؒ سے ہے جیسا کہ قاری عبدالوحید صاحبؒ استاذ دارالعلوم دیوبند اور قاری ضیاء الدین صاحبؒ نے ایسے ہی شجرہ ہائے نسبت دیئے ہیں۔

صولتیہ کے اساتذہ میں ایک استاذ قاری محمد غازی صاحبؒ بھی تھے جو بعد میں پیر مہر علی شاہ صاحبؒ کے حلقۂ ارادت میں داخل ہو گئے اور صولتیہ کو چھوڑ کر گولڑہ آ گئے، یہیں ۱۳۵۹ھ/ ۱۹۳۹ء میں وفات پائی، جبکہ پیر مہر علی شاہ صاحبؒ کی وفات ۱۳۵۶ھ/ ۱۹۳۷ء میں ہوئی ہے۔

قاری محمد یوسف سیالوی کہتے ہیں کہ قاری عبدالرحمٰن صاحب کے پاس قرآءت کی ایک اور نادر سند بھی تھی جو آپ کو علامہ اجل مولانا محمد غازی صاحبؒ سے حاصل ہوئی تھی اس سند کی خصوصیت یہ تھی کہ مولانا محمد غازی صاحب اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان صرف گیارہ واسطے تھے دراصل اس سند میں ایک طویل العمر صحابی جن تھے مزید لکھتے ہیں کہ قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ کے تلمیذ ارشد مولانا قاری محبوب علی صاحبؒ نے بھی استاذ العلماء مولانا غازی صاحبؒ سے یہ سند حاصل کی تھی، قاری عبدالمالک صاحبؒ لاہور سے گولڑہ اس سند کے حصول کے لئے گئے تھے مگر انہیں اس مقصد میں کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔

میں یہ کہتا ہوں

دل کے بہلانے کو غالب یہ خیال اچھا ہے

کیوں خواہ مخواہ جنوں پریوں کی کہانیاں شروع کی ہیں۔ مولانا محمد غازی صاحبؒ کی

سند متداول ہے اس میں غازی صاحبؒ کے اور علامہ جزریؒ کے درمیان چودہ واسطے ہیں۔
علامہ جزریؒ سے اوپر سند اپنی تفصیلات کے ساتھ مشہور ہے جو کہ علامہ جزریؒ کی کتابوں ”تحبیر التیسیر“ اور ”النشر فی القراءات العشر“ میں موجود ہے بالکل کھلی بات ہے کہ تقریباً پورے عالم میں اسناد علامہ جزریؒ کے واسطے سے آگے بڑھتی ہیں وہ گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچنے کا دروازہ ہیں۔ علامہ جزریؒ کی النشر موجود ہے جس میں علامہ موصوف نے اپنی تمام اسناد پر مفصل کلام کیا ہے کسی جن استاذ کا ذکر نہیں۔ علامہ جزریؒ سے کچھ اوپر علامہ دانیؒ تمام سندوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچنے کے لئے دوسرا دروازہ ہیں انہوں نے اپنی ”التیسیر فی القراءات السبع“ میں سندات پر کلام کیا ہے اس میں کسی صحابی جن کا ذکر نہیں ہے۔ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی اور مولانا محمد غازی صاحبؒ سے متصل خاتمۃ المحققین علامہ متولیؒ کی جاری کردہ اسناد متداول ہیں کسی صحابی جن کا تذکرہ نہیں۔ بھائی صاحب ان جن صحابی کو آخر کیا سوجھی کہ ائمہ قراءات سے تو کوئی رابطہ نہ کیا اتنی دیر بعد یکایک قاری غازی صاحبؒ سے محبت فرماتے ہوئے قرآءت کا درس دینے لگے۔ نہیں صاحب ہم نہیں مانتے ان کہانیوں کو یہ آپ اپنے حلقہ یاراں ہی میں رہنے دیں۔

پھر ایک اعتراض یہاں اور بھی پیدا ہوتا ہے کہ قاری غازی صاحبؒ نے یہ سند کس کو جاری کی ایک قاری عبدالرحمٰن مکی صاحبؒ کو اور دوسرے قاری محبوب علی صاحبؒ کو اور بس۔ حتی کہ پیر مہر علی شاہ صاحبؒ کے صاحبزادے حضرت بابو جیؒ نے بھی تجوید میں قاری غازی صاحبؒ سے استفادہ نہیں کیا ہے۔ بابو جیؒ کے بھی تجوید کے استاذ استاذ القراء قاری عبدالرحمٰن صاحب جونپوریؒ ہیں (دیکھو مہر منیر صفحہ ۳۶۱) اور تجوید کے علاوہ بقایا علوم دینیہ کی تحصیل بابو جیؒ نے حضرت مولانا محمد غازی صاحبؒ سے کی ہے۔ (دیکھو مہر منیر صفحہ ۳۶۲) بھائی یہ بات تو طے ہے کہ قاری غازی صاحبؒ نے کبھی بھی تجوید و قرآءت کی تدریس گولڑہ آنے کے بعد نہیں کی بلکہ مدرسہ صولتیہ میں بھی تاریخی شواہد تدریس تجوید و قرآءت کے نہیں

ملتے ہیں۔ حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب مکیؒ مکہ سے جب واپس ہندوستان تشریف لائے تو استاذ عظیم حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کے حکم سے تشریف لائے تھے تمام درس نظامی کی تکمیل مولانا نے ہی کرائی تھی، بعدازاں گولڑہ میں مولانا غازی صاحبؒ سے تبرکاً سند حاصل فرمائی ہے۔ اوپر میں لکھ چکا ہوں کہ قاری غازی صاحبؒ کا انتقال ۱۹۳۹ء میں ہوا ہے تقسیم ہند سے بہت پہلے۔ حضرت قاری عبدالمالک صاحب تقسیم ہند کے بعد ۱۹۵۲ء میں لاہور دارالعلوم اسلامیہ تشریف لائے ہیں اس وقت نہ قاری غازی صاحبؒ حیات تھے اور نہ پیر مہر علی شاہ صاحبؒ؟

۱۹۵۴ء یا ۱۹۵۵ء میں حضرت قاری سراج صاحبؒ مہتمم دارالعلوم اسلامیہ بطور سیر و تفریح کے حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کو پنڈی کے سفر میں گولڑہ بھی لے گئے اس وقت پیر صاحبؒ کے صاحبزادے بابو جیؒ حیات تھے وہ کافی اکرام سے پیش آئے ہیں۔ وہیں حضرت قاری محبوب علی صاحبؒ سے بھی ملاقات رہی چند گھنٹوں کے قیام کے بعد واپسی ہو گئی۔ حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کس سے سند لینے گئے تھے؟ مولانا غازی صاحبؒ والی سند کی حضرت قاری صاحبؒ کو اگر ایسی ہی حرص و رغبت تھی تو پھر قاری محبوب علی صاحبؒ موجود تھے ان سے رجوع کرنا چاہیے تھا جو حضرت قاری صاحبؒ کا استاذ کی طرح احترام کرتے تھے۔ ۱۳۴۸ھ میں فراغت کے بعد قاری محبوب علی صاحبؒ فرقانیہ میں مدرس تجوید و قراءت رہے اور اغلب امکان یہی ہے کہ جس زمانے میں حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ پاکستان تشریف لائے ہیں وہ بھی اسی وقت پاکستان آئے پھر حضرت قاری صاحبؒ نے ان سے وہیں رجوع کیوں نہ کیا، نہیں صاحب سچ ہی تحریر کیجیے حقیقت یہ ہے کہ حضرت قاری صاحبؒ کو اس سند کی کبھی کوئی حرص یا رغبت ہوئی ہی نہیں۔

حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی صاحبؒ کی دونوں اسناد متداول ہیں یعنی حضرت قاری عبداللہ مکی صاحبؒ والی اور مولانا قاری غازی صاحبؒ والی۔ مولانا غازی صاحب کی سند

میں وہ جلالت علمی نہیں جو شیخ ابراہیم سعد کے سلسلہ شیوخ میں ہے حسن بدیر الجریسی الکبیرؒ، شیخ متولیؒ، شیخ احمد سلمونہؒ، شیخ ابراہیم العبیدیؒ، شیخ محمد البقریؒ، شیخ احمد البقریؒ اور شیخ عبدالرحمن الیمنیؒ جیسے نابغہ روزگار اساتذہ فن کے ناموں کا ہونا جن کے اذکار و سوانح سے متعدد کتابیں ان حضرات کی شخصیت کی بلندیوں کی نقیب بنی ہوئی ہیں۔ یہ سب شیخ ابراہیم سعدؒ کی سند میں موجود ہیں۔ مولانا غازی صاحبؒ کی سند ان حضرات سے خالی ہے۔ شیخ ابراہیم سعدؒ کی سند میں تو صرف خاتمۃ المحققین شیخ متولیؒ کا نام ہی سلسلہ اساتذہ میں شامل ہونے سے اس سند کی قدر و قیمت کو ممتاز بنا دیتا ہے۔ اس سے قبل میں اوپر کہیں یہ بات تحریر کر آیا ہوں کہ حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ نے جب حضرت قاری عبداللہ صاحبؒ سے استفادہ فرما کر ہند کو مراجعت فرمائی اس وقت آپ کی سند سے عالی سند برصغیر پاک و ہند میں موجود ہی نہ تھی اور پھر حضرت قاری عبدالرحمن مکیؒ سے سبع و عشرہ میں استفادہ فرما کر آپ نے برصغیر میں علو اسناد کی اس روایت کو برقرار رکھا۔

مولانا قاری محمد طاہر رحیمی صاحب کی تحریر کردہ ''سوانح فتحیہ'' جو حال ہی میں طبع ہو کر آئی ہے اس کے بھی کچھ نکات قابل توجہ ہیں۔ قاری طاہر صاحب سوانح فتحیہ کے نمبر ۱۵۱ سے نمبر ۱۶۱ تک کے صفحات میں حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ آپ کے تلامذہ اور حجازی قراء کے اوپر خوب برسے ہیں۔ سب سے پہلے حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کی کراچی میں ایک محفل قرآءت کا تذکرہ ہے جس میں حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ سے دوران تلاوت کوئی کلمہ رہ گیا اور بعد ازاں آپ نے اسے پڑھ بھی لیا ہے قاری طاہر صاحب تحریر فرماتے ہیں۔

''جب قاری عبدالمالک صاحب لاہوریؒ کی تلاوت کا نمبر آیا تو علمی و فنی خوف مرعوبیت کی بنا پر اشارہ سے حضرت والاؒ (یعنی حضرت قاری فتح محمد صاحبؒ) کو پیچھے کی جانب ہٹانے کی بابت فرمایا اور پھر اس تلاوت میں انما المومنون الذین سورۃ الانفال

آیت نمبر۲ کی جمع الجمع کے طریق پر قرآءت کرتے ہوئے روایت ورش بطریق ازرق کی وجوہ مد بدل کے اجراء کے وقت واذا تلیت علیھم ایٰتہ ایمانا یعنی ایٰتہ کے بعد زادتھم کا کلمہ ترک فرما کر ایٰتہ ایمانا پڑھ گئے، مگر بعد میں غالباً از خود ہی اصلاح فرمالی (سوانح فتحیہ صفحہ ۱۵۱-۱۵۲)

اس واقعہ کو بیان کرنے کا مقصد تلاوت کے دوران کلمہ قرآنی کا رہ جانا بظاہر معلوم ہوتا ہے جسے حضرت شیخ نے بعد میں پڑھ بھی لیا تھا پھر اس واقعہ میں حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کا علمی وفنی خوف ومرعوبیت کا ذکر بھی جناب قاری طاہر صاحب نے بیان فرمایا ہے عرض ہے کہ یہ واقعہ تقریباً ۱۹۵۵ء تا ۱۹۵۸ء کے درمیانی عرصہ کا ہے۔ حضرت شیخ اپنی عمر کے آخری دور سے گزر رہے تھے حضرت شیخؒ کا سال پیدائش ۱۳۰۳ھ/ ۱۸۸۵ء ہے اور حضرت قاری فتح محمد صاحبؒ کا سال پیدائش ۱۳۲۲ھ/ ۱۹۰۴ہے یعنی قاری فتح محمد صاحبؒ حضرت شیخ سے عمر میں تقریباً بیس سال چھوٹے ہوئے۔ حضرت قاری صاحبؒ نے شروع سے ہی اپنے وقت میں دنیا کے عظیم مشائخ فن سے استفادہ فرمایا جن میں شیخ العرب والعجم حضرت قاری عبداللہ مکیؒ اور حضرت قاری المقری عبدالرحمٰن مکیؒ الہ آبادی شامل ہیں۔ پھر کیا وجہ ہے کہ آپ کو حضرت قاری فتح محمد صاحبؒ سے علمی وفنی خوف ومرعوبیت ہوگی، اگر یہ علمی و فنی خوف ومرعوبیت ہونی چاہیے تھی تو اس کا مقام اور وقت وہ موقع تھا جب حضرت شیخ نوخیز تھے تازہ تازہ پڑھ کر مکہ مکرمہ سے وارد ہوئے تھے اور دارالعلوم دیوبند کا وہ مشہور تاریخی جلسہ تھا جو ۱۳۲۸ھ/ ۱۹۱۰ء میں ہوا۔

حضرت شیخ سے راقم الحروف نے خود سنا کہ محفل قرآءت میں بڑے بڑے قراء کرام تشریف لائے ہوئے تھے (بالفاظ دیگر حضرت قاری فتح محمد صاحبؒ کے اساتذہ عظام پانی پتؒ ودیگز غیر پانی پتی قراء) ہم دونوں بھائی (یعنی حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ اور حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ) اپنی نوخاستگی کی وجہ سے کچھ گھبرائے ہوئے تھے کہ ہم

بڑے بڑے قراء کے سامنے کیا پڑھ سکیں گے۔ ترتیب اس طرح تھی کہ پہلے اکابر قراء نے پڑھنا تھا بعد میں ہماری تلاوتیں تھیں، جب برصغیر کے ان اکابر قراء کی تلاوتیں ہو گئیں تو ان کی تلاوت سن کو ہم دونوں بھائیوں کا خوف جاتا رہا۔ کیونکہ آوازوں کی تمکنت اور عربیت کا نکھار مفقود تھا۔ لب و لہجہ میں کوئی سوز اور کشش نہ تھی۔ تب ہم دونوں بھائی پڑھنے کیلئے ایک نئی امنگ اور ولولہ محسوس کرنے لگے اور جب ہم دونوں بھائیوں نے پڑھا اور الحمدللہ خوب خوب پڑھا کہ پرسوز حجازی لہجے پختہ گرفت اور فن تجوید سے معمور تلاوت سے مجمع حیرت و استعجاب سے بھی آگے نکل کر درد وسوز میں ڈوب گیا اور سامعین کی آنسوؤں کی جھڑیاں لگ گئیں۔ تو صاحب جب حضرت قاری صاحبؒ ان اکابرین اساتذہ کے سامنے نہ گھبرائے تو حضرت قاری فتح محمد صاحبؒ سے حضرت شیخ کو اس موقع پر کیوں علمی وفنی خوف ومرعوبیت محسوس ہوا۔ اور جب کہ حضرت قاری فتح محمد صاحبؒ تو ویسے بھی حضرت شیخ کے تلمیذ کے تلمیذ ہیں یعنی حضرت قاری فتح محمد صاحبؒ نے درہ اور طیبہ کے طریق سے قراءات حاصل کی ہے حضرت قاری حفظ الرحمٰن صاحبؒ صدر شعبہ تجوید وقراءات دارالعلوم دیو بند سے اور حضرت قاری حفظ الرحمٰن صاحبؒ روایت حفص میں حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کے شاگرد ہیں جیسا کہ اس سے قبل میں اوپر تحریر کر آیا ہوں۔

جناب قاری طاہر صاحبؒ کی تحریر کردہ اس سوانح کا مطالعہ کرنے کے بعد راقم کے ذہن میں جو تاثر ابھرا ہے وہ یہ کہ موصوف حجازی قراء بالخصوص حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ اور ان کے تلامذہ سے بے جا مگر بہت سخت ناراض ہیں۔ حضرت قاری فتح محمد صاحب پانی پتی فن میں ایک بہت اہم مقام کی حامل شخصیت ہوئے ہیں جس کا انکار کسی طور بھی ممکن نہیں مگر یہ کہاں کا انصاف ہے کہ دوسرے خدام قرآن کی خدمات کو یکسر نظر انداز کر دیا جائے بلکہ کسی خاطر میں ہی نہ لایا جائے، جناب قاری طاہر صاحب تحریر کرتے ہیں کہ ”حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ جناب قاری فتح محمد صاحبؒ کا خط دکھا دکھا کر ناظرین کو

محظوظ فرماتے تھے اور قاری فتح محمد صاحب پانی پتیؒ کے واقعات کو اچھال کر حضرت شیخؒ کے تلامذہ ہتک وعزت کے مرتکب ہوتے رہے ہیں۔'' یہ سب باتیں ان کے زرخیز ذہن کی پیداوار ہیں۔

راقم الحروف نے حضرت شیخؒ سے سات سالہ خادمانہ رفاقت کے دور میں آپ کی محفل میں خادمین قرآن کا ہمیشہ اچھے طور پر ہی ذکر سنا۔ حضرت شیخؒ کا تو یہ حال تھا کہ آپ نے قاری ضیاء الدین صاحبؒ کے تلامذہ کی طرف سے ناروا سلوک پر بھی کسی قسم کی کوئی رائے زنی یا جواب دینے کی کوشش نہ کی۔ پھر حضرت قاری فتح محمد صاحبؒ کے ساتھ تو کسی قسم کی معاصرانہ چشمک کو بھی امکان میں نہیں لایا جا سکتا اس لئے کہ دونوں حضرات میں جو علمی رشتہ ہے وہ میں اوپر بیان کر آیا ہوں حضرت شیخؒ کا یہ انداز تو ہم نے دیکھا کہ کوئی دنیا دار شخص آیا تو اس سے بے رخی اور استغناء برتا مگر خدام قرآن کو ہمیشہ اپنی محبت و شفقت سے نوازا۔

یہ تلاوت کی غلطی والا واقعہ بیان فرما کر قاری طاہر صاحب نے فن تجوید وقرآءت کی یا اپنے پانی پتی سلسلہ کے قراء کرام کی کیا خدمت کی؟ اور اس واقعہ کے بیان کرنے سے حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کی کس حد تک توقیر میں کمی ہوئی؟ اور اس واقعے سے حضرت قاری فتح محمد صاحبؒ کی توقیر میں کس قدر اضافہ قاری صاحب موصوف کے خیال میں ہوا؟ قرآن شریف پڑھتے ہوئے بھول جانا ایک فطری عمل ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا واقعہ احادیث میں منقول ہے کہ آپ نماز پڑھا رہے تھے متشابہ لگا تو آپ بھول گئے نماز کے بعد آپؐ نے صحابہ کرامؓ کو مخاطب کر کے فرمایا تم نے مجھے لقمہ کیوں نہ دیا پھر فرمانے لگے اگر ابیؓ موجود ہوتے تو وہ ضرور لقمہ دیتے۔

اس حدیث مذکور سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاوت اور رفعت ومنزلت میں نعوذ باللہ کسی قسم کی کوئی کمی ہوتی ہے امام کسائیؒ کا بہت مشہور واقعہ ہے آپ دوران تراویح

ترجعون کو ترجعین پڑھ گئے خلیفہ وقت ہارون الرشیدؒ مقتدیوں میں شامل تھے انہوں نے امام سے دریافت فرمایا اے امام کیا یہ بھی کوئی قرآءت ہے۔ امام کسائیؒ نے فرمایا نہیں حقیقت یہ ہے کہ میرے سے پڑھنے میں غلطی ہوئی۔ بتایئے اس واقع سے امام کسائیؒ کی عزت وتوقیر میں کوئی کمی ہوئی۔ ایسے ہی امام کسائیؒ اور امام یحییٰ الیزیدیؒ کا واقعہ بہت مشہور ہے دونوں حضرات یکے بعد دیگرے بھول گئے اس سے دونوں کی عزت وتوقیر میں کیا کمی ہوئی۔ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ کا تراویح میں ختم قرآن کا واقعہ بہت مشہور ہے کہ سورۃ الھمزہ پڑھے بغیر ختم فرمایا بعد میں یاد دلانے پر دوگانہ دہرایا۔ غرض ان تمام واقعات کو بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ سہو ونسیان انسان کی سرشت میں ہے اگر کوئی ایسا واقعہ پیش آ گیا تو کون سی قیامت ٹوٹ پڑی کہ اس قدر رشد و مد سے اس کو بیان فرمایا۔ صاحبان نظر خود انصاف فرمائیں کیا یہ واقعہ بیان کر کے قاری طاہر صاحب نے حضرت قاری فتح محمد صاحبؒ کی کسی قسم کی عزت وتوقیر میں کوئی اضافہ کیا یا حضرت استاد محترمؒ کی عزت وتوقیر میں کسی قسم کی کوئی کمی فرما سکے ہیں پھر ایسے لایعنی واقعات کا تذکرہ کیوں؟

اس سے اگلے صفحے یعنی ۱۵۳-۱۵۴ پر مزید غبار اور بھڑاس حضرت قاری صاحبؒ کے متعلق نکالی ہے قاری صاحب موصوف تحریر فرماتے ہیں۔

ایک بار حضرت والاؒ جناب قاری عبدالمالک مرحوم کے ہاں تشریف لے گئے اور دورانِ گفتگو ان سے فرمایا کہ "بہت سے حضرات لہجہ میں غلو کر کے اس کو اصل مقصد بنا لیتے ہیں اور لہجہ و خوش آوازی کے شوق میں مدات وغنات کی مقدار میں اعتدال کی حدود سے باہر ہو جاتے ہیں۔ بہت سے قواعد کی بھی پرواہ تک نہیں کرتے بلکہ لہجہ کو مزیدار اور خوشگوار بنانے کے شوق میں مست ہو کر غنہ اور اخفاء اور الفات کو حد سے زیادہ بڑھاتے چلے جاتے ہیں اور جگہ جگہ سکتہ کرتے ہیں اور بلاوجہ اپنے اوپر مشقت ڈالتے ہیں اور ان کو چند حروف پڑھنے کے بعد جا بجا سانس لینا پڑتا ہے جس سے تلاوت کا حسن بالکل جاتا رہتا ہے چونکہ

آپ اہل لحون کے سرخیل ہیں اس لئے آپ ان امور کی اصلاح کی جانب توجہ مبذول کریں'' اور پھر حضرت والا نے ازراہ انکساری و بے نفسی جناب قاری صاحب ممدوحؒ سے فرمایا کہ میں آپ کے روبرو کچھ تلاوت کرتا ہوں آپ جہاں جہاں کچھ سقم ہو نشاندہی فرما دیں۔ چنانچہ آپ نے تلاوت فرمائی تو انہوں نے قلمدان سے ہولڈر اٹھا کر جا بجا آپ کے مبارک چہرہ انور کے تاثرات سے پیدا شدہ تغیرات و کیفیات پر ہولڈر لگا لگا کر ٹوکا اور کہتے گئے کہ یہاں یہ تغیر کیوں ہو رہا ہے؟ یہاں یہ کیوں؟ وغیرہ وغیرہ، مقصد یہ تھا کہ یہ تغیرات غلط ہیں۔ حضرت والاؒ نے وہاں سے واپس آ کر جناب موصوفؒ کے پاس تشکر و امتنان کا ایک گرامی نامہ تحریر فرمایا جس میں بزعمِ آں ممدوحؒ ان غلطیوں کی نشاندہی پر بہت زیادہ ممنونیت و شکریہ کا اظہار فرمایا۔ جناب قاری صاحب مرحوم کو جب یہ والا نامہ موصول ہوا تو جا بجا اس گرامی نامہ کا ذکر فرمایا اور وہ والا نامہ دکھا دکھا کر اور یہ کہہ کہہ کر یہ ہیں پانی پت والوں کے بڑے جن کا یہ حال ہے۔

ناظرین کو خوب متاثر و محظوظ فرماتے رہے۔ حتیٰ کہ جس مدرسہ سے آپ بعض وجوہ کی بناء پر علیحدہ ہو گئے تھے اس کے ارباب حل و عقد سے بھی اس والا نامہ کے حوالہ سے خوب شکوہ کیا کہ دیکھو! میرا تو یہ مقام ہے اور آپ لوگوں نے ناقدری کا ثبوت دیا وغیرہ وغیرہ'' یہ ہے وہ واقعہ جسے شیخ القراء جناب قاری عبدالمالک صاحبؒ کے تلامذہ اور متعلقین خوب بڑھا چڑھا کر جا بجا بیان اور حضرت والاؒ کی شان میں تنقیص و ہتک عزت تک کر کے اپنا نامۂ اعمال سیاہ اور اپنی عاقبت خراب کرتے ہیں۔ احقر کے ناقص خیال میں اس قصہ کا سب سے افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ حضرت والا جناب قاری عبدالمالکؒ کے تلمیذ تو تھے نہیں، وقت کے امام شاطبی و حجۃ المقرئین وسند القراء تھے تو انہیں ٹوکنے کا یہ انداز وطریق اور ہولڈر کا چہرہ پر لگانا ایک معنیٰ میں ضرب فی الوجہ ہے جس کی حدیث شریف میں ممانعت وارد ہوتی ہے عن جابر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الضرب في

الوجہ (رواہ مسلم بحوالہ مشکوۃ المصابیح جلد نمبر ۲ صفحہ نمبر ۲۵۷) آپ ﷺ نے چہرہ پر مارنے سے منع فرمایا ہے۔"

درج بالا واقعہ میرے سامنے پیش نہیں آیا ہاں برادرم قاری محمد صدیق صاحب لکھنوی اس واقعہ کے چشم دید گواہ ہیں۔ میں نے ان سے دریافت حال کیا انہوں نے سختی سے اس واقعہ کی تردید کی کہ حضرت قاری صاحبؒ نے ہولڈر لگا کر قاری فتح محمد صاحبؒ کے چہرے کے تغیرات کی نشاندہی کی بلکہ کہا کہ حضرت قاری صاحبؒ نے انگلی رکھکر قاری فتح محمد صاحبؒ کو بتایا کہ آپ حروف مفخمہ کی ادائیگی میں ہونٹوں کو گول کرتے ہیں جب کہ ان کی ادائیگی میں ہونٹوں کو دخل نہیں اور بعینہ یہی واقعہ حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کی سوانح میں بیان ہوا ہے۔

"قاری فتح محمد صاحب مدظلہ "عنایات رحمانی شرح شاطبیہ" کی تالیف کے دوران اکثر بذریعہ خط و کتابت مشکل مسائل کے حل دریافت فرماتے تھے۔ جب کبھی لاہور آتے تو حضرت قاری صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر فرماتے کہ حضرت میں پڑھتا ہوں آپ میری اصلاح فرمادیں چنانچہ حضرت قاری صاحبؒ بے تکلفی سے اصلاح فرماتے تھے اور ان کے ہونٹوں پر اپنی انگلی رکھ دیتے تھے کہ آپ حروف مفخمہ کی ادائیگی کے وقت ہونٹ گول کرتے ہیں۔ جب کہ ان کی ادائیگی میں ہونٹوں کو دخل نہیں"۔

(سوانح امام القراء صفحہ نمبر ۱۲۴)

لیجئے یہ وہ واقعہ ہے جسے قاری طاہر صاحب نے اس قدر بڑھا چڑھا کر بیان کیا ہے۔
باقی قاری طاہر صاحب کا پھر صحیح مسلم کی حدیث بیان کرنا اور "ضرب فی الوجہ" میں اس کو شامل کرنا ان سب امور کے متعلق کہوں گا کہ اول تو یہ واقعہ سرے سے ہوا ہی نہیں ہے نہ ہی حجازی قراء نے کبھی حضرت قاری فتح محمد صاحب پانی پتیؒ کی تنقیص و ہتک عزت کا حاشا و کلا سوچا بھی ہے اس قدر بڑے خادم قرآن کی کون تنقیص اور ہتک عزت کر کے اپنے

نامہ اعمال سیاہ کرے گا۔ اگر ایسی کسی قسم کی بھی کوئی بات ہوتی تو حجازی قراء قاری فتح محمد صاحبؒ کو اپنے مدارس میں امتحان کے لیے کیوں بلواتے۔ میرے مشاہدے کی بات ہے۔ حضرت قاری فضل کریم صاحبؒ بانی مدرسہ تجوید القرآن حضرت قاری فتح محمد صاحبؒ کو امتحان کے لیے بلوایا کرتے تھے۔

لیکن بالفرض اگر یہ درج بالا واقعہ وقوع پذیر ہوا بھی ہے (یاد رہے کہ ہم اس واقعہ کے شدت سے انکاری ہیں کہ سرے سے یہ واقعہ ہوا ہی نہیں) تو ہمارے خیال سے قاری طاہر صاحب موصوف کے اپنے بیان کردہ حالاتِ زندگی میں ان کے حفظ کے استاد صاحبؒ کی اصلاح والے نکات سے ان کا موازانہ کریں تو یہ واقعہ ان ''اصلاحات'' کا عشرِ عشیر بھی نہیں ہے۔ صرف یہی عرض کروں گا۔

وہ قتل بھی کر دیں تو چرچا نہیں ہوتا

قاری طاہر صاحب کے اپنے سوانحی حالات جوانہوں نے سوانح فتحیہ میں بیان کیے ہیں اس میں صفحات نمبر ۶۲۴-۶۲۵ کا مواد بغیر کسی تبصرے کے من وعن نقل کرنے کی جسارت کرتا ہوں۔

''ہمارے اولین استاد مولوی حافظ عبدالعزیز صاحبؒ ملتانی خوب سخت گیر اور شدید التعزیر تھے۔ ایک بار احقر کے دائیں ہاتھ کی وسطی وسبابہ کے درمیان چاقو کی نوک رکھ کر سزا دی جس سے خون بہہ نکلا اس زخم کا نشان ابھی تک باقی ہے۔ سر میں کافی ضربیں لگاتے تھے ان کے آثار اور زخم بھی تا حال موجود ہیں ایک بار ناک کی ہڈی پر مکہ رسید فرمایا جس کی وجہ سے ناک کی ہڈی ٹیڑھی ہوگئی اور دائمی مشکلات پیدا ہوگئی۔ استاد موصوف کئی مرتبہ گھٹنوں پر مارتے جس کی وجہ سے ورم ہوجاتا مگر ہماری والدہ ماجدہ رات کو آگ سے گھٹنوں کو سینکتیں اور پھر صبح کو از خود ہمیں استاد صاحبؒ کے پاس پہنچا کر آیا کرتیں۔ ایک بار حضرت

استاد ممدوحؒ نے احقر کی گردن میں زنجیر ڈال کر اس کا دوسرا سرا دروازہ کی کنڈی کے ساتھ باندھ دیا اور پھر قرآن سننا شروع فرمایا۔ جہاں غلطی آتی اٹھا کر دور پھینکتے جس کی وجہ سے گلا کھینچ جاتا۔ مجھے خوب یاد ہے کہ اس طرح ایک بار جو اٹھا کو دور پھینکا تو گلا اس قدر سخت اور زیادہ کھنچ گیا کہ میں بے ہوش ہو گیا سر سے شاں شاں کی آوازیں آنے لگیں منہ سے جھاگ آگئے، کافی دیر کے بعد ہوش میں آیا۔"

عرض ناشر:

حضرت قبلہ والد صاحبؒ کا یہ مضمون ہمیں اسی قدر دستیاب ہوا ہے مضمون کے ربط و تسلسل سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ قبلہ والد صاحبؒ اس پر مزید کام کرنا چاہتے تھے لیکن وفات نے مہلت نہ دی۔ علمی امانت کے طور پر ہم اسے شجرۃ الاساتذہ میں اسی حالت میں شامل کر رہے ہیں۔

عزیز احمد التھانوی

مدیر قرآءت اکیڈمی (رجسٹرڈ) لاہور

امام القراء حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کا فیض علمی

از: استاذ القراء والمجودین القاری المقری محمد صدیق لکھنوی دامت برکاتہم

جب بھی برصغیر پاک و ہند میں تجوید و قرآءت کی خدمات پر جامع تاریخ غیر جانبداری اور تعصب و عناد سے بالاتر ہو کر لکھی جائے گی تو اس میں امام القراء حضرت الاستاذ القاری المقری عبدالمالک صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا نام نامی بہت بلند اور نمایاں طور پر ذکر کیا جائے گا۔

حضرت استاذ محترم کے سوانحی حالات پر میں زیادہ تحریر نہیں کروں گا میرا موضوع سخن حضرت استاذ محترم کی تدریسی خدمات کی طرف زیادہ رہے گا۔

۱۳۰۳ھ مطابق ۱۸۸۳ء میں حضرت استاذ محترم علی گڑھ کے معزز شیخ صدیقی گھرانے میں شیخ جیون علی صاحبؒ کے گھر پیدا ہوئے۔ آپ کی پیدائش سے قبل ہی شیخ جیون علی صاحبؒ اللہ کو پیارے ہو گئے۔ ۱۳۰۷ھ میں ناظرہ قرآن کی تعلیم محترم حافظ محمد صدیق صاحب کے مدرسے سرائے کلیم علی گڑھ میں شروع کی ۱۳۱۳ھ میں آپ کی والدہ ماجدہ نے بچوں کی مزید دینی تعلیم کے لئے سرزمین حجاز کا رخت سفر باندھا وہاں حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ نے شیخ العرب والعجم حضرت مولانا قاری عبداللہ مکیؒ سے اول قرآن کریم حفظ کیا اور بعدازاں روایت حفص کی تکمیل کی۔ اور عربی نصاب بھی مکمل کیا۔

شیخ العرب والعجم حضرت قاری عبداللہ صاحب اپنی عمدہ پڑھت' خوبصورت عربی لہجوں اور مضبوط ادائیگی کی بدولت چار دانگ عالم شہرت کے مالک تھے۔ سرزمین حجاز میں پوری دنیا سے آنے والے اہل شوق حجاج کرام جب حج کے لئے آتے تو حرم مکہ کے جوار میں واقعہ مدرسہ صولتیہ کے اس عظیم استاد تجوید و قرآءت سے ضرور استفادہ کرتے اور عمدہ پڑھت اور مضبوط ادائیگی سے قرآن کو پڑھنے کی سعادت سے مالا مال ہو کر اپنے اپنے ملکوں میں واپس جاتے۔ حضرت قاری عبداللہ مکی کی شخصیت علم و فن کے لحاظ سے اس مقام

پڑھی کہ بڑے بڑے شیوخ، علماء وفضلاء نے آپ سے استفادہ فرمایا اور آئندہ چل کر بڑے فخر سے بتلایا کہ وہ حضرت قاری عبداللہ مکیؒ کے فیض یافتہ ہیں۔ انہیں فیض یافتہ افراد میں حضرت شیخ کے برادر اکبر استاذ القراء حضرت قاری عبدالخالق صاحب سہارنپوریؒ اور حکیم الامت حضرت مولانا قاری اشرف علی صاحب تھانویؒ بھی ہیں۔

حضرت قاری عبدالخالق صاحب فرمایا کرتے تھے کہ جب ہم والدہ کے ہمراہ بحری جہاز میں حجاز مقدس جا رہے تھے تو دوران سفر میری تلاوت سن کر بحری جہاز کے مسافر کہا کرتے یہ لڑکا عمدہ پڑھتا ہے مگر مکہ معظمہ جا کر اور بھی اچھا پڑھنے لگے گا۔ حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ فرماتے ہیں میں ان مسافروں کی یہ بات سن کر سوچا کرتا تھا کہ کیا جس حالت میں میں اب پڑھ رہا ہوں اس سے بہتر بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ پھر فرماتے ہیں کہ جب مکہ معظمہ پہنچ کر حضرت قاری عبداللہ صاحبؒ سے استفادہ کرنا شروع کیا تو معلوم ہوا کہ واقعی جہاز کے مسافر صحیح کہتے تھے۔ اسی طرح کے حضرت حکیم الامتؒ کے تاثرات ہیں فرماتے ہیں کہ جب تک حضرت قاری عبداللہ مکیؒ سے استفادہ نہیں فرمایا تھا میں یہی سمجھتا تھا کہ میں قرآن صحیح پڑھتا ہوں مگر جب حضرت سے استفادہ فرمانا شروع کیا تو معلوم ہوا کہ مجھ میں تو ابھی بہت کمی ہے۔ غرض ان دو اکابرین کے بیانات سے حضرت قاری عبداللہ مکیؒ کی شخصیت اور آپ کا علمی وفنی مقام کھل کر سامنے آتا ہے۔ پھر حضرت قاری عبداللہ مکیؒ سے شرف تلمذ متحدہ ہندوستان میں گنتی کے اکابرین ہی کو حاصل ہے۔ انہیں قابل فخر شاگردوں میں حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کا نام نامی بہت نمایاں ہے۔

حفظ قرآن اور روایت حفص کی تکمیل میں ۱۳۱۳ھ سے ۱۳۲۲ھ یعنی نو سال کا عرصہ لگا۔ یہ ایک طویل عرصہ ہے آج کون ہے جو روایت حفص میں اس قدر طویل استفادہ کرے۔ غرض حضرت شیخ نے اپنے قابل فخر استاذ سے خوب خوب استفادہ فرمایا۔ اور ترتیل۔ حدر مشق غرض ادا کی ہر صنف میں خوب اچھے پیمانے پر استفادہ کیا۔ ۱۳۲۲ھ میں حضرت شیخ

واپس ہندوستان تشریف لائے اور مدرسہ تجوید القرآن سہارنپور سے اپنی تدریسی سرگرمیوں کا آغاز فرمایا۔ ہندوستان تشریف لانے کے فوراً بعد ہی آپ اپنی خوبصورت آواز' مضبوط پڑھت اور شاندار اداء کی بدولت بہت مشہور ہوئے۔ ۱۳۲۸ھ میں دارالعلوم دیوبند کے مشہور سالانہ جلسہ تقسیم اسناد کے موقع پر منعقدہ محفل قرآءت میں آپ کی خوبصورت تلاوت سے سامعین دم بخود رہ گئے۔ اسی موقع پر حضرت حکیم الامت تھانویؒ نے تعارف حاصل کیا اور بہت اصرار سے مدرسہ امدادالعلوم تھانہ بھون میں صدر شعبہ تجوید کے لئے لے گئے۔ وہاں آپ نے ایک ڈیڑھ سال قیام فرمایا۔ حضرت تھانویؒ قرآن کو صحت تلفظ سے پڑھنے پر بہت زیادہ زور دیا کرتے تھے۔ جو شخص بھی آپ سے بیعت کے لئے آتا اس کے لئے حکم تھا کہ پہلے وہ قرآن کو بالتجوید پڑھنے کا اہتمام کرے۔ حضرت تھانوی خود حضرت قاری عبداللہ مکیؒ کے فیض یافتہ تھے بہت عمدہ اور خوبصورت قرآن شریف پڑھتے تھے۔

تجوید وقراءت کے فروغ کے لئے حضرت تھانویؒ کی خدمات بیش بہا ہیں۔ آپ ہی کی کوششوں سے دارالعلوم دیوبند اور مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور میں تجوید وقراءات کے شعبہ جات کا آغاز ہوا۔ اپنے مدرسہ امدادالعلوم تھانہ بھون میں بھی بڑے بڑے اکابر قراء کو رکھا ہے جن میں حضرت استاذ قاری عبدالمالک صاحبؒ۔ حضرت قاری عبداللہ مرادآبادیؒ اور حضرت قاری محمد یامین صاحبؒ بڑے نمایاں ہیں۔

حضرت شیخؒ سے قیام تھانہ بھون میں حضرت تھانویؒ کے نامور اکابر مریدین علماء وفضلاء نے استفادہ فرمایا۔ بعد ازاں آپ حضرت تھانویؒ کے بڑے بھائی کے ایماء پر بریلی کی مرکزی جامع مسجد میں تشریف لائے اور وہاں بھی تجوید کی تدریسی سرگرمیاں انجام دیں۔ ۱۳۳۵ کے لگ بھگ آپ اپنے ہم جماعت نواب فیاض خاں صاحبؒ کے ایماء پر آگرہ کی شاہی مسجد میں واقع مدرسہ عالیہ میں تشریف لائے۔ نواب فیاض خاں صاحبؒ نے بھی مدرسہ صولتیہ میں اسی زمانے میں حضرت قاری عبداللہ مکیؒ سے پڑھا ہے جس زمانے

میں حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ نے استفادہ فرمایا ہے۔ مدرسہ عالیہ میں آپ نے خوب جم کر تدریسی کام کیا ہے آپ کا قیام آگرہ میں تقریباً چار سال کے لگ بھگ رہا ہے مگر اس قلیل عرصہ میں ایک قابل قدر تعداد نہایت عمدہ پڑھنے والے تیار کر دیئے۔ جن میں حضرت قاری حفظ الرحمٰن صاحب پرتاب گڑھیؒ۔ حضرت قاری احتشام الحسن صاحبؒ اور حضرت قاری جلیل اشرف صاحبؒ کے نام بہت نمایاں ہیں۔

۱۳۴۴ھ میں آپ آگرہ سے مدرسہ احیاء العلوم الہ آباد میں برصغیر پاک و ہند کے نامور شیخ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی الہ آبادیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سبع عشرہ قراءت کی بطریق التیسیر' الشاطبیہ' الدرۃ' التحبیر اور طیبہ کے مطابق تکمیل فرمائی اور ۱۳۴۷ھ میں سند فراغ حاصل کی بعض حضرات نے آپ کا استفادہ قاری ضیاء الدین صاحبؒ سے تحریر کیا ہے جو بالکل غلط اور خلاف واقعہ روایت ہے اس پر میں تفصیل سے کلام برادرم قاری اظہار احمد تھانویؒ کی سوانح کے مقدمہ میں بھی کر چکا ہوں۔ حضرت استاذ کا تمام تر استفادہ (روایت حفصؒ میں) حضرت قاری عبداللہ مکیؒ سے اور قراءات سبع وعشرہ میں مکمل استفادہ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی الہ بادیؒ سے ہے۔ قاری ضیاء الدین صاحبؒ سے بالکل نہیں ہے۔ حضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ الہ آبادی نے آپ کو حضرت مولانا عین القضاۃ صاحبؒ مہتمم مدرسہ عالیہ فرقانیہ لکھنؤ کی خدمت میں روانہ کیا۔ حضرت مولانا عین القضاۃ صاحبؒ کی شخصیت سرزمین لکھنؤ پر ایک نعمت عظمیٰ تھی آپ بیک وقت ایک بہت بڑے ولی اللہ۔ مسند علم کے شاہسوار اور علوم تجوید و قراءت کے عاشق زار تھے۔ تلاوت قرآن کو بہت زیادہ پسند فرماتے تھے خوبصورت آواز میں تلاوت قرآن سننا آپ کا محبوب مشغلہ تھا۔ مدرسہ عالیہ فرقانیہ ایک بہت وسیع جامعہ تھی جس میں اسی (۸۰) کے لگ بھگ اساتذہ اور دیگر عملہ کام کرتا تھا۔ تعلیم و تدریس حفظ' تجوید' قراءت اور دیگر علوم اسلامیہ کے شعبہ میں نہایت قابل اور اپنے فن کے نامور اساتذہ مدرسہ میں خدمات انجام دیتے تھے۔

متحدہ ہندوستان کے طول وعرض سے قرآن کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے لوگ مدرسہ عالیہ فرقانیہ میں داخلہ کے لئے آتے تھے۔ داخلہ کا معیار نہایت اونچا تھا۔ بڑے بڑے نامور فارغین اور اساتذہ کی یہ خواہش ہوتی تھی کہ ان کے تلامذہ کو مدرسہ ہذا میں داخلہ مل جائے یا یہاں کے اساتذہ وشیوخ کو امتحان دینا نصیب ہوجائے۔

حضرت مولانا عین القضاۃ صاحبؒ نے علم تجوید وقرآءات کے نامور اساتذہ اور شیوخ جو کہ برصغیر متحدہ ہندوستان میں مشہور ومعروف تھے ان کی خدمات مدرسے کے لئے حاصل کر رکھی تھیں۔ ان میں حضرت قاری حبیب الرحمٰن صاحب مکی لکھنویؒ (برادر اصغر حضرت قاری عبداللہ مکیؒ وحضرت قاری عبدالرحمٰن مکیؒ) حضرت قاری ضیاء الدین صاحب صدیقیؒ۔ حضرت قاری محمد صدیق صاحب میمن سنگھیؒ۔ حضرت مولانا قاری محمد نذر صاحبؒ۔ حضرت مولانا مفتی قاری نصیر الدین نعمانی صاحبؒ۔ حضرت مولانا قاری عبدالمعبود صاحبؒ۔ حضرت مولانا قاری محمد سابق صاحبؒ بہت نمایاں ہیں۔ حضرت قاری حبیب الرحمٰن مکی۔ صدر مدرس تھے اور آپ کے انتقال کے بعد حضرت استاذ قاری عبدالمالک صاحبؒ صدر شعبہ تجوید وقرآءت مقرر ہوئے۔ دو تین سال کے عرصہ کے لئے آپ نواب ابراہیم خاں والی ٹونک کی دعوت پر مدرسہ فرقانیہ ٹونک بھی تشریف لے گئے اور وہاں تدریسی خدمات انجام دیں۔ ٹونک میں قیام کا عرصہ بھی حالانکہ بہت قلیل ہے لیکن وہاں بھی آپ نے ایک گرانقدر کھیپ نہایت عالی شان تلامذہ کی تیار کردی جن میں قاری حبیب اللہ ٹونکوی' قاری مولا بخش ٹونکوی' قاری صبغت اللہ ٹونکوی رحمہم اللہ علیہ جیسے اکابرین فن شامل ہیں۔

بہرحال حضرت مولانا عین القضاۃ صاحبؒ کے طلب فرمانے پر آپ دوبارہ مدرسہ عالیہ فرقانیہ لکھنؤ تشریف لے آئے اور بدستور اپنے سابقہ منصب پر کام کرتے رہے۔

حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ کے صدر مدرسی کے دور میں مدرسہ عالیہ فرقانیہ کا

نظام تعلیم اور معیار تعلیم اپنی مثال آپ تھا۔ تمام اساتذہ کی کارکردگی جانچنے کے لئے سالانہ اور ماہانہ جلسہ ہائے قرآءت منعقد ہوتے تھے۔ اس جلسہ میں ہر مدرس صاحب کے طلباء پڑھتے تھے اور پڑھنے کا مدار آواز' تجوید اور لہجہ وغیرہ یہ سب امور ہوا کرتے تھے آغاز جلسہ میں پہلے وہ طلباء پڑھتے جو صفات مذکور میں ادنیٰ ہوتے اس کے بعد اوسط درجہ کے طلباء جوان مذکورہ صفات کے حامل ہوتے وہ پڑھتے اور پھر کسی بھی مدرس کے مضبوط اور اعلیٰ درجہ کے تلامذہ پڑھتے اور ان کے بعد پھر ان طلباء کے استاذ صاحب تلاوت کرتے یہ جلسہ بذات خود ایک بہت سخت امتحان ہوا کرتا تھا۔ ان جلسوں میں کارکردگی ہر خاص و عام کے سامنے آجاتی تھی لہٰذا مدرسین حضرات بڑی سخت محنت کرواتے مسابقت کی ایک بہترین فضا پرورش پاتی۔ سالانہ جلسہ میں تو اس سے بھی زیادہ اہتمام ہوتا متحدہ ہندوستان کے طول وعرض سے مدرسہ کے سابق فارغین اس سالانہ جلسہ کے مواقع پر اکٹھے ہوتے۔ طلباء کی اسی ترتیب سے تلاوتیں ہوتی جو میں اوپر ذکر کر آیا ہوں اور بعد ازاں اسناد فراغت دی جاتی اور دستار بندی ہوتی۔

اس کے علاوہ ایک زبردست امتحان اور مسابقت کا موقع حضرت مجدد الف ثانیؒ کے عرس کے موقع پر سرہند شریف میں ہوتا۔ حضرت مولانا عین القضاۃ صاحبؒ کے دور سے ہی مدرسہ کا دستور تھا کہ نامور طلباء اور اساتذہ کرام مدرسہ کی طرف سے عرس میں جاتے اور وہاں بڑے اہتمام سے پھر تلاوتیں ہوتیں۔ مذکورہ عرس مروجہ رسوم و بدعات سے بالکلیہ پاک ہوتا تھا۔

حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی صاحبؒ کی حیات میں مدرسہ کے درجات تجوید کا امتحان حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی صاحبؒ لیتے تھے اور آپ کی وفات کے بعد پھر حضرت قاری عبدالخالق صاحبؒ حضرت قاری حفظ الرحمٰن صاحب صدر شعبہ دار العلوم دیوبند اور حضرت قاری بختیار خان بھوپالیؒ جیسے اکابرین لیتے رہے ہیں۔

حضرت قاری صاحبؒ کی تمام شعبہ تجوید وقرآءات کے مدرسین پر نظر ہوتی تھی۔ درجہ تجوید میں کس طالب علم کو کس مدرس کے درجہ میں داخلہ دینا ہے یہ حضرت قاری صاحبؒ کی صوابدید پر تھا۔ حضرت قاری صاحبؒ کے درجہ میں داخلہ کے خواہشمند ہزاروں طلباء ہوتے لیکن امید کچھ خوش نصیبوں کی ہی برآتی تھی۔ راقم الحروف نے مدرسہ عالیہ فرقانیہ سے ہی ناظرہ خوانی اور حفظ قرآن کیا اور بعد ازاں عربی علوم کی تکمیل کی۔ میری خوش نصیبی اور خوش بختی کہ میرا انتخاب حضرت قاری صاحبؒ کے درجہ کے لئے ہوا۔ میرے ہم سبق ساتھیوں میں حضرت قاری صاحبؒ کے صاحبزادے محترم قاری محمد شاکر انور مرحومؒ بھی شامل تھے۔

قیام پاکستان تک مدرسہ عالیہ فرقانیہ لکھنؤ کا انتظام والنصرام اسی شاندار طریقہ پر چلتا رہا قیام پاکستان کے موقع پر مالی حالات دگرگروں ہوئے مالی سرپرستی کرنے والے حضرات پاکستان ہجرت کر گئے۔ حضرت قاری صاحبؒ نے ان نامساعد حالات کے باوجود مدرسہ میں تدریسی شغل جاری رکھا مگر جب حالات بہت زیادہ دگرگوں ہوئے تو حضرت قاری صاحب لکھنؤ سے دارالعلوم ٹنڈو الہ یار حضرت مولانا احتشام الحق تھانویؒ کی فرمائش پر تشریف لے آئے۔

دارالعلوم ٹنڈوالہ یار کا آغاز بہت وسیع پیمانہ پر ہوا خیال یہ تھا کہ اسے پاکستان میں دارالعلوم دیوبند کا متبادل بنایا جائے۔ مگر منتظمین حضرات بوجوہ مدرسہ کے وسیع وعریض اخراجات اور انتظامی امور کو گرفت میں نہ رکھ پائے۔ جس کی وجہ سے انتظامی امور میں بے قاعدگیاں ہوئیں اور آخر کار بڑے بڑے عمائدین فن آہستہ آہستہ دوسرے شہروں کے مدارس میں تشریف لے گئے حضرت قاری صاحبؒ بھی دارالعلوم ٹنڈوالہ یار سے دارالعلوم اسلامیہ پرانی انارکلی لاہور تشریف لے آئے۔ حضرت کے لاہور تشریف لانے سے اہل لاہور خصوصاً اہل علم حضرات میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ دارالعلوم اسلامیہ میں حضرت سے استفادہ کے لئے ہجوم ہو گیا۔ دارالعلوم جو بالکل گمنام تھا حضرت قاری صاحبؒ کے تشریف

لانے سے یکایک گوشہ گمنامی سے نکل کر بام شہرت کو چھونے لگا۔ تجوید کے درجہ کے لئے جگہ کم پڑنے لگی دیگر درجات کو دوسری جگہ منتقل کر کے حضرت قاری صاحبؒ کے درجہ کے لئے جگہ کو وسیع کیا گیا۔

اسی دور میں راقم الحروف لکھنؤ سے ہجرت کر کے لاہور وارد ہوا۔ حضرت استاذ نے نہایت شفقت فرمائی۔ فرمانے لگے میرے پاس کام کافی ہے تم میرے پاس آ جاؤ لہٰذا راقم الحروف کو معین استاذ کے طور پر اپنی خدمت میں رکھ لیا۔ یہ راقم الحروف کے لئے ایک بہت بڑی سعادت تھی بعدازاں جب کام میں مزید وسعت و ترقی ہوئی تو قاری اظہار احمد تھانوی مرحومؒ بھی معین استاذ کے طور پر ہمارے شعبے میں آ گئے اس سے قبل قاری اظہارؒ ابتدائی عربی کے شعبہ میں کام کرتے تھے۔

حضرت قاری صاحبؒ کا طرہ امتیاز یہ تھا کہ آپ جہاں بھی تشریف لے گئے اور جس مدرسے میں بھی کام کیا خواہ قلیل عرصہ ہی کے لئے وہاں آپ کا قیام کیوں نہ رہا۔ آپ اپنے تلامذہ کی ایک قابل قدر اور خاطر خواہ تعداد ضرور بنا گئے۔ سہارنپور کا مدرسہ تجوید القرآن۔ تھانہ بھون کا مدرسہ امداد العلوم بریلی کی مرکزی جامع مسجد میں قائم مدرسہ۔ شاہی مسجد آگرہ کا مدرسہ عالیہ۔ لکھنؤ کا مدرسہ عالیہ فرقانیہ۔ ٹونک کا مدرسہ فرقانیہ۔ ٹنڈو الہ یار کا دارالعلوم۔ لاہور کا دارالعلوم اسلامیہ اور بعد ازاں زندگی کے آخری ایام میں اپنے ذاتی مدرسے دارالترتیل والقرآن لٹن روڈ۔ غرض یہ روایت آپ نے ہر جگہ برقرار رکھی۔ یہ ایک ایسا شاندار وصف تھا جس سے بڑے بڑے اساتذہ فن محروم رہے۔

قاری محمد حسن امروہوی ثم قلاتیؒ کے متعلق مولانا محمد یوسف بنوری صاحبؒ ان کے وفات پر لکھے گئے مضمون میں تحریر فرماتے ہیں کہ "افسوس حضرت قاری صاحبؒ نے اپنے بعد کوئی قابل ذکر شاگرد نہیں چھوڑا ہے (دیکھو ماہنامہ بینات کراچی شعبان ۱۳۹۵ھ) ایسے ہی حضرت قاری احمد علی خان صاحبؒ اصطفاء منزل والوں کا بہت چرچا ہے کہ لکھنؤ میں امام

تک بتایا جاتا ہے مگر تدریسی خدمات کچھ بھی نہیں نامور تلامذہ نہ معلوم۔

فنی ارتقا اور اس کی معراج یہی ہے کہ استاذ اپنے بعد ایسے نامور شاگردوں کی ایک کھیپ چھوڑ جائے جو کہ اس کے فن اور نام کو دنیا اور آخرت دونوں جہان میں آگے چلانے کا سبب ہوں۔ علامہ دانی ؒ کی تصانیف ان کی جلالت علمی کو بے شک بہت زیادہ کرتی ہیں مگر ان کی صحیح علمی میراث ان کے وہ شاگرد ہیں جن سے آگے چل کر پوری دنیا میں علوم قراءات کی ترویج ہوئی اور انہی ضیا پاشیوں سے ہم لوگوں کے دل بھی منور ہوئے۔ ایسے ہی مقام کے حاصل علامہ شاطبیؒ۔ علامہ سخاویؒ۔ علامہ جزریؒ۔ شیخ الاسلام زکریا الانصاریؒ اور علامہ متولیؒ کے نام نامی ہیں۔ اگر میں یہ کہوں کہ میرے شیخ محترم بھی اپنی مشائخ عظام کی اس خوبصورت تسبیح کا ایک موتی ہیں تو یہ غلط نہ ہوگا۔ آج آپ پاکستان کے طول وعرض میں گھوم جائیں آپ کو ہر قریہ۔ گاؤں' شہر اور ہر صوبے میں قرآن سے وابستہ جو شخص ملے گا وہ کسی نہ کسی طور پر حضرت استاذؒ کے سلسلہ فیض سے ضرور منسلک ہوگا۔ ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء۔

پاکستان میں تو آج جس قدر بھی قرآن کو خوبصورت صحیح اور با تجوید پڑھنے کا ذوق و شوق نظر آتا ہے اس میں تمام تر محنت حضرت استاذؒ کی نظر آتی ہے۔ بر سبیل تذکرہ ان باتوں کے بعد موضوع سخن دوبارہ مضمون کی طرف کرتا ہوں۔ حضرت قاری صاحبؒ نے اپنے طریقہ تدریس کے شاندار اوصاف کو دار العلوم الاسلامیہ میں بھی قائم رکھا۔ ۱۹۵۵ء میں دار العلوم اسلامیہ کا شاندار جلسہ تقسیم اسناد و دستار بندی ہوا۔ حضرت قاری صاحبؒ اور قاری سراج صاحبؒ کے ایماء پر مولانا قاری طیب صاحب ؒمہتمم دار العلوم دیوبند لاہور تشریف لائے۔ قیام پاکستان کے بعد قاری طیب صاحبؒ یہ پہلی مرتبہ لاہور آئے تھے۔ واہگہ بارڈر پر قاری طیب صاحبؒ کو لینے راقم ہی گیا تھا۔ جلسہ ہوا اور بڑے شاندار پیمانے پر ہوا۔ حضرت قاری صاحبؒ کے تین سالوں کے فارغین کو اسناد اور دستار سے نوازا گیا۔

بعد میں ہونے والے جلسوں میں تو مزید ترقی ہوئی۔ اس موقع پر ہونے والی محافل قراءات اور جلسہ میں اکابر بزرگوں کی آمد سے جلسہ کو چار چاند لگ گئے۔ ۱۹۵۶-۱۹۵۷ء اور یکم ودو نومبر ۱۹۵۸ء کو دو روزہ نہایت شاندار اور اعلیٰ پیمانہ پر جلسہ تو اپنا دور عروج تھا۔ ان تمام جلسوں میں حضرت قاری طیب صاحب ؒ مدعو ہوتے تھے۔ ان کے علاوہ دیگر عمائدین جیسے حضرت مولانا احمد علی لاہوری، مفتی محمد حسن صاحب، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر رائپوری، مولانا سید ابوالحسن علی ندوی، مولانا داؤد غزنوی رحمہم اللہ علیہم اجمعین جیسے حضرات شامل ہوتے تھے۔

۱۹۵۸ء کے اس دو روزہ جلسہ کے بعد حضرت قاری صاحب ؒ نے دارالعلوم اسلامیہ سے علیحدگی اختیار فرمالی۔ اور لٹن روڈ پر دھیان شاہ کی مسجد میں اپنا مدرسہ قائم فرمالیا۔ یہاں بھی حضرت قاری صاحب ؒ سے استفادہ کرنے والوں کا ہجوم ہوگیا۔

حضرت قاری صاحب ؒ نے اپنے مدرسہ میں تقریباً سال سوا سال پڑھایا۔ ۲۰ دسمبر ۱۹۵۹ بروز منگل کو آپ نے اس جہانِ فانی سے رحلت فرمائی۔ حضرت کا قائم کردہ یہ مدرسہ ماشاء اللہ اچھے پیمانہ پر اب بھی کام کر رہا ہے۔ یہاں اب آخر میں کچھ اعتراضات اور الزامات کا جواب دیتا چلوں۔

حال ہی میں شیخ القراء قاری محمد اسماعیل صاحب پشاوری ؒ کی سوانح طبع ہو کر منظر عام پر آئی ہے اس میں بہت سی باتیں بالکل خلاف واقعہ درج کی گئی ہیں صفحہ نمبر ۱۹۹ پر قاری عبدالقوی صاحب نے اپنے مضمون میں حضرت قاری شریف صاحب ؒ کے متعلق تحریر فرمایا ہے کہ انہوں نے شیخ قاری عبدالرحمٰن مکی صاحب ؒ سے لکھنؤ میں استفادہ کیا ہے یہ بالکل غلط ہے حضرت قاری شریف صاحب ؒ نے حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحب مکی ؒ کی زیارت بھی نہیں کی ہوئی ہے۔

حضرت قاری عبدالرحمٰن مکی ؒ کا سنہ وفات ۱۳۴۹ھ/ ۱۹۳۰ء ہے جبکہ حضرت قاری

شریف صاحبؒ نے لکھنؤ میں ۱۹۴۳ء کے قریب زمانہ میں حضرت قاری عبدالمعبود صاحبؒ سے استفادہ فرمایا ہے جو کہ حضرت قاری عبدالرحمٰن صاحبؒ کے بڑے اچھے شاگردوں میں سے تھے۔

ایسے ہی سوانح مذکور کے صفحہ نمبر ۲۲۲ پر قاری محمد ایوب کراچی والے لکھتے ہیں قاری کریم بخش صاحبؒ مدرسہ عالیہ فرقانیہ کے فارغ التحصیل تھے اور ان کے ساتھیوں میں مشہور قاری عبدالمالک صاحبؒ اور قاری محمد علی شامل ہیں۔ یہ بات بھی بالکل غلط اور خلاف واقعہ ہے۔ قاری کریم بخش صاحبؒ نے قاری محمد صدیق میمن سنگھیؒ سے تجوید وقراءات میں استفادہ فرمایا ہے اور آپ کے ساتھیوں میں قاری احمد علی خان صاحبؒ (نا کہ قاری محمد علی) بھی ہیں کیونکہ وہ بھی حضرت قاری محمد صدیق میمن سنگھیؒ کے تلامذہ میں سے ہیں۔ جبکہ حضرت قاری عبدالمالک صاحبؒ نے قاری محمد صدیق میمن سنگھیؒ سے کبھی بھی استفادہ نہیں کیا آپ نے مدرسہ عالیہ فرقانیہ میں پڑھا کبھی نہیں ہے بلکہ پڑھایا ہے اور وہ بھی صدر مدرس کے طور پر پڑھایا ہے۔ آپ کا تمام ترفنی وعلمی استفادہ شیخ العرب والعجم حضرت قاری عبداللہ مکیؒ مدرس اول مدرسہ صولتیہ مکہ معظمہ سے اور خاتمۃ القراء فی الہند القاری المقری محمد عبدالرحمٰن مکی الہ بادی مدرس اول احیاء العلوم الہ باد سے ہے۔

ایسے ہی ایک سنگین اور فاحش غلطی صفحہ ۲۳۱ پر قاری عبدالقدیم صاحب کے مضمون میں موجود ہے وہ لکھتے ہیں:

"قاری کریم بخش صاحب رحمہ اللہ کی دلچسپ باتوں میں سے یہ واقعہ بھی دلچسپی سے خالی نہیں ہے۔ قاری القراء جناب قاری عبدالمالک صاحب مرحوم و مغفور نے جب مدرسہ دارالعلوم پرانی انارکلی سے تکیہ دھیان شاہ لٹن روڈ نزد مزنگ جنازگاہ چوک منتقل کیا تو جلسہ تقسیم اسناد کے موقع پر قاری کریم بخش صاحبؒ کو سندیں دینے کے لئے بلایا تو جب جلسہ تقسیم پر تلاوت کرنے والے

طلبا تلاوت کر چکے اور قاری عبدالمالک صاحبؒ سندیں دینے لگے تو قاری کریم بخش صاحبؒ کہنے لگے' قاری صاحب! کس کو سندیں دینے لگے ہو۔ یہ طلباء تو ایسے پڑھ رہے ہیں جیسے ابتدائی بچے پڑھتے ہیں۔ انہیں سندیں دو گے؟ تو قاری عبدالمالک صاحب منہ نیچے کئے چپ رہے۔''

